نالہ مرا گو کہ جو کبھی تا فلک گیا
قدسی پکاری میل سرمہ چمک گیا

سبحان اللہ کیا حکمت حکیم مطلق سے کہ برتی کا قدردان اوسکے ساتھ ہی پیدا کیا ہی گلوں کو رنگ و عطا ہوی تھے ہمین چشم وہ باغ عنایت نہونی تو قدر کیونکر ہوتی بلبلونکو ترانی بخشی تھے ہمین گوش عطا نہ ملتی تو لطف کون اوٹھاتا نعمتون کو لذتین ملی تھین ہمین مذاق نہ ملتا تو مزا کسی آتا خاتم النبیین سا نبی بہیجا تہا ہمین توفیق طلب ہدایت نہوتی تو دولت ایمان کسی ملتی صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ الطاہرین الی یوم الدین اگر انتظام دار الریاست رامپور کی واسطی ایسے فرمانروای عادل و منصف حق نظر پاتا تو وابستگان دامن دولت کیا خلق خدا کسکی ظل عاطفت مین آرام وآسایش پاتی وہ فرمانروای رشک شاہان عالم یعنی سکندر شوکت دارا حشمت سلیمان جاہ خورشید کلاہ زیبندہ سریر حکمرانی دُرّۃ التاج جہانبانی حامی حرمین شریفین زائر روضۂ شہنشاہ دارین حافظ شرع مبین حامی دین متین مشیر قیصر ہند جناب نواب کلب علیخان صاحب بہادر فرزند دلپذیر دولت انگلشیہ رئیس دلاور اعظم طبقۂ اعلای ستارۂ ہند دام ظلہم واقبالہم حق یہ ہی کہ یہ شہریار عالیشان رشک قیصر وخاقان بہمہ صفات جلیلہ موصوف سخاوت مین حاتم عدالت مین نوشیروان شجاعت مین رستم فراست مین افلاطون وجاہت مین یوسف شریعت مین پیرو رسول خدا طریقت مین ہمپایۂ اولیا رعیت پرور مسافر نواز حق دوست حق شناس خلیق رحیم متقی پرہیزگار ساکنان ہر شہر و دیار فیض عام سی شکرگذار ارباب فضل و کمال جود وعطا سی آسودہ حال خداوند عالم عمر واقبال جناب ممدوح مین یوما فیوما ترقی کرامت فرمای اب خاکسار سراپا انکسار بندہ درگاہ لم یزلی محمد صفدر علی خلف جناب معرفت ماب جنت مآب نواب محمد سعید خان بہادر جنت آرامگاہ خلف الصدق جناب نواب غلام محمد خان صاحب بہادر ارم آشیان خلف الرشید جناب نواب محمد فیض اللہ خان صاحب بہادر عرش منزل خلف ارشد جناب نواب علی محمد خان صاحب بہادر خلد مکان والیان دار الریاست مصطفی آباد عرف رامپور خدمت ارباب سخن مین عرض پرداز ہی کہ بعد انتقال اعلی حضرت نواب جنت آرامگاہ اس عاجز بیچدان کی ہر طرح سی تعلیم وتربیت جناب برادر بزرگوار نواب محمد یوسف علیخان صاحب بہادر فردوس مکان نی فرمائی کتب فارسی کا درس مولوی شیخ احمد علی صاحب اوستاد کامل وحید عصر سی ہوا بعد فراغ تحصیل خوشنویسی مین منشی میر عوض علی صاحب خوشنویس یکتای روزگار سی ایک مدت مشق کی بعد تکمیل تحریر فنون سپاہگری کا آفاق سی حاصل کیی پھر تصویر کشی کا شوق ہوا نواب فردوس مکان نی بابو منگل سین صاحب مصور عدیم المثال کو واسطی تعلیم پر مقرر فرمایا بابو صاحب موصوف نی کل قواعد تصویر روغنی وآبی وغیرہ بخوبی تعلیم کیی البتہ اس فن کو بھی اپنی فنون حاصل کردہ مین بہت نازک اور مشکل پایا جب بعنایت الہی اس سی بھی استغنا ہوا تو فوٹوگراف یعنی

تصویر عکسی کھینچنا مسٹر لی تورنا صاحب اور مشکور الدولہ بہادر سے بہت جلد حاصل کیا پھر کچھ دنون طلسمات وغیرہ کا
چرچا رہا پھر ہندی کتب تواریخ و داستان و اخلاق و تصوف و مذاہب و لغت و طب و حساب وغیرہ کی سیر مین
مصروف رہی پھر ایک عرصے تک صحبت فقرا و علما رہی اور مین ہر طرح کی مسائل مشکلہ شریعت و طریقت و توحید
و تصوف حل ہوئی پھر ہوای سیاحی سر مین بھری سیر دیار و امصار ہندوستان بخوبی تمام کی اتفاقات روزگار سے
وسی مانی مین ایک پری پیکر غارت گر صبر و قرار سے دل لگا اب مین کیا کہون وہ کیا عالم تھا دلکو اضطراب جان کو
پیچ و تاب خاطر کو گرانی حواس مین پریشانی آنکھون کو حیرت طبیعت کو وحشت پیدا ہوئی عیش و آرام سے جی چھوٹ
گیا اُسی زمانہ مین شاعری کا خیال آیا شعر و سخن سے ابتدا ہی سے طبیعت کو لاگ تھی آخر شوق لی اوڑا کہ تلمذ کرنیکا
ذوق ہوا شاعر سحر بیان اعجاز تقریر جناب منشی امیر احمد صاحب متخلص بہ امیر شاگرد رشید تدبیر الدولہ مدبر الملک منشی
مظفر علیخان صاحب بہادر جنگ متخلص بہ اسیر آفتاب ہند کی صفائی زبان طرز کلام حسن بندش شوخی طبیعت
نہایت پسند آئی اونکو کلام دکھایا اونھون نی بکمال دلسوزی نکات شاعری تعلیم فرمائی رفتہ رفتہ ہر قسم کا کلام
مثل قصائد و غزلیات و مثنوی و واسوخت و مخمس و تضمین و سلام و رباعیات و قطعات و تاریخ وغیرہ فراہم ہو کر
کلیات تیار ہوا محمد یحیی خان وغیرہ بعض مخلصین نی کلیات چھپنی پر اصرار کیا مگر چونکہ ابھی نظر ثانی باقی ہے اور مجھکو بنگالہ
سفر کلکتہ درپیش ہے لہذا ایک مختصر سا دیوان غزلیات انتخاب کرکے سردست چھپوا دیا اب اپنی حال سے
ہمنشینون کو کچھ عجز کی نغمی انکسار کی ترانی بھی سناؤن ای سیہ بختی مضمون ہم مشرب ہر چند زمین اور تم ایک ہی خم کی
بادہ خوار ہین مگر تم زلال آشام ہو مین دردی کش تم اپنی رنگ مین مست ہو مین اپنی بیمایگی سی غش تم آفتاب
مین سہا تم شہسوار مین شش پا تم سرود مین ساز شکستہ تم نغمہ مین آواز خستہ تم نشئی کی ترنگ مین خمار کا
رنگ تم عرش پرواز مین پر شکستہ تم طوفان مین آب بستہ تم دریا مین چاہ تم سبزہ مین کاہ مین اس
بزم مین چراغ ہون لیکن مردہ اس باغ مین پھول ہون مگر پژمردہ جواہر ہون مگر بی رنگ جرس ہون
لیکن بی آہنگ دریا ہون مگر بی موج اختر ہون لیکن بی اوج طوطی ہون مگر بی زبان بلبل ہون لیکن نوحہ
خوان شیشہ ہون مگر بی بادہ دل ہون لیکن بی ارادہ حسرت ہون مگر خون گشتہ بخت ہون لیکن برگشتہ
شمع ہون مگر بے نور صہبا ہون لیکن بی سرور زمین سخن نہ میری ملک نہ جاگیر البتہ فرمانروایان
اقلیم سخن کا پیرو ہون اس تصدیعہ پردازی سے فقط اتنی غرض ہے کہ اگر زباندانان
سخن سنج کہیں خطا پائین تو میری عاجزی پر نظر کرکے عیب پوشی کو کام فرمائین

مصرع صفدر مجھی سب کہتی ہین بجا ہے — لیکن نہین معلوم کہ مین کون ہون کیا ہون

ان من الشعر لحکمة ان من البیان لسحرا

الحمد لله که این منتخب مختصر دملک چشم ارباب نظر مشتهر شد

دیوان ضعیف

[illegible]

بدار الریاسة مصطفی آباد عرف رامپور حفظه الله عن المفاسد والشرور

در تاج المطابع مثل شاهد رعنا جلوه نمود

شبیہ ہمایون حضرت مصنف



عمل لالہ میندّو لال مصور و وزیر محمد خان نقاش

[illegible]

الحمد لله والمنة که این دیوان سراپا فصاحت و بلاغت مسمّی به

انتخاب بستان نگار ۱۲۹۳

[illegible] جناب شوکت مآب محمد سعید علیخان صاحب بهادر [illegible]

بدار الریاست مصطفی آباد عرف رامپور حفظه الله عن المفاسد والشرور

در تاج المطابع [illegible] بحلیهٔ طبع [illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مبتلا پیش از ظہورِ جلوۂ جانانہ تہا	۱	شمع جب روشن نتہی محفل مین مین دیوانہ تہا
خوب دیکہا نور تیرا شمع ہر کاشانہ تہا		ایک ہی جلوہ میان کعبہ و بتخانہ تہا
تیری آگی حسن مین کیا آبرو پاتا کوئی	۲	دونون عالم تہی صدف تو گوہرِ یکدانہ تہا
کہل گئی جب آنکہ دیکہا جلوہ تیری حسن کا		کان رکہکر جو سنا جس سی ترا افسانہ تہا
شمع و گل دونون مین تیرا جلوہ آتا تہا نظر		صبح کو بلبل مرا دل شام کو پروانہ تہا

آگیا موسی کو غش مجھی کو اب تجلی گری ۴ اور وہان اک جلوہ انداز معشوقانہ تہا

اک طرف ذکر صمد تہا اک طرف کیش صنم ۳ بیچ مین ہم تھی ادہر کعبہ ادہر بتخانہ تہا

کوئی قران مین نہ سمجھا معنی قالو بلی وہ مرا روز الست اک نعرہ مستانہ تہا

غیر ذات حق جسی سمجھا اوسی پایا فنا میہمان سارا زمانہ ایک صاحبخانہ تہا

گور مین جاکر حقیقت ہمکو دنیا کی کہلی زندگی کی رات تہوڑی تہی دراز افسانہ تہا

کہل گئین آنکہین تو صفدر ہمکو یہ روشن ہوا
محفل عالم مین وہ خود شمع خود پروانہ تہا

بہت مشتاق ہون یارب مین احمد کی زیارت کا ۲ ملی بخت ہمایون سی مجہی افسر سعادت کا

ابہی کیا دیکہنا ہی جوش تم دریای رحمت کا کوئی قطرہ ٹپکنی دو مری اشک ندامت کا

کہلا بند نقاب روی احمد کیا قیامت مین گنہگارون کی مُنہ پر کہل گیا دروازہ جنت کا

لیی آتا ہون مین دل مین شبیہ قامت دلکش ۳ تہ و بالا نہو جای کہین عرصہ قیامت کا

دل پرخوف پہلو مین نہین ای شافع محشر
بغل مین ہم گنہگارون کی محضر ہی شفاعت کا

ترا جلوہ نظر آتا ہی جسے آنکہ پڑتی ہے
تماشا دیکھتا ہون عالم کثرت مین وحدت کا

ندامت کی بدولت عاصیون نی آبرو پائی
چمک کر اشک موتی بنگیا تاج شفاعت کا

سراپا جرم و عصیان ہون مگر مین چار یاری ہون
بہروسا حشر کی دن ہی مجھی یاران حضرت کا

دماغ اہل معنی تازہ ہونگی دیکھ کر صفدر
کھنچا ہی اس غزل مین عطر گلہای محبت کا

ہمنام خدا کی ہین بہ زیبا ہی علی کا ۲
بندہ جو خدا کا ہی وہ بندا ہی علی کا

موسی کیطرح مرتبہ اعلا ہی علی کا
جو نقش قدم ہی ید بیضا ہی علی کا

ہمنام خدا دست خدا شیر خدا ہین
کیا جانی کوئی مرتبہ کیسا ہی علی کا

کعبی مین ولادت ہوئی سجدہ مین شہادت ۳
آغاز بھی انجام بھی اچھا ہی علی کا

اللہ نی کی اپنی صفت اونکو عنایت
عالم مین نہ ہمسر ہے نہ ہمتا ہی علی کا

اللہ کی بھی ہے نظر لطف اوسی پر
سو جان سے جو عاشق شیدا ہے علی کا

صفدر ہے عیاں گرمی خورشید قیامت
پہ خوف ہے کیا سر پہ جو سایا ہے علی کا

پرتو ہوں ایک میں بھی رب غفور تیرا ۴
آنکھوں میں نور تیرا دل میں ظہور تیرا

کعبہ کہ بتکدہ ہو دونوں مکان ہیں تیری
یہاں بھی ظہور تیرا واں بھی ظہور تیرا

یہ بھولی بھولی صورت یہ پیاری پیاری طلعت
پائیں کہاں سے نقشہ غلمان و حور تیرا

سب جانتے ہیں عاشق تیرا چھپا نہیں ہوں
ہمراہ میرے چرچا ہوگا ضرور تیرا

آگے نہ خود نمائی اتنی مزاج میں تھی
آئینے نے بڑھایا کبر و غرور تیرا

عاشق بنا کے مجھکو دونوں جہاں سے کھویا ۲
میں خوب جانتا ہوں اے دل قصور تیرا

سمجھا ہاں ہی اسکو ہم او ترک الفت
چل بیٹھ جا کے ناصح دیکھا شعور تیرا

بدگو ہیں غیر کتنے کرتے ہیں روز شکوہ
تیری حضور میرا میری حضور تیرا

ہرچند وہ خفا ہی صفدر ہی ملزم
چل تو معاف کردی شاید تقصیر

عیان بیخودی مین تہا جلوا کسیکا	٥	خودی ہوگئی سے اپنے پردا کسیکا
اوسی حال معلوم ہوگیا کسیکا		نہ عاشق کسیکا نہ شیدا کسیکا
کیا تونی پامال کیون دل کو ظالم	٢	اری تہا یہ نازون کا پالا کسیکا
کلیجا پکڑکر ابہی بیٹھ جاتی		سنا ہی نہین تمنی نالا کسیکا
جو نرگس کو دیکہا مجہی یاد آیا		وہ شرما کی آنکہین جہکانا کسیکا
بتون کو جو دیکھون نکر منع واعظ	١	تماشا ہی انکا تماشا کسیکا
اوٹہای جو یہ ناز بیجا تمہاری		ہماری سوا حوصلہ کیا کسیکا
عبث دلکو لیتی ہو اجی جان تم		جو میرا نہین کیا یہ ہوگا کسیکا
خوشی اونکی ہی ضبط غم کررہا ہون		تڑپنا ہی میرا تماشا کسیکا

شب وصل آنا نہ تہا موت مجکو بنا کھیل تو نے بگاڑ کسیکا

سنا میرا مرنا تو بولے وصفدؔ
چلو ہوگیا قول پورا کسیکا

شوخی کی ساتہ کچہ رہی پردہ حجاب کا ۶ آغاز ہے ابھی تری حسن شباب کا
جھگڑون مین میری روز جزا ہوگیا تمام قصہ نہ طی ہوا دلِ خانہ خراب کا
اتنا غرور حسن پہ لازم نہین ہے مہمان چند روزہ ہی موسم شباب کا
کس کس طرح تڑپ کی بسر کی شب فراق پوچھو نہ حال مجھسی مری اضطراب کا
پروا کرو کی کسکو ہی لا ساقیا شراب ۱۲ جل جل کی دل مین ہوگیا عالم کباب کا
ای شہسوار حسن ذرا روک لی عنان ۲۴ لیلون مین چشم شوق سی بوسہ رکاب کا
زاہد کا دل خدا کی قسم پہر نہ رہ سکی دین اپنی ہاتہ سی جو وہ ساغر شراب کا
پی لون اگر شراب تو زاہد معاف کر ۱ یہ موسم بہار یہ عالم شباب کا

کیسا پھنسا دیا ہی بلاؤن مین عشق کی
صفدر برا ہو اس دل خانہ خراب کا

تہا شکایت کا جو اونسی حوصلہ جاتا رہا / سامنا جب ہو گیا سارا گلہ جاتا رہا

فصل گل مین بیڑیان کاٹین عبث جلادنی / تہا جو سرکار جنون سی سلسلہ جاتا رہا

وای قسمت بیخودی مین کہو گئی تصویر یار / دل کی بہلانی کا یہ بہی مشغلہ جاتا رہا

اسقدر صدمی سہی ہمنی تو نکی عشق مین / دل لگانی کا کسے سے حوصلہ جاتا رہا

جام ٹوٹی اتنی دور چرخ مینا رنگ سی / محتسب کا شکوہ قاضی کا گلہ جاتا رہا

تہین وہ ساری وحشتین جوش جنون کمان کہان گئی / سر سی وہ سودا وہ دل سی ولولہ جاتا رہا

ساتہ یارو نکا چہوڑا یا تو نے ای واماندگی / خاک اڑاتی رہ گئی ہم قافلہ جاتا رہا

دوستون کی ہاتہ سی صدمی اوٹہاتی ہی / ۴ / دل سی اپنی دشمنون کا بہی گلہ جاتا رہا

عہد پیری مین کہان صفدر جوانی کی ترنگ

وہ بہار حسن ہوئی وہ ولولہ جاتا رہا

8 وصف دلفگاری تو ہم سنتی ہین حسن حور کا — کون جانی جھوٹ ہی یا سچ ہی شہرہ دور کا

دیکھکر تیری سراپا کو ہی سبکا قیل قال — آدمی کا قد پری کا ناز چہرہ حور کا

پردہ اولٹا رخ سی اوسنی دیکھیی ہوتا ہی کیا — سامنا ہی شکل موسی آج برق طور کا

نالہ و زاری و بیتابی و فریاد و فغان — رات دن ہی شغل ای بت تیری رنجور کا

ہر فرشتی کی زبان پر الامان کی ہی پکار — میری نالی نی کیا شاید ارادہ دور کا

۴ نالہ کرتا قبر سی اوٹھا جو تیرا نالہ کش — پھونکنا محشر مین اسرافیل بھولا صور کا

۲ ہو سکا ہرگز نہ درد عشق کا جسدم علاج — رنگ گئی منہ دیکھکر جیسی تری رنجور کا

گوشہ گیر ہو کر و پوچھتی ہو حال مجھ پر زور کا — دور سی آیا ہون رکھتا ہون ارادہ دور کا

سر فروشوں کا کبھی صفدر نہیں مٹتا ہی نام

ذکر اب تک ہی زبان دار پر منصور کا

جو وہ آئی بزم مین رات کو تو عجیب بزم کا حال تھا

کوئی مست تھا کوئی غنچہ کہین وجد تھا کہین حال تھا

جو فروغِ حسن نظر پڑا مین ازل سی اوسپہ فدا ہوا ۲

مری مرغِ دل کا تھا آشیان سرِ طور پر جو نہال تھا

سو غنچہ کا بیکو دیکھتا کہ مین اوس دہن کا تھا مبتلا

رگِ گل سے مجکو غرض تھی کیا کہ کسی کمر کا خیال تھا

رہی جب تلک کہ زمانی مین ہوسِ وصالِ بتان ہی

نہ ہوائی حشمت وجاہ تھی نہ خیالِ دولت ومال تھا

وہ عجب مزی کا زمانہ تھا کہ جنون سی طبع تھی آشنا

نہ کسیکی تھی مجھی کچھ خبر نہ کسیکو میرا خیال تھا

یہ خزان نی آگی غضب کیا کہ فسردہ پھولون کو کردیا

کوئی سبز تہا کوئی زرد تہا کوئی نیلگون کوئی لال تہا

یہی چند روز جہان مین ہم چلی نامراد سوی عدم

یہی زندگی سی حصول تہا یہی اس جہان کا مآل تہا

کبہی عیش وصل تہا اور ہم نہین اب نصیب سوائی غم

یہی سوچ دل مین ہی دمبدم کہ وہ خواب تہا کہ خیال تہا

کرون صفدر اور تلاش کیا نہین مجکو حرص جہان ہوا

جو خدا نی مجکو عطا کیا یہ مری موافق حال تہا

۱۰ تصور روز و شب خاطر مین ہی گیسوی جانان کا
دل صد چاک شانہ بنگیا زلف پریشان کا

تمہاری سرخی لب نے اوڑایا رنگ ہنس ہنسکر
حنا کا لعل کا یاقوت کا خون شہیدان کا

ہوا سب ہو گئی عاشق جو سبزہ چہرہ پر آیا
سبق مرغ چمن بہولی ورق اوٹا گلستان کا

لکہون برگ حنا پر نامہ کلک شاخ مرجان سے
اگر اس حیلی سے شاید آشنا ہو دست جانان کا

تصور آگیا قاتل کا جب شوقِ شہادت مین
رنگین گردن کی دم بھرنی لگین شمشیر ابرو کا

بڑی قسمت ہی عالم مین قتیلِ دستِ رنگین کی
دعای مغفرت کرتا ہی اتبک پنجہ مرجان کا

مری جانب سی ای پیکِ صبا صیاد سی کہنا
کفن بلبل کو دینا چاہیی گلچین کی دامان کا

اڑی پرزی گریبان کی تو ہنس ہنسکر جنون بولا
وہ شیرازہ کھلا مجموعہ حالِ پریشان کا

نہ فرصت وصل کی دی رات بھر اوس شوخ نی صفدر
کیا حیلہ سحر تک پان کا مسی کا افشان کا

۱۱

ہوا ہی عشق جب سی ابرو و مژگان دلبر کا
گلا مشتاق ہی آبِ دمِ شمشیر و خنجر کا

مرا سر کٹ گیا تو کٹ گیا کچھ غم نہین قاتل
بہت اچھا ہوا اوترا تقاضا تیری خنجر کا

مری زنجیر نی زندان مین ایسا غل مچایا ہی
کہ برپا رات دن رہتا ہی اک ہنگامہ محشر کا

مزہ ہی حق پرستی کا ہمین تو بت پرستی مین
صدا ناقوس کی نعرہ ہی یہان اللہ اکبر کا

زہی طالع ہوئی معراج کیسی خواب مین ہمکو
جنان کو دیکھ آئی ٹہیک نقشہ ہی تری گھر کا

وہ بسمل ہون کہ وقت ذبح خون گرم سی میری
پڑین تلوار مین چھالی تو منہ آجائی خنجر کا

نگاہ واپسین سی پھیلون حسرت نہ رہ جائی
نہ گھبراؤ ٹھہر جاؤ فقط دم ہی میں دم بھر کا

اندھیر کیون نہ چھائی کیون تہ و بالا ہو عالم
ورق پہنچا ہی محشر مین میری عصیان کی دفتر کا

بلا گردانی اگر ہون خانۂ دل کا تو زیبا ہی
اسی گھر سی تپا ملتا ہی صد پارگی گھر کا

١٤

نہ گلچین ہی شفیق اپنا نہ مونس باغبان اپنا
یہ دونون ہو گئی دشمن ٹھکانا ہی کہان اپنا

بیان کیا تصور سی بھی ہی قصہ نہان اپنا
زبان کا ذکر کیا دل بھی نہین ہی رازدان اپنا

ہمین کیا کام تھا اس گلشن ویران مین آ کیسی
چھڑایا آب و دانہ نی قدیمی آشیان اپنا

وہ گھبراتی ہین تنہائی سی ہم غمسی تڑپتی ہین
عجب عالم ہی فرقت مین وہان اودھر یہان اپنا

تلاش اک رشک یوسف کی رہی اکثر [illegible]
پھرا منزل بمنزل کاروان در کاروان اپنا

شب فرقت ہوئی آخر عدم کو ہم بھی چلتی ہین
کہو شمع سحر آگی بڑہی لیکر نشان اپنا

ریاض دہر مین ہی ختم مجہہ پہ خانہ بردوشی | کہ اپنی مشت پر کو جانتا ہون آشیان اپنا
پس آئینہ ہم طوطی ہین جو سنتی ہین کہتی ہین | زبان اونکی زبان سے اپنے دہن اونکا دہان اپنا

شکر ریزی نہایت ہی سخن مین اپنی ای صفدر
بجا ہی گر لقب ہو طوطی شیرین زبان اپنا

۱۴
رسوا اگر جہان مین ہوا پہر کسیکو کیا | اچھا سہی مین سب سی برا پہر کسیکو کیا
زلفونکو اونکی سینی چہوا پہر کسیکو کیا | خود ہو گیا اسیر بلا پہر کسیکو کیا
احباب منع کرتی ہین کیون مجکو عشق سی | رسوا ہوا خراب ہوا پہر کسیکو کیا
سمجہن کیا بتون کو تو ناصح ہی کیون خفا | مجرم ہوا مین پیش خدا پہر کسیکو کیا
اوس بیوفا کو کچہ تو سمجہکر دیا ہی دل | اچہا کیا کہ ہمنے برا پہر کسیکو کیا
اپنی خوشی سے ہمتو چلی راہ عشق مین | دل خاک مین ملا تو ملا پہر کسیکو کیا
ہندو سی کچہ غرض نہ مسلمان سی کچہ غرض | سب سی جدا ہی دین مرا پہر کسیکو کیا

کرتا ہون وصفِ حسن تو کہتی ہین سب بُرا
جو بن ہی ہمیشہ نامِ خدا پھر کسیکو کیا

جو ہی جہان مین اوسکی ہین اعمال اوسکی سات
صفدر بُرا ہے خواہ بھلا پھر کسیکو کیا

۱۴

خوشا وہ روز کہ دل عشق مین خراب تھا
یہ درد و غم یہ مصیبت یہ اضطراب تھا

قیامت آئی تو فتنون کا کچہ حساب تھا
تمہاری چال کا لیکن کوئی جواب تھا

مین کیا کہون جو مزہ اوسکی گالیون نے دیا
کرم تھا لطف تھا احسان تھا عتاب تھا

عجب دماغ مین تھی عجب مزاج نگار
وہ دن بہار کی تھی عالمِ شباب تھا

چھپا یا آپ نی چہرہ نقاب مین ناحق
فروغِ عارضِ پر نور کیا حجاب تھا

مین بسکی مفت مین منت پذیر کیون ہوتا
جنابِ خضر کچہ آبِ بقا شراب تھا

خوشا وہ دن کہ حیا سی بہی تہی حیا تجکو
حجاب سی بہی ترا حسن بی حجاب تھا

گمی گئی جو قیامت کی دن گناہ مری
فقط یہ حشر کی باتین تہین کچہ حساب تھا

ہم اونہی صور کی آواز سنکی کیون صفدر
یہ تہلکہ تو سنا اور اضطراب نہ تھا

۱۵

ستم کا نام مٹا ظلم کا نشان نرہا — ہماری بعد اونہین لطف امتحان نرہا
خزان کی آتی ہی وہ رنگ بوستان نرہا — وہ ہمصفیر وہ گلشن وہ آشیان نرہا
چمن مین دشت مین زندان مین کوچہ جانان مین — شریک حال مرا غم کہان کہان نرہا
وہی ہین جوش وہی ولولی جوانی کی — دل آجتک ہی جوان گو کہ مین جوان نرہا
فسانہ لیلی و مجنون کا رہگیا باقی — وہ دشت نجد وہ ناقہ وہ ساربان نرہا
یہ سختیان اوٹھائی فراق مین صدمی — فسانہ شب غم قابل بیان نرہا
لیا جو ایک دل اوسنی تو دودی بوسی — ہزار شکر یہ سودا بہت گران نرہا
یہ ہمنی سنگ در یار سی جبین رگڑی — کہ نام کو خط تقدیر کا نشان نرہا

بتون کی ہجر کی دیکھ کہ ہمین صفدر

ذرا بھی حوصلۂ نالہ و فغان نہ رہا

جب غنچی حجاب اوس گل رعنا نی اوٹھایا ۱۶
کیا لطف تماشا دل شیدا نی اوٹھایا

گلشن مین تری نرگس مخمور کی آگی
خجلت سی نہ سر نرگس شہلا نی اوٹھایا

اوٹھا نہ فرشتون نی بھی جو بار محبت
وہ بوجھ تری عاشق شیدا نی اوٹھایا

دل تہا یہ ہمارا کہ جلی عشق مین سوبن
کیا داغ تہ جولانۂ صحرا نی اوٹھایا

بچتا نظر آتا نہین بیمار محبت
مجبور ہوی ہاتھ مسیحا نی اوٹھایا

دم بھر بھی ٹھہرنی ندیا بادِ فنا نی
سر لا کہ حبابِ لب دریا نی اوٹھایا

کب بادیہ گردی سے ہی بہتر کوئی نعمت
کانٹون کا مزہ آبلۂ پا نی اوٹھایا

جب سیبِ زنخدان کا دیا یار نی بوسہ
کیا ذائقہ اپنی دلِ شیدا نی اوٹھایا

شاعر تہا مین ایسا کہ پس مرگ بھی صفدر
تابوت مرا میر نی سودا نی اوٹھایا

۱۷

رونق فزای باغ جو وه گلبدن ہوا — بلبل تو کیا نہال چمن کا چمن ہوا

کسکی شمیم زلف سنگھادی نسیم نی — معز بسر اپنا نافۂ مشک ختن ہوا

کوچی مین اوسکی خون شہیدان ناز کا — جس سنگ پر گرا وه عقیق یمن ہوا

رہتا ہی دل جو شانی کی مانند چاک چاک — شاید اسیر زلف شکن در شکن ہوا

پہر فصل گل مین دست درازی جنون نی کی — پہر گل کی طرح چاک مرا پیرہن ہوا

چوکی تم انجمن سی اوٹہانا نتہا ابہی — بدنام کیسے کون سر انجمن ہوا

شب بہر شب وصال رہی منہ مین وه زبان — میرا دہن سنبہی یار کا گویا دہن ہوا

لکہا صباحت رخ محبوب کا جو وصف — خامہ ہمارا شاخ گل یاسمن ہوا

صفدر کی دل سے اسکو نکلنا نتہا کبہی
ناره حبث نکل کے غریب الوطن ہوا

۱۸

کبہی چہره وہ مہی چہپا لیا کبہی پرده اوسنی اوٹہا دیا

کبھی دن کو رات بنا دیا کبھی شب کو روز دکھا دیا

کبھی بیٹھے یوں ہی جنون میں ہم ہوے خوفناک نہ طور سے

سر انکسار جھکا دیا قدم ثبات بڑھا دیا

نہ نصیب ہی نہ قرار ہی شب و روز نالہ زار ہے

دل بیقرار کو عشق نے یہ کہاں کا روگ لگا دیا

کہیں کیا جنون میں جو حال ہے کسی پیرہن کا خیال ہے

جو کسی نے لاکے پنہا دیا وہین پرزے پرزے اوڑا دیا +

بعث کو آپ کو یہ خیال ہی کہ نظیر اب تو محال ہی

کہیں اور بھی یہ جمال ہی تمہیں آئینہ تو دکھا دیا

تری کوچے مین جو گذار تھا فقط ایک دم کا قرار تھا

پرکاہ یہ تن زار تھا کہ ہوا نے آگے اوڑا دیا

جو دیا خدا نی کسیکو دی جو گدا ہین اونکی دعائین سے

تری کام آئی گا ای سخن یہی ایک روز لیا دیا

کبھی غیر رنج خوشی کہان کہ فلک ہوا ہی عدو جان

کبھی بھول کر جو ہنسا دیا تو ہنسی کے ساتہ رولا دیا

ہوی صفدر انپر وہ مہربان کہ سنی جو شعر کہا کہ ہان

یہ زبان ہے سحر فسون بیان تری شاعری نی مزا دیا

١٩

کسی سی کہہ نہین سکتی معاملہ دل کا
اکیلی بیٹھی کیا کرتے ہین گلہ دل کا

گلی لگاتی ہین اسکو نہ قتل کرتی ہین
کسی طرح نہین ہوتا ہی فیصلہ دل کا

خدا کری وہ دم نزع دیکھنے آجائین
کہ مرتی مرتی نکلجای حوصلہ دل کا

کمال مجہپہ پریشانیون کا احسان ہے
ملا دیا تری گیسو سے سلسلہ دل کا

یہ کیا ادا ہی لگاتی ہو تیغ رک رک کر
بڑہاتی جاتی ہو تم آپ ہی گلہ دل کا

وہ زلف لینی کو آئی ہی ہوش و صبر تو ہوا
بجای اشک جو آنکھون سی خون آتا ہے
کوئی حسین نظر آتا ہم او سپہ لوٹ گئی

اندھیری رات مین لٹتا ہی قافلہ دل کا
کوئی تو پھوٹ گیا آج آبلہ دل کا
یہان تو جان کا کھونا ہی مشغلہ دل کا

طوق نہ پاؤن مین بیڑیان صفدر
اہ ولولہ دل کا

برادونون کو ارمان رہگیا
ت رہگئی قاتل کو ارمان رہگیا
سر پر خون میری سر پر احسان رہگیا
چار دن کوئی نہ کوئی آ مین مہمان رہگیا
پر تڑپنی لوٹنی کا دل مین ارمان رہگیا
ذکر جم باقی رہا نام سلیمان رہگیا

اور تو سب مر جن ظلین تہ شمشیر ناز
آدمی رہتا نہین دنیا مین رہتا ہی نشان

جو دیا خدا نی کسیکو دی جو گدا ہین اونکی دعائین سلے

تری کام آئیگا ای غنے یہی ایک روز لیا دیا

نہی غیر رنج خوشی کہان کہ فلک ہوا ہی عدو جان

کبھی بھول کر جو ہنسا دیا تو ہنسی کے ساتھ رولا دیا

ہوی صفدر اتنو وہ مہربان کہ سنی جو شعر کہا کہ ہان

یہ زبان ہے سحر فسون بیان تری شاعری نی مزا دیا

۱۹

کسی سی کہ نہین سکتی معاملہ دل کا — اکیلی بیٹھی کیا کرتے ہین گلہ دل کا

گلی لگاتی ہین اسکو نہ قتل کرتی ہین — کسی طرح نہین ہوتا ہی فیصلہ دل کا

خدا کری وہ دم نزع دیکھنے آجائین — کہ مرتی مرتی نکلجای حوصلہ دل کا

کمال مجھپہ پریشانیون کا احسان ہے — ملا دیا تری گیسو سے سلسلہ دل کا

یہ کیا ادا ہی لگاتی ہو تیغ رک رک کر — بڑہاتی جاتی ہو تم آپ ہی گلہ دل کا

وہ زلف لینی کو آئی ہی ہوش و صبر قرار — اندھیری رات مین لٹتا ہی قافلہ دل کا

بجای اشک جو آنکھون سی خون آتا ہی — کوئی تو پھوٹ گیا آج آبلہ دل کا

کوئی حسین نظر آیا ہم اوسپہ لوٹ گئی — یہان تو جان کا کھونا ہی مشغلہ دل کا

گلی مین طوق نہ پاؤن مین بیڑیان صفدر
گیا بہار کی ہمراہ ولولہ دل کا

۲۰

وصل کا آج اوس پری سی ہو کی سامان رہگیا — شرم تیرا ہو برا دونون کو ارمان رہگیا

اوٹھتی اوٹھتی ناز کی سی دست جانان رہگیا — مجکو حسرت رہگئی قاتل کو ارمان رہگیا

ایک میری قتل نی دو بوجھ رکھی دو طرف — تیری سر پر خون میری سر پر احسان رہگیا

درد و غم رنج و الم سی کب رہا خالی یہ دل — چار دن کوئی نہ کوئی آمین مہمان رہگیا

اور تو سب حسرتین نکلین تہ شمشیر ناز — پر تڑپنی لوٹنی کا دل مین ارمان رہگیا

آدمی رہتا نہین دنیا مین رہتا ہی نشان — ذکر جم باقی رہا نام سلیمان رہگیا

ہم رہی صفدر قفس میں ہو چکی فصل بہار
حسرت گل رہ گئی شوق گلستان رہ گیا

وہ جوبن پر جو آئیں لطف اوٹھی زندگانی کا	۲۱	ابھی گھونگھٹ میں چہرہ ہی عروس نوجوانی کا
دکھادی دورای ساقی شراب ارغوانی کا		کہ وقفہ چند روزہ ہی بہار زندگانی کا
ہلال و بدر دونوں میں تری تصویر کی خاکی		وہ صورت ہی لڑکپن کی یہ نقشہ ہی جوانی کا
بہار آئی ہی گل پہولی میں سبزہ لہلہاتا ہے		پلا ساقی کوئی ساغر شراب ارغوانی کا
کہا داغ جدائی عاشقون کی الکہ کا ٹیکا ہے		دم رخصت جو میں طالب ہوا اونسی نشانی کا
کرون میں ترک میخواری ذرا واعظ خدا سی ڈر		یہ فصل گل یہ جوش عشق یہ عالم جوانی کا

نہ جا سکتا ہوں میں صفدر نہ آسکتا ہی وہ یہانتک
نزاکت کا ہی اوسکو عذر مجکو ناتوانی کا

وہ گیسو جو مجکو دکہاتا رہیگا	۲۲	بڑے پیچ یہ دل اوٹہاتا رہیگا

جو ہنسکر وہ قاتل رلاتا رہیگا
مرا زخم رو کر ہنساتا رہیگا

مصاحب بناؤ تو تم میری دلکو
زمانی کی قصے سناتا رہیگا

عدم کو چلین دیر ہوتی ہی ہمکو
جسی ہوگا آنا وہ آتا رہیگا

ملاہی جو بیتاب دل مجکو ہوش ہون
لحد مین یہہ دم جگاتا رہیگا

اگر ہنسکی بولیگا تو مجہ گدا سے
ترا بول بالا بھی داتا رہیگا

اگر رہگیا بزم جانان مین چپ ہی
بُری رنگ صفدر جماتا رہیگا

۲۳

ان آنکھون نی دنیا مین کیا کیا دیکھا
کسی مین مگر اوسکا جلوا ندیکھا

نہ پرواہی اوسکی نہ غافل ہین اوس سی
جو دیکھا تو دیکھا ندیکھا ندیکھا

تڑپتی رہے در پہ بسمل تمہاری
کبھی تمنے آکر تماشا ندیکھا

دم سیر کس راستی سی وہ گذری
جہان فتنۂ حشر برپا ندیکھا

ہوئی ایسی یا۔ون کو دنیا سی نفرت — کسی نی پھر اگر دو بارا نہ دیکھا

بہت تیز قدمون کو ہمنے پکارا — کسی نی بھی پھر کر نہ دیکھا نہ دیکھا

وہ بی مثل ہے سب حسینون مین صفدر

بہت دیکھی محبوب ایسا نہ دیکھا

٢٤

عدم مین ساتھ نہ ہستی سی جسم زار آیا — لباس عاریتی مین وہین اوتار آیا

حرم مین دیر مین مسجد مین میکدی مین صنم — کہان کہان نہ تجھی جاکی مین پکار آیا

ہماری دل کی تڑپ بعد مرگ بھی نہ گئی — زمین مین گڑکی نہ کمبخت کو قرار آیا

برنگ آئینہ دیکھی کبھی نہ شکل ملال — مین اور صاف ہوا دل مین جب غبار آیا

ہوا سی آئی ہی وہ زلف روئی رنگین پر — چمن مین جھوم کے یا ابر نوبہار آیا

پس فنا یہ اثر جذب دل نی دکھلایا — جگر کو تھامی لحد پر وہ بیقرار آیا

چھپاؤن راز محبت مین کس طرح صفدر

کر جاکی نالہ مرا عرش تک پکار آیا

کیا حال ہو گیا ہی دل بیقرار کا	۲۰	آزار ہو کسیکو الٰہی نہ پیار کا
مشہور ہی جو روز قیامت جہان مین		پہلا پہر ہی میری شب انتظار کا
پتی خزان مین جھڑتی ہین جو ہر نہال کی		زیور اوترا رہا ہی عروس بہار کا
دشمن سے دل مرا نہ مکدر ہوا کبھی		اس آینی نی منہ نہین دیکھا غبار کا
امسال دیکھنا مری وحشت کی ولولی		آیا ہے دھوم دھام سی موسم بہار کا
راہ اونکی تکتی تکتی یہ مدت گذر گئی		آنکھونکو حوصلہ نہ رہا انتظار کا

گستاخیون سی یار کو آزردہ کر دیا

صفدر برا ہو میری دل بیقرار کا

تری غم مین بدلا یہ نقشا ہمارا	۲۶	کہ کوئی نہین اب شناسا ہمارا
تہ تیغ دو کچھ تڑپنے کی مہلت		اگر دیکھنا ہو تماشا ہمارا

بھلا دیکھین کس طرح رہتی ہی رنجش
ذرا سا منا تو ہوا اوبکا ہمارا

بڑی بات یہ ہی کہ قاصد کسی نی
لکھا ہی ہمین خط این شیدا ہمارا

گوارا نہین ہے جنہین بات کرنا
سنین گی وہ کاہیکو قصا ہمارا

گئی گہر کو سب دفن کرکی لحد مین
دیا ساتہ یارون نی اچہا ہمارا

رہی یون ہی الفت جو زلفِ سیہ کی
نہ جای گا صفدر یہ سودا ہمارا

٢٧

اٹھنگ پرآکی محو زینت کبہی جو وہ گلعذار ہوگا
لپسین گی منہدی یہ دل گلون کی چمن مین خون بہار ہوگا

دم فنا بہی یہی جو دلکو تصور زلفِ یار ہوگا
ہواسی پہر کو بکو پریشان یقین ہی میرا غبار ہوگا

نہ مال و دولت نہ جاہ و حشمت نہ دو لیل و نہار ہوگا

فقط ہی یہ چار دن کی ہستی پھر اور کنج مزار ہوگا

فراق گذرا وصال آیا کہو کہ اب حسرتین ہین رخصت

کہ ایک پہلو مین ہوگا ساقی تو ایک پہلو مین یار ہوگا

نہ کہینچو تلوار کیا ہی حاجت ہمارا دل ہی شہید ہوگا

یہ آپ ہو جای گا تصدق یہ آپ تمپر نثار ہوگا

چھپا پھر اگر کبھی جو پالی تو اس سی کیا فائدہ ہی قاضی

نہ میکدی مین جگہ ملیگی نہ میکشون مین شمار ہوگا

یہی ہین چالین اگر تمہاری تو دیکھنا مرٹین گی ہم بھی

جہان پڑیگا قدم تمہارا وہین ہمارا مزار ہوگا

بھلا ہوا یہ کہ مٹ گیا مین برنگِ نقشِ قدم جہان سی

نہ اب اوٹھی گا مرا جنازہ نہ دوشِ یاران پہ بار ہوگا

یہ رات بھر کی ہین ساری جلسے جا بہوے صبح پھر تو صفدر
نہ شیشہ ہوگا نہ جام ہوگا نہ شمع ہوگی نہ یار ہوگا

۲۸
تو اے دل عبث مبتلا ہی کسیکا
سمجھ تو کوئی بھی ہوا ہے کسیکا

ذرا بزم سے اوٹھہ کی خلوت مین سنلو
خدا جانی کیا مدعا ہی کسیکا

پہونچ جلد جام و سبو لیکی ساقی
گھٹا آئی ہے دل بڑہا ہی کسیکا

دیا دل تو ہمنے کیا اپنا نقصان
اجارہ کہو اس مین کیا ہی کسیکا

غنیمت ہی جو دم ہی ٹھہرو نہ جاؤ
کہ دو روز مین فیصلا ہی کسیکا

فقط چار دن کی ہے یہ جاہ و حشمت
زمانہ کہان آشنا ہی کسیکا

وہ مسی لبون پر جماتی ہین صفدر
مگر آج نقشہ جما ہی کسیکا

۲۹
وہ مزہ ملا تڑپ مین اگر اختیار ہوتا
تو تمام عمر دل کو نہ کبھی قرار ہوتا

مجھی ہین اسیلی ہی کہ یہ بت ہین سخت بیدن
جو خدا سی بھی یہ ملتی ہین امیدوار ہوتا

تری وصل مین تو جیتا تری ہجر مین جیتا
مجھی مرگ و زندگی مین اگر اختیار ہوتا

جو ہین اس بغل مین حورین تو ہین اوس بغل مین غلمان
تری در پہ گر نہ گرتی یہ کہان وقار ہوتا

تمھین دیکھتی زلیخا تو عزیز مصر کیسا
نہ وہ ذوق شوق ہوتا نہ وہ چاہ و پیار ہوتا

شب ہجر کو گھٹاتا شب وصل کو بڑھاتا
جو فلک کی گردشون مین مجھی اختیار ہوتا

جو مٹا تھا دل تو دیتا وہ جگر کو داغ صفدر
کہ مسافر عدم کا یہی یادگار ہوتا

٣٠

فراق یار مین جھیلین مصیبتین کیا کیا
گذر گئین مری سر پر قیامتین کیا کیا

لب اونکی لب پہ ہا سینہ اونکی سینی پر
اوٹھائین ہمنی شب وصل لذتین کیا کیا

قفس سی چھوٹ کی جاون کہین گلستان کو
کہ باغبان سی ہین کہنی حکایتین کیا کیا

حضور یار کوئی بات ہمسی ہو نہ سکی
اگرچہ دل مین بھری تہین شکایتین کیا کیا

اوجھلتی ڈوبتی سنتے تمام عمر کٹی — محیط عشق مین کھینچین مشقتین کیا کیا
لحد پہ فاتحہ خوانی کو بھی نہ آئی کبھی — جو لوگ رکھتی تھی ہمسی محبتین کیا کیا

جو دیکھی گور مین تنہائی مکان صفدر
تو یاد آگئین یارونکی صحبتین کیا کیا

۳۱

ہم ہونگی نہ حسن رخ جانانہ رہیگا — عالم مین مگر عشق کا افسانہ رہیگا
شب بھر فقط آرایش محفل ہی سحر کو — یہ شمع رہیگی نہ یہ پروانہ رہیگا
مسجد کی طرف جاتی ہین تو جائین نمازی — بنت تو مقیم در میخانہ رہیگا
بستی مین اگر کوئی پریرو نظر آیا — قابو مین نہ اپنا دل دیوانہ رہیگا
جبتک کہ نہ ہاتھ آئیگی وہ زلف مسلسل — صدچاک دل اپنا صفت شانہ رہیگا
سر خنجر قاتل سی جو کٹ جائیگی تو کٹ جائی — شہرہ ترا ای ہمت مردانہ رہیگا

دو روز فقط دوری عیش ہی صفدر

یہ شیشہ رہی گا نہ یہ پیمانہ رہی گا

۳۲ پس فنا ہمین گر دون ستای گا پھر کیا — مٹی ہو وینگو یہ ظالم مٹای گا پھر کیا

ضعیف نالہ دل دکھا ہلا نہین سکتا — یہ جا کی عرش کا پایہ ہلای گا پھر کیا

شریک جو نہوا ایک دم کہ پہلو مین — وہ پہول آ کی لحد پر چڑہای گا پھر کیا

خدا کو مانو نہ بسمل کو اپنی ذبح کرو — تڑپ کی سیر یہ تمکو دکہای گا پھر کیا

کہا سنا جو یہ لوگون سی بخشوا کی چلا — گلی سی یار کی قاصد نہ آئی گا پھر کیا

کہو مصور تقدیر سی کہ خیر تو ہی — بگاڑ کر مرا چہرہ بنای گا پھر کیا

ہلال بدر بہی ہوتا ہی ایک شب صفدر

گہٹا کی مجہکو نہ گردون بڑہای گا پھر کیا

۳۲ مین جب تک مقیم دریار تہا — یہ بام فلک زیر دیوار تہا

کسی سے نہ جبتک سروکار تہا — بڑی چین مین یہ دل زار تہا

جوانو نہ حیرت سی دیکھو مجھے / بہی مین بہی آئینہ رخسار تھا

وہ کاندہا جنازی کو دین گیا عجب / کہ مین بہی کبھی ناز بردار تھا

گرہ کھلتی ہی زلف پر پیچ کی / جو آزاد تھا وہ گرفتار تھا

گیا اوسکی رحمت می عصیان سی پاک / گنہگار تھا مین گنہگار تھا

کبھی ہمنی صفدر کی دیکھی تہی شکل / جوان سیکڑون مین نمودار تھا

۴۴

خال عارض کسی پیارا نہوا / کسکی آنکھون کا وہ تارا نہوا

ہو گیا دل بہی اونہین کی جانب / یہ بہی کمبخت ہمارا نہوا

وصل کا ذکر تو کیا قاتل کو / قتل کرنا بہی گوارا نہوا

یار آیا نہ اجل فرقت مین / ایک مطلب بہی ہمارا نہوا

ہای وہ خال رخ ماہ جبین / میری قسمت کا ستارا نہوا

غیر کا دل نہ دکھایا ہمنے ہیچ دشمن بھی گوارا نہوا

ہو رہے تم تو اوسیکی صفدر
وہ نہونا تھا تمہارا نہوا

یا بھول گیا وہ بتِ خود کام ہمارا ۲۵ یا شرم سی لیتا نہیں اب نام ہمارا
ہم نے بھی نہ ڈالی تھی کسی ایسی کی آنکھیں کچھ کر نسکی گردشِ ایام ہمارا
جی بھر کی نہ دیکھین کبھی آنکھین تری ساقی اس می سی نہ لبریز ہوا جام ہمارا
قاتل جو کہا مینی تو شرما کی وہ بولی لِلّٰہ نہ بدنام کرو نام ہمارا
ہم بوسی لیی جائینگی تم وارنگاہو یہ کام تمہارا ہی تو وہ کام ہمارا
اب چین نہیں سینی مین دلکو کسی پہلو دزدیدہ نگہ لیگئی آرام ہمارا

نواب بہادر وہ ہمین کہتی ہین صفدر
پورا نہین لیتی ہین کبھی نام ہمارا

ہوئی دام و قفس میں اسیر جو ہم تو ذرا ہمیں لطفِ چمن نہ رہا

کریں کس سے بیان کشاکشِ غم کہ سفر میں خیالِ وطن نہ رہا

ترا چہرہ ہے گل ترا غنچہ دہن ترا سینہ سمن ترا سیب ذقن

تری شکل پہ جب سے پڑی ہے نظر ہمیں ذوقِ بہارِ چمن نہ رہا

نہ وہ دانت گہر نہ عقیق وہ لب نہ وہ آئینہ رخ نہ وہ مشکِ ختن

وہ عدن نہ رہا وہ یمن نہ رہا وہ حلب نہ رہا وہ ختن نہ رہا

خبر اپنی نہیں ہے حضور کو کچھ گئی چاہنے والی عیان ہوا

کوئی بستۂ زلفِ دوتا نہ رہا کوئی قیدی چاہِ ذقن نہ رہا

تھی جوان تو بدن میں تھی تاب و توان جو شباب گیا تو وہ لطفِ بدن

وہ زبان نہ رہی وہ بیان نہ رہا وہ دہن نہ رہا وہ سخن نہ رہا

نہ شراب میں ہے کوئی ذائقہ اب نہ کباب میں ہے کوئی ذائقہ اب

وہ فضا نہ رہی وہ ہوا نہ رہی وہ مزہ نہ رہا وہ چمن نہ رہا

جو زبان سی دعوی عشق کیا رہی صفدر اب اسکا نہ خیال ذرا

کوئی یہ نہ کہی کہ یہ مرنہ شا اسی پاس و لحاظ سخن نہ رہا

٣٧

جلوہ گر آئینی مین پرتو ترا کیونکر ہوا — تو تو یکتا تھا یہ پیدا دوسرا کیونکر ہوا

آپ ہی بسمل کیا تیغِ نگاہ ناز سے — آپ ہی کہتا ہی وہ یہ کیا ہوا کیونکر ہوا

ہمنی قاتل سی نہ پوچھا یہ بھی فرطِ شوق مین — لائق تعزیر بندہ بیخطا کیونکر ہوا

بھاگتا تھا اپنی سائی سی مین وہ محتاط تھا — اونکی زلفون مین گرفتار بلا کیونکر ہوا

آجتک آئینہ اوسکی بزم مین پہنچا نہین — ہی تعجب خود بخود وہ خود نما کیونکر ہوا

جب کشیدہ تیغ ہی خنجر ہی منہ موڑی ہوی — پھر سر و گردن کا قاتل فیصلا کیونکر ہوا

کیسی ہی فرقت مین اوسکی چھوڑ دین لذتین

کوئی کیا جانی کہ صفدر پارسا کیونکر ہوا

۳۸ بیٹھہ کر مین نہ در یار پہ اصلا اوٹہا | ہان جو اوٹہا تو پس مرگ جنازا اوٹہا
اونکا اوٹہنا تہا کہ بیتاب ہے دل میرا | حشر برپا ہوا اور یہ فتنا اوٹہا
کبہی رخ کی کبہی بوسی لب جانان کی لیے | کیا کہون مین کہ مزہ وصل مین کیا کیا اوٹہا
نہوا کچہ مرض عشق کا جب اوس سی علاج | تنگ اگر مری بالین سی مسیحا اوٹہا
تیری وحشی نی ندی قیس کو تعلیم جنون | جب تلک کان پکڑکر نہ وہ بٹہیا اوٹہا
آتی ہی گلشن ہستی سی چلی مثل نسیم | ایک دم کی لیے کیا لطف تماشا اوٹہا

سنتی ہین کوچ زمانی سی کیا صفدر نے
ناتوان تہا نہ تری ہجر کا صدمہ اوٹہا

۳۹ وارد بزم کسی شب جو وہ قاتل ہوتا | اک نگہ مین کوئی زخمی کوئی بسمل ہوتا
اوسکی رسوائی نی کیا کیا نہ کیا مجکو خجل | عرصۂ حشر مین مین یا مرا قاتل ہوتا
خار پامال ہوئی اسکی خلش ہی دلکو | کاش مین دشت مین پابند سلاسل ہوتا

زخمی ہونا تھا کہاں رسم ستم اوٹھ جاتی
بدلی پیکانکی جو ناوک مین مرا دل ہوتا

پردہ سو بار تماشی کو اوٹھاتی لیلی
ساتھ مجنون کی اگر مین پس محمل ہوتا

ہجر مین آئی اجل وصل مین آنا تھا اسی
روح کو تن سی نکلنا تو نہ مشکل ہوتا

کوچۂ یار مین ملتی جو جگہ ای صفدر
مین گدا بھی کسی سلطانکی مقابل ہوتا

بہ

کیا جانین وان سی لای قاصد جواب کیا
تڑپا رہا ہی ہمکو یہان اضطراب کیا کیا

نام خدا اب اونکا جوبن اوبھار پر ہی
جلوہ دکھا رہا ہی حسن شباب کیا کیا

کہتا ہی کوئی مفتون کہتا ہی کوئی مجنون
الفت مین تیری ہمنی پای خطاب کیا کیا

جھگڑا چکا نہ اکدن یو ہین رہی ہمیشہ
اپنی سوال کیا کیا اونکی جواب کیا کیا

آغوش مین بھی کھینچا بوسی بھی ہمنی پای
لوٹی مزی پلاکر اونکو شراب کیا کیا

وہ حوصلی وہ ہمت وہ ولولی وہ طاقت
ہمراہ لیگیا ہی عہد شباب کیا کیا

کیا اعتبار دولت ہی اس جہان مین صفدر
مٹی مین ملگئی ہین عالی جناب کیا کیا

دکھلا و زلف مجکو سودا ہوا تو پھر کیا	۴۱	وابستۂ محبت رسوا ہوا تو پھر کیا
ناز و ادا سی چلیی لیکن ذرا سنبھل کر		ہنگامۂ قیامت برپا ہوا تو پھر کیا
جور و جفا کہان تک مہر و وفا ہی لازم		مین اور ہی کسیکا شیدا ہوا تو پھر کیا
ای دل تڑپ نہ اتنا لازم ہی ضبط نالہ		عالم مین راز الفت افشا ہوا تو پھر کیا
کانون تک اوسکی پہنچی ایسا کہان مقدر		گردون سی پار اپنا نالا ہوا تو پھر کیا
ایام نوجوانی مہمان ہی چند روزہ		اس حسن عارضی کا شہرا ہوا تو پھر کیا

یہ بیوفا ہی صفدر کیا اعتبار دل کا
میرا ہوا تو پھر کیا اونکا ہوا تو پھر کیا

قہر ہی آفت ہی یہ آنکھین لڑانی کی ادا	۴۲	خوب آتی ہی تمہین فتنی جگانی کی ادا

جب کسی غنچے کو گلشن مین کھلاتی ہی نسیم	یاد آتی ہی تمہاری مسکرانی کی ادا
لاتی ہی کس کس طرح شبخون دل عشاق کو	پان کہانی کی ادا مسی لگانی کی ادا
چلتی ہو مرقد پہ تم دامن اوٹھا کر ناز سی	کس سی سیکھی خاک مین ہمکو ملانی کی ادا
دیکھیی کس کس کی گردن پر کری خنجر رواں	قاتل عالم تری تیوری چڑہانی کی ادا
خون ہو جائینگی ناحق دیکھنے والونکی دل	رنگ لاوی گی نیا مہندی لگانی کی ادا

یاد ہی صفدر شب وصلت وہ اپنا چھیڑنا
اور وہ اونکی شرم سی آنکھین جھکانی کی ادا

۴۴

صفدر اونکا خیال تھا کیا تھا	گل جو چہرہ بحال تھا کیا تھا
وقتاً مٹ گیا جو عہد شباب	وہم تھا یا خیال تھا کیا تھا
دل شگفتہ مرا سمجھے نہوا	سبزہ پائمال تھا کیا تھا
رات پستان وہ کیون چھپاتی تھی	کیا یہ چوری کا مال تھا کیا تھا

دہن یار کی ملی نہ مثال — یہ عدیم المثال تہا کیا تہا
تیری وحشی کو خلق مان گئی — کوئی صاحب کمال تہا کیا تہا

کس سی بگڑی تمہی سچ کہو صفدر
کل جو بسمل کا حال تہا کیا تہا

۴۴

مسجد نہ میکدہ نہ صنمخانہ دیکہنا — ایدل کسیکی نرگس مستانہ دیکہنا
دیکہا تہا اک نظر تو قیامت گذر گئی — اب دیکہین کیا دکہای تمہارا یہ دیکہنا
کوی پریخان مین تو جاتا ہی شاد — برباد ہوگا یہ دل دیوانہ دیکہنا
یون دیکہ بار بار نہ اوس چشم مست کو — ساقی گری نہ ہاتہ سی پیمانہ دیکہنا
آنکہین ہین میری لائق دیدار حسن یار — کیا جانی آئینہ رخ جانانہ دیکہنا
چمکی ہزار بار مری سر پہ تیغ ظلم — جہپکی نہ آنکہ ہمت مردانہ دیکہنا

عالم مین ان بتون کا جو صفدر یہی ہی دور

کبھی کو ایک روز سمن نہ دیکھنا

کبھی شکوہ نہ آیا وہ شبِ قمر کبھی جلوہ تو سحر نہوا	۴۵	کبھی اشک نے ڈھلکی نہ کھولی گرہ کبھی آہ میں کچھ اثر نہوا
یہ ہوا نہ وہ بسی اپنی ہٹ کیوں نہ خفا کسی کے گلہ میں ہوا نہ رواں		کبھی ہاتھ سے اپنی جو کیوں نہ گلا کہ کسی کا جیب تو کمر نہوا
نہ گیا کبھی ہجر کا غم نہ گیا کبھی وصل کا ہمکو مزہ نہ ملا		کبھی لیل و نہار ہمیشہ رہا نہ یہ ماہ نہ ادھر سے اودھر نہوا
کہو کام پھر آئیگی کونسی دن مری پہلو میں کی یہ قلب جگر		جو یہ بسمل تیغ مژہ نہوا وہ نشانہ تیر نظر نہوا
ہمیں دن خوشی جو صحبت ہے نعمی عزیز و رفیق بہی سیانہ ہی		رہ ملکِ عدم کی طرف جو چلی کوئی اپنا شریک سفر نہوا
یہ فقط مری اشک کو اوج ہوا یہ فقط مری داغ تو رتبہ ملا		کوئی ذرہ چمک کی نہ مہر بنا کوئی قطرہ نیک کی گہر نہوا
کہیں مشک کو میں نے تلاش کیا کہیں سے نہ سمت ختن میں خراب پھرا		جو مزہ ہے مجھ نہ کسی سے ہی مزا کوئی مجھ سا بھی خستہ جگر نہوا
کبھی ہمکو نہ لطفِ وصال ملا کبھی ہجر کا رنج و الم نہ گیا		کبھی یہ شب نے مزہ نہ دیا کبھی نالہ دل میں اثر نہوا

رہ وادیٔ غم میں یہ چین ملا مجھی صفدر الم ہی ہمیشہ رہا

کہیں نہ پہ شب جو ٹھہر ہی گیا کبھی سایہ نقش قدم نہوا

۴۶

جلوہ جو اپنی حسن کا اوسنی دکھا دیا — دم مین فروغ شمس و قمر کا مٹا دیا

ہمنی جو اپنی غم کا فسانہ سنا دیا — کچھ اور تو نہ منہ سی کہا مسکرا دیا

جلدی تھی کیا نہ صور سرافیل ہو چکتی — سویا تھا مین ابھی مجھی ناحق جگا دیا

تعلیم اغنیا سی ہی کیا فقر مین غرض — کھینچا جو ہاتھ پاون کو ہمنی بڑہا دیا

ای آتش فراق کیا تو نی کیا غضب — جنت تھا میرا گھر اسی دوزخ بنا دیا

کچھ دی کسی فقیر کو منعم ثواب لی — کام آئیگا تری یہ کسی دن لیا دیا

بلبل کو نالہ کرکی جو صفدر رکھا ذلیل
گل ہنس پڑی تو غنچون نی بھی مسکرا دیا

۴۷

جو دل مین ذرا آپ کی گھر نہو گا — گذارا مرا بندہ پرور نہو گا

نزاکت یہی ہی تو اوس فتنہ گر سی — روان میری گردن پہ خنجر نہو گا

کرو ظالمو ظلم جتنا کہ چاہو — بپا کیا کبھی روز محشر نہو گا

...ہیشہ کوگی جتبک نمک زخمِ دل پر | ...سترہ زندگی کا میسر نہوگا

...لمین گی جتبک مجہی آپ نام | کبہی ختم شکوؤں کا دفتر نہوگا

...رکوی قاتل کا جانا نہ چہوٹا | بدن پر مری ایک دن سر نہوگا

لیا خواب مین جسنی حوری سی تو
کوئی اور ہوگا وہ **صفدر** نہوگا

۴۴

...کل تہا باغ مین ترا آئینہ دار تہا | پرتو تری لباس کا رنگِ بہار تہا

...بل ستم کی چرخ نہ مین خاکسار تہا | پیا عبث کہ آپ ہی مشتِ غبار تہا

...بد معاملہ ہو کہ تم پہ یہ نی نہین | ہمنی جو دل دیا تہا بڑا اعتبار تہا

...میح راہ کوچۂ جانان تہی اور ہم | زن نہ تہی جب تلک یہی اپنا شعار تہا

...ندری ضد کہ غیر نی وہ بہی مٹا دیا | اوس کوچی مین مرا جو نشان مزار تہا

...ا ہوا کہ جلد مین تربیت مین گڑ گیا | یارون کی دوش پر مرا تابوت بار تہا

اب دوست بھی عدو نظر آتی ہین ہمین
صفدر گئی وہ روز کہ دشمن بھی یار تھا

یار تھا مقتل تھا شمشیر ادا تھی مین تھا | ۴۹ | قتل پر بیری کمر باندھی قضا تھی مین تھا
اوسنی جب پوچھا کہ تونی قتل عاشق کو کیا | غمزہ بولا وہ نزاکت تھی ادا تھی مین تھا
کیا ہوا مجھسی جدا ہو کر جو دلبر آ گیا | دل مرا ساتھی نتھا کچہ دلکا ساتھی مین تھا
کہتی ہین وہ رخ کی بوسی خم اب مین کسلیی | مین یہ کہتا ہون تری زلف رسا تھی مین تھا
وہ کہین گی حشر مین قاتل کو پوچھونگا اگر | وہ قضا تیری تھی یا میری ادا تھی مین تھا
صاف کہدیتا بناناہی عبث پر کیا کرون | عالم ایجاد کی جب ابتدا تھی مین تھا

رات اوس محفل مین کیا موقع تھا صفدر کیا کہون
سرمہ تھا مسی تھی غازہ تھا حنا تھی مین تھا

انداز نرالا ہی تری جلوہ گری کا | ۵۰ | ہی چاند سا چہرہ تو چلن کبک دری کا

اوٹھا ہی یہ کسکی رخِ پرنور سی پردہ
خورشید مین عالم ہی چراغ سحری کا

ہر جنبش مژگان سے ہی مقتول زمانہ
کیا تیز ہی خنجر تری بیدادگری کا

لای گی نہ بو جامۂ محبوب کی جبتک
دامن مین نہ چھوڑونگا نسیم سحری کا

اندر کا اکھاڑا ہی چمن موسمِ گل مین
ہر پھول پہ ہر شاخ پہ عالم ہی پری کا

یاد آتی مجھی اپنی دمِ بازپسین کی
دم ٹوٹتی دیکھا جو چراغِ سحری کا

پھر چاک ہوی گل کی قبا غم مین صفدر
پھر شوق ہوا دل کو مری جامہ دری کا

۱۵

کس سی کس سی مین جا بجا نملا
پر کہین دل کا مدعا نہ ملا

ربط اوس شوخ سی ہوا نہوا
کیا اجارہ ہی دل ملا نہ ملا

دین و دنیا کی ملگئی دولت
تم جو مجکو ملے تو کیا نہ ملا

دلربا سیکڑون ملی لیکن
کوئی معشوق باوفا نہ ملا

قصر مین عرش پر دماغ رہا
بادشاہون سی مین گدا نہ ملا

راہِ ہستی مین سب تھی بیگانی
آج تک کوئی آشنا نہ ملا

دل جو سینی سی گم ہوا صفدر
لاکھ ڈھونڈا کہین پتا نہ ملا

۵۲

کیا کہون حال ہے جو کچھ دل کا
رقص دیکھا ہی تمنی بسمل کا

ہوئین بسمل کی مشکلین آسان
دم غنیمت ہے تیغِ قاتل کا

وہ اوٹھایا ہی ہجر کا صدمہ
اب کے بچنا محال ہی دل کا

ہی عدم کتنی دور ہستی سی
فاصلہ کل ہی ایک منزل کا

ہجر جانان مین مہر و ماہ نہین
داغ ہی وہ جگر کا یہ دل کا

مرتے دم دو مجھی کوئی آ تو
ہی سوال آخری یہ سائل کا

آج صفدر وہ آگئی ہین ادھر

خوب نکلی گا حوصلہ دل کا

صانع نی اوسکو آپ ستمگر بنایا ۵۵ ابرو کو قتل کی لیے خنجر بنا دیا

مانی نی کھینچیں دونوں شبیہیں الگ الگ اوسکی قدم پہ کیوں نہ مرا سر بنایا

آنکھوں نی میری قوت نظارہ بہائی اشک تار نگہ کو رشتۂ گوہر بنا دیا

لکھنا تھا ایک بند ہزاروں کی رقم نامی کو فرط شوق نی دفتر بنا دیا

بخشا جو اوسکو حسن تو مجھکو خدا نی عشق قمری بھی تو اوسکو صنوبر بنا دیا

پردہ اوٹھاتی ہی رخ روشن سی یار نی ذروں کو آفتاب منور بنا دیا

پہلی تو ایسی عشوہ و ناز و ادا سنتے

معشوق سہمنے یار کو صفدر بنایا

۵۶

سفر میں اگر کبھی ان آنکھوں سنے روی اہل وطن ندیکھا

قفس میں ایسی ہوی مقید کہ خواب میں بھی چمن ندیکھا

سوای رخسار و خال و گیسو کسی کا ہمنے دہن نہ دیکھا

حلب بھی دیکھا حبش بھی دیکھا ختن بھی دیکھا یمن نہ دیکھا

نگاہ ترچھی کلاہ ترچھی روش ہی ترچھی ادا ہے ترچھی

جو بانکپن ہمنے تم مین دیکھا کسی مین یہ بانکپن نہ دیکھا

دہن ہی غنچہ تو آنکھ نرگس جو زلف سنبل تو سرو قامت

تمہین تو دیکھا بلا سے ہمنی جو فصل گل مین چمن نہ دیکھا

کہین تمہین خوبیونکا مجمع تمہاری عشاق کیا ہین بکر

وفا و الفت کا ذکر کیا ہی کمر نہ دیکھی دہن نہ دیکھا

پھری زمانی مین مدتون ہم رہی حسینونسی ہمکو صحبت

کسیکی ایسی ادا نپائی کسی مین یہ بانکپن نہ دیکھا

کمال یارون سی تنگدل تھی عبث گرفتار آب و گل تھی

چلی سعی کو کبھی جو صفدر تو بھر کی سوئی لگن نہ دیکھا

۵۵

کیا ہمسی پھر گئی نگہ یار دیکھنا
تقدیر جو دکھائی وہ ناچار دیکھنا

صیاد دام لیکی تو آئی سوئے چمن
ہم سب سی پہلے ہونگی گرفتار دیکھنا

دیکھا جو ہمنی پیار سی جھنجلا کی یہ کہا
پھر یون مری طرف نہ خبردار دیکھنا

گو میری سمت گاہ سوئے غیر ہی نگاہ
کستے ہی دونون باگون یہ تلوار دیکھنا

گھر چھوٹنا وہ عالم غربت مین یاد ہے
حسرت سے جانب در و دیوار دیکھنا

دیکھا جو برق طور کو موسی نی غش کیا
آسان نہین ہی جلوۂ دلدار دیکھنا

صفدر شب وصال جو بوسہ طلب کیا
ہنسکر کہا کہ آپ کی گفتار دیکھنا

۵۶

اب رہا کون آشنا میرا
دل بھی مجھسی جدا ہوا میرا

ہر نگہ مین ہین سیکڑون ارمان
کوئی دیکھے تو دیکھنا میرا

ستر دہی دل کہون نہ کہون — پوچھتی ہین وہ مدعا میرا

لیی جاتی ہو تم کہان دلکو — ہی یہ مدت کا آشنا میرا

اوس ستمگر سے دل لگایا ہے — کوئی دیکھے تو حوصلا میرا

پاس تمکو اگر نہین تو نہو — ای بتو کیا نہین خدا میرا

جب بہار آئی باغ مین صفدر
زخم دل ہوگیا ہرا میرا

٥٧

روی تابان حسین دیکھا صرف حیرانی ہوا — مبتلای زلف پابند پریشانی ہوا

اسقدر سجدی کیی سنگ در محبوب پر — ایک قلم معدوم خط لوح پیشانی ہوا

خضر و یوسف دونون عاشق ہین تری آنا ہی فرق — کوئی زندانی ہوا کوئی بیابانی ہوا

اوس حسین کی آی جسدم باغ ہستی مین قدم — شور اوٹھا ہر سو کہ پیدا یوسف ثانی ہوا

گشتی گشتی تن کو کیا معراج معدومی ملی — رفتہ رفتہ سایۂ محبوب یزدانی ہوا

قامت آدم سے بالا قدِ احمد کیون نہو — مصرع اول سے بہتر مصرع ثانی ہوا

کھنچ گیا نقشہ مضامین سراپا کا تری
خانۂ صفدر بھی گویا خانۂ مانی ہوا

۵۸

جبتک اپنی دلکو شغلِ آہِ آتشناک تھا — اک نیا ہر روز ہنگامہ تہِ افلاک تھا

وصل ہوتی ہی بیان ہستی کا قصہ پاک تھا — ربطِ حسن و عشق ربطِ شعلہ و خاشاک تھا

اوسکی جاتی ہی گلستان ہوگیا ماتم سرا — نخلِ ماتم ہر شجر ہر گل گریبان چاک تھا

کیون کمی قاتل نی کی تلوار روکی کیلیے — گردن و سر کا تو اک ضرب مین قصہ پاک تھا

سرخرو وہ بسملون مین تیری تھا اے شہسوار — کٹگئی سر جسکا بدن سی بستۂ فتراک تھا

ایک دم مین عرصۂ ہستی کو یہ طی کرگیا — توسنِ عمرِ روان چالاک سا چالاک تھا

تھا بت مجرم مگر شرم گنہ کام آگئی
آنکھ سی آنسو گرا صفدر کہ دامن پاک تھا

ہر پری پیکر کا مین عالم مین دیوانہ ہوا	۵۹	شمع رو دیکھا جہان بس اوسکا پروانہ ہوا
دل جو عشق نرگس میگون مین دیوانہ ہوا		رفتہ رفتہ عمر کا لبریز پیمانہ ہوا
کون مہمان ہی الہی آج رشک آفتاب		منزل خورشید تابان میرا کاشانہ ہوا
حال اوسکی حسن کا قصہ ہماری عشق کا		رفتہ رفتہ لیلی و مجنون کا افسانہ ہوا
وہ مری گھر سی گئی کیا دل بھی پہلو سی گیا		ہجر ہوتی ہی جو اپنا تھا وہ بیگانہ ہوا
ہی یہ تنگ بی ثباتی بزم خالی ہوگئی		جب تلک ساقی لبالب می سی پیمانہ ہوا

ہی مری وحشت بھی ای صفدر کوئی نا تسلیم
چار دن ٹھہرا جو میری پاس دیوانہ ہوا

غم عاشقی کارگر ہو چکا	۶۰	جو ہونا تھا ای بیخبر ہو چکا
کرو غصہ موقوف برہم نہو		زمانہ ادھر سی ادھر ہو چکا
نشانہ ہو جلد ای دل بیخبر		روانہ وہ تیر نظر ہو چکا

کسی بات پر وہ نہ راضی ہوی — گئی رات وقت سحر ہو چکا

صبا کا گذر اوس گلی مین نہین — گذارا ترا نامہ بر ہو چکا

کسیکے وہ اب دلکو دیکھینگی کیون — کہ آئینہ مد نظر ہو چکا

بہت سجدی اوس در پہ صفدر کیی

چلو بس اوٹھو درد سر ہو چکا

۶۱

گریہ مینای می یا خندہ پیمانہ تھا — غور سے دیکھا تو اوسکا جلوہ مستانہ تھا

قتلگاہ شوق مین قاتل تھا معشوق تھا — تیغ رکھدینا گلی پر ناز معشوقانہ تھا

پای قاتل پر جو سینی کاٹ کر رکھدیا — یہ بھی اک ادنی سا جوش ہمت مردانہ تھا

حال واعظ ہمسی پوچھین اہل مسجد سی کہو — آج ہی منبر نشین کل ساکن میخانہ تھا

میری مرنی کی خبر پائی تو اوسنی یہ کہا — جی بہلتا تھا مرا وہ بھی عجب دیوانہ تھا

کسطرح گلزار مین رہتی کہ قسمت پھر گئی — خانہ صیاد مین اپنا تو آب و دانہ تھا

سنگی وہ حال دلِ صفدر یہ کہکر سوگئی
فی الحقیقۃ واہ کیا دلچسپ یہ افسانہ تھا

۶۲
کم ہوگی درد عشق کی شدت فغان سی کیا
صدمہ جو دلپہ ہی وہ کہون میں زبان سی کیا

آئی بہار جای خزان تازہ ہون نہال
مین دام مین پھنسا ہون مجھی بوستان سی کیا

بو سی تو روی گل کی لیی سر خط شوق مین
حیران ہون اب کہ عذر کرون باغبان سی کیا

تن مین نہین جو روح تو کس کام کی ہی تن
طائر جو اڑگیا تو غرض آشیان سی کیا

دیدار دخت رز کا نہین آجتک نصیب
حاصل ہی مجکو خدمت پیر مغان سی کیا

راہ جہان مین نہ خطر ہی روا روی
اوترون مین پشت توسن عمر روان سی کیا

ہون سرفروش قتل کی صفدر ہی آرزو
سر کین گی پاون صعر کہ امتحان سی کیا

۶۳
جہان فانی حسن اب پایا یہ بحر ہستی سراب دیکھا

تمام عالم کا کارخانہ برنگِ چشمِ حباب دیکھا
کہون شب غم کی کیا مصیبت سوای ایذا ہوی نہ راحت
نہ موت آئی نہ نیند آئی نہ آنکہ جہپکی نہ خواب دیکھا
اگرچہ کعبہ بہی خوب گہر ہی صنمکدہ بہی ہی اپہی منزل
مگر نہ دونون کو ہمنے اپنی مکانِ دل کا جواب دیکھا
ترقیِ داغ غم نہ پوچہو فراقِ جانان مین ہمنشینو
جو شام کو ماہ اسکو پایا تو صبح کو آفتاب دیکھا
کلیم سی کوئی جا کی کہدو کہ تمنی کہنا مرا نہ مانا
رہا ذرا بہی نہ ہوش باقی نہ تاب آئی جناب دیکھا
جسی سمجہتی ہین سب محبت وہ ہی حقیقت مین عین ذلت
کسیکو شیدا کسیکو رسوا کسیکو خانہ خراب دیکھا

نہ چین صفدر تمہا زندگی مین نہ بعد مرنی کی پائی راحت
یہان بھی ہمنے عذاب دیکھا وہان بھی ہمنے عذاب دیکھا

٦٤
دل صد چاک اپنا جب کسی گیسو کا شانہ تھا
وہ دن کیا خوب تھی یارب وہ کیا اچھا زمانہ تھا

اوسی کی شکل دیکھی ہر طرف جب سیر گلشن کی
ہر اک پتا تھا آئینہ چمن آئینہ خانہ تھا

نکالی بھی نتھی بال و پر اپنی طائر دل نی
کہ تیر ظلم چرخ سفلہ پرور کا نشانہ تھا

عبث چین بر جبین ہو تم ہمارا حال دل سنکر
نتھی آزردگی کی بات شکوہ دوستانہ تھا

کبھی گلشن مین رہتی تھی قفس مین اب گذرتی ہی
خطا صیاد کی کیا ہی ہمارا آب و دانہ تھا

مقدر دیکھنا ہمپر ہوئی نیند اور بھی حجاب
سحر کو قافلہ جسوقت منزل سی روانہ تھا

پریرو کس طرح گاتی نہ خوش ہو ہو کی ای صفدر
ہوا جو شعر موزون اس غزل مین عاشقانہ تھا

٦٥
دیکھیں انجام کیا ہو بلبل ناشاد کا
رنگ کچہ بگڑا ہوا ہی صحبت صیاد کا

قصد تو روزِ قیامت تھا بہت فریاد کا　　پیار لیکن آگیا منہ دیکھکر جلاد کا

کسقدر شوقِ اسیری نے کیا ہی بیترا　　پوچھتی پھرتی ہیں ہر کو چمن گھر صیاد کا

ذوق نظارے کا تھا ایسا نہ کچھ ایذا ہوئی　　ذبح ہوتے وقت منہ دیکھا کیے جلاد کا

غیر پر بجلی گریگی یا پسیجیگا وہ بت　　کچھ نہ کچھ صفدر دکھائیگی اثر فریاد کا

۶۶ راتوں کو مری سنکر فریاد بہت رویا　　دل تھام لیا اپنا صیاد بہت رویا

وہ عاشقِ پرغم ہوں سنکر مرا افسانہ　　مجنوں نے کیے نالے فرہاد بہت رویا

پردرد وہ افسانے بلبل سے کہے شب بھر　　گلچیں کی بھی آنسو صیاد بہت رویا

وہ عاشقِ گریاں ہوں کھینچا جو مرا نقشہ　　مانی کو ہوئی رقت بہزاد بہت رویا

ہر بیت میں مضمون تھا پردرد جو اے صفدر　　دیکھی جو غزل میری استاد بہت رویا

۶۷ پھر آج سامنا ہے کسی ماہِ عید کا　　تارا چمک گیا مرے بختِ سعید کا

حدسی بڑھا ہے اس دلِ زخمی کا آبلہ — گنبد بنیگا کیا یہ مزارِ شہید کا
بیمثل ہے وہ روی کتابی ہزار مین — ممکن نہین جواب کلامِ مجید کا
قاتل سے کہدو دیکھلے اللہ کی نظر — دنیا سے آج کوچ ہی تیری شہید کا

صفدر نہ آئی آمدِ جانان مین مجکو موت
انجام ہوگیا یہ شبِ روزِ عید کا

۶۸

غنچون مین ہی چرچا تری نازک بدنی کا — پھولون مین ہے شہرہ تری گل پیرہنی کا
شاخِ گلِ تر خامہ ہو کاغذ ورقِ گل — مضمون لکھون جب تری نازک بدنی کا
مشہور ختن مین ہے ترا گیسوئے مشکین — شہرہ ہی سمرقند مین شیرین دہنی کا
کافی ہی وہی ہمکو چراغِ شبِ غربت — سینے مین جو ہے داغ غریب الوطنی کا

انگڑائی ادہر لی کسی مخمور نی صفدر
صدمہ جو ادھر تن کو ہی اعضا شکنی کا

٦٩

مین ہر سی چلکی بزم دلدار تک نہ پہنچا — بلبل قفس سی چھٹ کر گلزار تک نہ پہنچا

چرچا جنون کا پہیلا آفاق مین تو حاصل — قصہ ہمارا گوشِ دلدار تک نہ پہنچا

دل چاک چاک ہوکر برسون رہا پریشان — لیکن کسیکی زلفِ خمدار تک نہ پہنچا

الفت تھی دونون جانب تقدیر نی کمی کی — پہنچا نہ یار مجھ تک مین یار تک نہ پہنچا

اللہ ری ضبط صفدر فرقت مین عمر گذری

افسانۂ محبت اغیار تک نہ پہنچا

٧٠

دیکھنی کا تری ارمان نکلنے نہ دیا — اکہ سنبہلا دلِ مضطر نی سنبہلنی نہ دیا

سب سی بڑہ کر ہی ہمین تیری نظر سی گلا — دو قدم ساتہ جنازی کی بھی چلنی نہ دیا

روح پہلی ہی نکل آئی مری قالب سی — میان سی بھی تری خنجر کو نکلنی نہ دیا

ای فلک شورشِ دل عجز نہ ہوتی آخر — دست موسی کیطرح کیون اسی جلنی نہ دیا

ایک ہی وار مین صفدر کا ہوا کام تمام

حوصلہ غنچۂ قاتل نی نکلنے نہ دیا

دنیا مین کچھ سوای رنج و محن نہ دیکھا	١٧	کنج قفس مین ہمنے رنگ چمن نہ دیکھا
باغ جہان کا ہمنی برسون کیا تماشا		شاداب پھول تجھسا ای گلبدن نہ دیکھا
یہ غیرت رگ گل غنچی سے وہ سوا ہے		ایسی کمر نہ دیکھی ایسا دہن نہ دیکھا
اہل وطن جو چھوٹی ہمسی تو ایسے چھوٹے		غربت مین آکی ہمنے خواب وطن نہ دیکھا

عالم مین سب سخندان کہتی ہین تجھکو صفدر
ہمنے کسیکا ایسا رنگین سخن نہ دیکھا

١٨
بجا ہی تڑپی جو طائر دل کہ شوق غربت مین ہی وطن کا
قفس مین تقدیر نی پہنسایا خیال بلبل کو ہی چمن کا
بیان ہو کیا وصف اوس بدن کا کہ صاف عالم ہی یاسمن کا
جو حلقہ ہے زلف پرشکن کا وہ مشک نافہ ہی اک ختن کا

وہ چہرہ گل ہی وہ قد صنوبر وہ زلف سنبل وہ چشم نرگس
نظارہ اوس شوخ گلبدن کا ہوا تماشا ہمین چمن کا

ہماری ہستی کا ہی یہ عالم عدم کی کرتی ہین سیر ہر دم
کبھی تصور ہے اوس کمر کا کبھی تصور ہی اوس دہن کا

اوداس شمعین ہین شیشی روتی ہین چپ ہی مطرب ملول ساقی
گئی وہ کیا انجمن سے اوٹھکر بدل گیا رنگ انجمن کا

اگرچہ مجرم بہت ہون صفدر نہین ہی کچہ مجکو خوف محشر
جلای گا آفتاب کیونکر کہ سر پہ سایہ ہی پنجتن کا

جو گم ہوگا اوسی پہ وہ دہن اکدن عیان ہوگا	۳	نشان بی نشان پائیگا جو خود بی نشان ہوگا
خیال قامت جانان اگر یون ہی رہا دل مین		اوٹھی گا نالہ جو سینی سی وہ سرو روان ہوگا
ترا دیوانہ ایسا گھل گیا ہی ناتوانی سے		کہ سر پر سایۂ بال پری کوہ گران ہوگا

وہ نالا ہون قدم رکھو تمکا صحبت اہلِ چمن مین
وہان نقش پا سی جادہ سر گرمِ فغان ہوگا

مین وہ وامانِ ہون ہمراہیون کا ذکر کیا صفدر
مرا سایہ بھی مجکو چھوڑ کر آگی روان ہوگا

۴۷ کس کام کا ہی وہ دل جس مین ملال آیا
بیکار آئنہ ہی جب اوسمین بال آیا

اللہ مہربان ہی رحمت بجا ہی جو
مجرم رہا نہ بندہ جب انفعال آیا

وہ خال زیرِ ابرو دیکھا تو ہم یہ سمجھی
کعبی مین یہ اذان کو شاید بلال آیا

اوسکی چہِ ذقن مین دل کو عبث پہنسایا
چوکا کہ مین کنوئیمین یوسف کو ڈال آیا

شکرِ خدا کہ صفدر ہر غم کی انتہا ہے
فرقت کی رات گذری روزِ وصال آیا

۴۸ بگڑی جو بار بار ہوا اوس سی نباہ کیا
ہر روز جو جنکا ہی کنوین اوسکی چاہ کیا

محشر مین پوچھی جائینگی جو ہین بڑی بڑی
کیا ہم ضعیف اور ہماری گناہ کیا

الفت کا ہو برا ہمیں برباد کر دیا ۔ کیا جانتی تھے ہم کہ ہی ترچھی نگاہ کیا

زہاد بھی تو نشۂ نخوت مین مست ہین ۔ تھوڑی سی پی جو ہمنی بھی پی کی گناہ کیا

ہوگا اوسیکا داورِ محشر کو بھی خیال
صفدر رہین اوسکا حشر مین ہم دامنِ خدا کیا

٧٦ ترا قد قیامت سی بڑھکر بنالیا ۔ بنایا جو کچھ اوسنے بہتر بنالیا

پسند آئی ایسی وہ ابرو و گیسو ۔ کہ صانع نے اون کو مکرر بنالیا

عدو باغبان ہی تو گلچین ہی دشمن ۔ کہان آشیان ہمنی آکر بنایا

اگر ہم نہ مرتی یہ شہرت نہ ہوتی ۔ تمہین ہمنی احسان بگڑکر بنالیا

سنے دین و دنیا یہ شکل ہی صفدر
جو گھر بگاڑا تو وہ گھر بنایا

٧٧ باغ مین جاکر مجھی وہ گلبدن یاد آگیا ۔ سرو سا وہ قد وہ غنچہ سا دہن یاد آگیا

جب کیا نظارہ اوراقِ نسرین و سمن
گورا گورا یار کا نازک بدن یاد آگیا

سرو سی ہمکو بندھا اوس قد موزوں کا خیال
دیکھکر غنچہ وہ چھوٹا سا دہن یاد آگیا

سیرِ صحرا کی تو روی غربتِ مجنوں پہ ہم
کوہ پر پہنچی تو ہمکو کوہکن یاد آگیا

کیسی کیسی یاد آئی ہمکو یارانِ وطن
پہنچی غربت مین جو ہم صفدر وطن یاد آگیا

ردیف بای موحدہ

۶۵

سیرِ چمن کو آئیگا وہ گلعذار کب
گھونگھٹ ترا اوٹھیگا عروسِ بہار کب

تا صبح شوقِ دید مین انکھین کھلی رہین
ٹھنڈی ہوی چراغِ شبِ انتظار کب

روزِ فراق و روزِ وصال ایک حال سی
تیری تڑپ مٹی گی دلِ بیقرار کب

گھڑیان شبِ فراق کی کب تک گنا کرون
پروردگار آئیگا روزِ شمار کب

توبہ جو کی شراب سی آئی ندای غیب

صفدر تمہاری بات کا ہی اعتبار کب

٧٩
کوئی عالم مین نہین ہی اوس ستمگر کا جواب
ذرہ جسکی در کا ہی خورشید محشر کا جواب

خط لکھا تھا پر جب اوسکو ہوای شوق مین
بن گیا نامہ مرا بالِ کبوتر کا جواب

دخترِ رز میخانہ مینا جام ہی پری جنون
حور کا فردوس کا طوبی کا کوثر کا جواب

خط کو میری دیکھکر قاصد سی وہ کہنی لگی
اتنی فرصت کسکو ہی لکھی جو دفتر کا جواب

سنکی احوالِ دلِ صد چاک خط پرزی کیا
اوسنی قاصد کو دیا صفدر برابر کا جواب

٨٠
دلمین ہین رنج و حسرت و ارمان عجب عجب
گھر مین ہماری آئی ہین مہمان عجب عجب

مجمر مین دود باغمین سنبل ختن مین مشک
ہین مبتلای زلفِ پریشان عجب عجب

دلمین خیال روی حسینان ہی اندنون
پریان ہین جمع گرد سلیمان عجب عجب

کو مین وقت بادیہ گردی ہین دو قدم
وحشت دکھاری ہی بیابان عجب عجب

ساقی ہی بہر مہری ساغر سبو ہی چرخ
صفدر کی میکشی کی ہین ساماں عجب

۸۱

حکم آنی کا جو اوس کوچی مین پای عندلیب
آشیان کو آتش گل سی جلای عندلیب

باغبان نالی کری گلچین کلیجا تہام لی
طرز اگر کچہ سیکہی نالون کی ادای عندلیب

قدر عاشق اک تمہاری ہی نگاہو مین نہین
دیکہلو گل سی زیادہ ہی بہای عندلیب

باغبان بی دردہی گل بیوفا گلچین رقیب
کون سنتا ہی چمن مین نالہای عندلیب

ہم بہی اک گل کی تصور مین ہین ہردم نالہ کش
کون ہی ہمدرد ای صفدر سوای عندلیب

ردیف بای فارسی

۸۲

آئینہ دیکہتی نہین جادو کی ڈر سی آپ
اللہ اتنو بچتی ہین اپنی نظر سی آپ

سینی سی میری ہاتہ اوٹہاتی نہ عمر بہر
واقف نہین ہین لذت درد جگر سی آپ

خط کی لفافی پر او نہین مینی یہ لکھدیا
پردی مین خط شوق کو لین نامہ بر سی آپ

انکھین ملائین دلون کا ہو جای امتحان
ہم آفتاب حشر سی روی قمر سی آپ

محفل مین اونکی سامنی سو بار ہم گئی
پوچھا نہ یہ بھی آی ہین صفدر کدہر سی آپ

ردیف تای فوقانی

٨٣
وہان شانہ اور زلف معنبر تمام رات
یہان سر ہی اور بلائین ہین سر پر تمام رات

کیا جانئین کسکو آج وہ ظالم کریگا قتل
دیکھا ہی تیغ کھینچ کھینچ کے خنجر تمام رات

انکھو نمین نیند بکھری ہوی زلف رنگ زرد
جاگ کر کہین رہے ہو معطر تمام رات

پروانہ مین نہین ہون کہ دم بھر مین جل بجھون
گھلتا ہون مثل شمع برابر تمام رات

اک بت کی انتظار مین آغوش کی طرح
تا صبح یہان کشادہ رہا در تمام رات

ای جان یہ بھی کوئی جلانی کا طور ہی
انگارون پہ لوٹاتی ہو دن بھر تمام رات

فرقت مین حال گریۂ صفدر مین کیا کہون
بستر رہا ہی پانی کی چادر تمام رات

۸۴

یہ شب بزم جانان مین تھی دل کی صورت | جلا صبح تک شمع محفل کی صورت
نہ آہون مین گرمی نہ نالون مین تیزی | الٰہی یہ کیا ہو گئی دل کی صورت
چل ای تیغ دم لیکی گردن پہ میری | ذرا دیکہہ لینی دی قاتل کی صورت
نہ آرام عاشق نی الفت مین پایا | مسافر نی دیکھی نہ منزل کی صورت
وہ ابرو ہی خمدار مثل مہ نو | وہ رخسار ہے ماہ کامل کی صورت
رہی مرتی مرتی بھی بسمل کو حسرت | نہ دیکھی دم ذبح قاتل کی صورت

جو دیکھا مرقع حسینون کا صفدر
نظر آگئی اوسکی محفل کی صورت

۸۵

ہر چند جسم زار ہوا خاک کوی دوست | باقی ابھی ہی دل مین مری آرزوی دوست

یا صحن باغ بھی ہی کوئی جلوہ گاہ حسن پہولون مین بوی دوست کا نیچی آنکھ

ہمنی غضب کیا ادسی خود بین بنا دیا رکہتا تہا آینہ نہ کبہی روبروی دوست

خاک مزار بھی مری ریگ روان بنی مرنیکی بعد بھی نگئی جستجوی دوست

عمر شب وصال زیادہ کری خدا

صفدر ہماری ہاتہ مین طوق گلوی دوست

۵۶

دکہلای اوسنی دست حنائی تمام رات مہندی سی دل مین آگ لگائی تمام رات

دلمین جگر مین سینی پہلو مین آپنی بجلی کہان کہان نہ گرائی تمام رات

کسکو خبر ہی برق تجلی کی اکلیم انکہین تہین اور وہ پای حنائی تمام رات

درپردہ یہ بھی تہا مری تقدیر کا بگاڑ اوس نازنین نی زلف بنائی تمام رات

آنکہ اوسکی آنکہ سی تو زبان سی بات لڑی

صفدر رہی مزی کی لڑائی تمام رات

۸۷

ذرا ٹھہرو نہ ہو یاروں سی تم ایجان من رخصت
سحر ہونی تو دو ہی انجمن کی انجمن رخصت

پھنسی ہم دام مین صیاد کی جاتی ہین گلشن سی
مقدر نی چھڑایا تم سی ای اہل چمن رخصت

سحر کیا آئی آفت کی قیامت کی گھڑی آئی
ہوئی رو رو کی پروانون سی شمع انجمن رخصت

کنہیا دل سی جو تیرا اوسکا کہا حسرت نی رو رو کر
ہوا یعقوب سی کیا یوسف گل پیرہن رخصت

عزیز احباب سب روتی ہین صفدر تری بالین پی
بدن سی روح جاتی ہی کہ ہوتی ہی دولہن رخصت

۸۸

جنت سی بڑھ کی تھی مری محفل تمام رات
پہلو تہا اور وہ حور شمائل تمام رات

اللہ ری اشتیاق شہادت کہ خواب مین
گردن تھی اور خنجر قاتل تمام رات

مجکو تھا خوف اونکو حیا تھی شب وصال
پردہ رہا حجاب کا حائل تمام رات

افسوس بیخودی مین جوانی گذر گئی
رکھا نصیب نی مجھی غافل تمام رات

صفدر وہ شوخ جب مری پہلو سی اوٹھ گیا

بیشمار ہا مین تھامی ہوی دل تمام رات

ردیف تای ثقیلہ

کچہ تو تڑپ کی ای دل اندوہگین اوٹ	۸۹	اولٹی نہ آسمان جو تجھسی زمین اوٹ
ای آہ دو جہان کو دکہا اپنی تیزیان		فرش زمین بساط سپہر برین اوٹ
انسان تو کیا ملک تری مشتاق دید ہین		رخسی نقاب ای بت زہرہ جبین اوٹ
ای اندہیری شب مین نظر چودہوین کا چاند		پہرسی نہ لف بہر خدا ای حسین اوٹ

کب تک ہلاکی عرش کو زور آزمای گی

صفدر کہو پکار کی آہ حزین اوٹ

ردیف ثای مثلثہ

آنکہین چرای ہمسی ہی وہ دلربا عبث	۹۰	گوشی مین چھپکی بیٹہہ رہی ہی حیا عبث
آئینہ رکہکی دیکہلو کیا چاہتا ہی دل		تم مجہسی پوچہتی ہو مرا مدعا عبث

شب کو لحاظ ٹوٹ چکا شرم اوٹھ چکی
اب میری جان کرتی ہو مجھسی حیا عبث

جب ہم نہین تو کون تمہارا ہی قدرداں
مسی عبث ہی سرمہ عبث ہی حنا عبث

لائی نہ زندگی مین کبھی بوئی لطف یار
تربت پہ گل چڑہاتی ہی باد صبا عبث

مہمان تن ہی روح برنگ شمیم گل
شوق نظارۂ چمن دلکشا عبث

نام وفا وہ غیر جفا جانتا نہین
صفدر رہی اوس صنم سی امید وفا عبث

۹۱

بھری آتی ہین آنسو آنکھ مین ای یار کیا باعث
نکلتی ہین صدف سی گوہر شہوار کیا باعث

نظر آتا ہی پژمردہ گل رخسار کیا باعث
پریشان اندنون ہین گیسوی خمدار کیا باعث

نہ وہ منہ دیکھتا ہر دم نہ وہ گیسو کی آرایش
خفا آئینی سی شانی سی ہو بیزار کیا باعث

نہ وہ شوخی کی باتین ہین نہ وہ گرمی طبیعت کی
لبون پر دمبدم ہی آہ آتشبار کیا باعث

نہ شوق ساغر مل ہی نہ ذوق لالہ و گل ہی
ہوئی پژمردگی ایسی گلے کا ہار کیا باعث

مسیحا تم تو تھی ای جانِ جان ساری ضعیفونکی نصیب دشمنان کیون ہو گئی بیمار کیا باعث

جہان سی اوٹھ گیا صفدر رسا کہا اہل وفا کوئی
سیہ پہنی ہو کپڑے مثل ماتمدار کیا باعث

ردیف جیم تازی

۹۲

صد شکر بیحجاب ہوا مجھسی یار آج جی بھر کی پائی لذت بوس و کنار آج
الله ری بیقراری دل شوقِ وصل مین کاٹی تڑپ تڑپ کی شبِ انتظار آج
ہوتی ہی کل جو حشر مین ساری جہان پر دکھلا رہی ہے وہ بھی رفتار یار آج
پہلو مین تہام تہام کی رکھون نہ مین اگر ٹھہری نہ ایک دم بھی دل بیقرار آج
کرتا ہی پوچھ پوچھ کی قاتل مری گناہ ہوتی ہی مجھسی پرسش روز شمار آج
رخسار و زلف دونون ہین آمادہ ظلم پر یکرنگ ہی دورنگی لیل و نہار آج

صفدر جو بیقرار نہین ہو فراق مین

کیون کرو ہمین بد ستے ہو تم بار بار آج

۹۳

ابر آیا گھر کی ساقی پھر سوی میخانہ آج — پھر ہوئی توبہ شکستہ پھر چلی پیمانہ آج

خانۂ زندان ہی ویران بیٹھا ہین صبا نی — ای پری رو مر گیا شاید ترا دیوانہ آج

اٹھی ہین وہ کھینچکر تلوار بہر امتحان — جوہر اپنی تو بھی دکھلا ہمت مردانہ آج

تھکی آنکھین پھر گئین جو میکدہ ویران ہوا — چور ہر شیشہ شکستہ ہی ہر اک پیمانہ آج

کس بت کافر کی آنکھون نی دیا صفدر فریب

کعبہ کل تھا گھر مرا اسکن ہوا بتخانہ آج

ردیف حای حطی

۹۴

حال پر میری تڑپتا ہی وہ بسمل کیطرح — درد بھی اب داغ دیتا ہی مجھی دل کیطرح

اہل محفل نی نہ لی مجھ سوختہ دل کی خبر — جلتی جلتی گھل گیا مین شمع محفل کیطرح

پھر تمہین بھی درد الفت کا مزہ حاصل ہو جبھ — میری پہلو مین جو آ بیٹھو مری دل کیطرح

ضعف نے کی راہ مین کیسی مری مٹی خراب		جب اوٹھا بٹھلا دیا پھر گرد منزل کی طرح

لیگیا ہی نامہ ای **صفدر** کبوتر کی خبر
دل تڑپتا ہی مرا سینی مین بسمل کی طرح

مثل رقیب اوس سی صفائی ہو کس طرح	۹۵	قسمت نصیب ہمکو برائی ہو کس طرح
ہوتی ہین روز عشق کی بندی نئی نئی		باطل پھر ان بتون کی خدائی ہو کس طرح
خالی نہین تصور جانان سی ایک دم		غیرون کی اپنی دل مین سمائی ہو کس طرح
بڑھتا ہی روز ہمسی دل یار کا غبار		ایسی کدورتون مین صفائی ہو کس طرح

صفدر رقیب سب ہین شناسا نہین کوئی
بزم پری رخان مین رسائی ہو کس طرح

ردیف خای معجمہ

کیا تماشا تھا ہمین اوس ستم ایجاد کا رخ	۹۶	ذبح کی وقت بھی دیکھا کیی جلاد کا رخ

خیر ہو خیر اسیران قفس کی یا رب
آج بدلا ہوا پاتا ہون مین صیاد کا رخ

ای صنم چہرہ زیبا کا تری کیا کہنا
نہ سنا حور کا ایسا نہ پریزاد کا رخ

دل مین اوس بت کی مری آہ کری کیا تاثیر
اوڑ گیا رنگ اثر دیکہہ کی فریاد کا رخ

نہین معلوم خطا کیا ہوئی ایسی صفدر
پھر گیا ہمسی جو چرخ ستم ایجاد کا رخ

۹۷

اس طرح روی یار ہی پیکر شراب سرخ
ہوتا ہی جیسی وقت طلوع آفتاب سرخ

گلگون ہی سینہ یار کا پستان ہی لالہ فام
کیونکر نہ آب سرخ سی اوٹہین حباب سرخ

خط مینی خون سی یار نی شنجرف سی لکہا
اچہا یہ اوسنی سرخ کا بہیجا جواب سرخ

نازک گلی مین اوسکی نہین پان کا یہ رنگ
مینای سبز مین یہ بہری ہی شراب سرخ

تب سیکدی مین لطف ہی صفدر شراب کا
زاہد کی ریش مین جو لگی یہ خضاب سرخ

ردیف دال مہملہ

۹۸

دامِ الفت مین کوئی دل نہ پھنسا میری بعد
مختصر ہو گئی وہ زلفِ رسا میری بعد

ہای اوس شوخ نی کی ترکِ جفا میری بعد
امتحان غیر کا کچھ بھی نہوا میری بعد

بلبلین نوحہ کرینگی مری تربت پہ مدام
برگِ گل روز چبا جای گی صبا میری بعد

مجھسا جانباز ملیگا نہ مری قاتل کو
کُند ہو جای گی شمشیرِ ادا میری بعد

کوئی اس دور مین مجھسا بھی نہ میکش ہوگا
ساغرِ مے مری مٹی سی بنا میری بعد

بوی کاکل کی عوض جان صبا کو بخشی
ڈھونڈھتی پھرتی ہی اب کسکو قضا میری بعد

خلش ای خارِ جنون کوئی نہ باقی رکھنا
پھر نہ آئیگا ادھر آبلہ پا میری بعد

کشتگانِ رہِ الفت کا مین تھا ماتمدار
بجھ گئی شمع مزارِ شہدا میری بعد

دلپہ لالی کی مرا داغ رہیگا صفدر
خونِ دل غم مین بہای گی حنا میری بعد

۹۹ نہ پوچھہ درد اسیری کی داستان صیاد — سنی نہ جای گی تجھسی مری فغان صیاد

فغان کو سنکی مری تو عبث بگڑتا ہے — مرا گلا ہی مرا منہ مری زبان صیاد

قفس مین آکی مری بال وپر گری تو گری — ہری بھری رہین پہولون کی ڈالیان صیاد

کبھی تو پوچھہ لی کچھہ حال ہم اسیرون کا — نہ منہ دکھی گا نہ تہک جای گی زبان صیاد

اسیر تازہ ہی صفدر خفا نہو اتنا
ابھی نہین ہی وہ تیرا مزاجدان صیاد

۱۰۰ کب بہولتی ہی چشم بت دلشکن کی یاد — شوخی رہیگی ہمکو غزال ختن کی یاد

صحن چمن مین سنبل پیچان کو دیکہ کر — آئی کسیکی زلف شکن در شکن کی یاد

پہندی سی ہستی کی نہ چھوٹا کسی طرح — بہولی کمر کی یاد تو آئی دہن کی یاد

مدت سی ہم صفیر اسیر قفس ہین ہم — پہولون کی شکل سی ہی نہ شباہت چمن کی یاد

صفدر یہی وظیفہ رہی بعد ہر نماز

بہولی نہ پانچ وقت تمہین پنجتن کی یاد

101
نہ بی خبر ہو اسیر و نسی اسقدر صیاد — انہین کی دم سی ہی آباد تیرا گھر صیاد
مزہ ملا مری فریاد مین کہانی کا — سنا کیا مری نالون کو رات بھر صیاد
مین آشیانی سی صحن چمن مین کیا اوڑون — ادھر تو تاک مین ہی باغبان ادھر صیاد
قفس مین ہم ہین قفس دام مین ہی اسپر بھی — جکڑ کی باندہ رہا ہے ہماری پر صیاد

یہ مجکو شوق اسیری چمن مین تہا صفدر
اوسی طرف کو کیا مین گیا جدہر صیاد

ردیف ذال معجمہ

102
نہ ملا پر ملا درد جگر کا تعویذ — تیری بیمار نی کس کس سی نہ مانگا تعویذ
اضطراب دل مضطر نہ گیا پر نہ گیا — اور بیتاب ہوا مینی جو باندہا تعویذ
وای قسمت کہ نظر اپنی نہ وہان تک پہنچی — اور مزی لوٹی تری سینی پہ کیا کیا تعویذ

نظرِ بد کا ہی کیا خوف کہ پہنی ہی وہ شوخ
ہیکلین نادِ علی ڈہولنا گنڈا تعویذ

کستی تم بیرسی یہ شورشِ دل کم نہوئی
لاکہ احباب نی لکہ لکہ کی جلایا تعویذ

قیس و فرہاد جو اس عہد مین زندہ ہوتی
پیتی دہو دہو کی مری سنگِ لحد کا تعویذ

مرضِ عشق کی تدبیر عبث ہی صفدرؔ
فکر بی سود ہے بیکار ہی گنڈا تعویذ

ردیف رای مہملہ

١٠٣
خدای عالم رہِ فنا مین وہ دل وہ ہمت مجہی عطا کر
چہری کی نیچی کرون مین سجدہ قلم کی مانند سر جہکا کر

کہا تہا بلبل سے حال سینی تری ستم کا بہت چہپا کر
یہ کسنی انکو خبر سنائی کہ ہنس پڑی پہول کہل کہلا کر

کبہی کا وٹ کبہی کہنچاوٹ کبہی ہی جہڑکی کبہی ہی گالی

بری بلاؤن مین مبتلا ہون مین ان حسینون سی دل لگاکر

مگر وہ سمجھی ہین شمع مجکو کرشتہ کرتی ہین وصل کی شب

جلا جلا کر بجھا بجھا کر رولا رولا کر گھلا گھلا کر

بلند تیغ نگاہ قاتل ذرا جو ہو جای قتلگہ مین

زمین پہ خورشید وماہ ہوتین بزنگ بسمل فلک سی اگر

مریض درد فراق ہون مین کمال مرنی کی ہے تمنا

ملی جو کوئی فقیر کامل کہون کہ حق مین مری دعا کر

مری جنازی کو اونکی کوچے مین ناحق احباب لیکی آی

نگاہ حسرت سی دیکھتی ہین وہ رخ سے پردہ اوٹھا اوٹھا کر

فغان بجا آہ نالہ زاری یہی ہے شغل روز سے ای دل

یہ عاشقون کا ہے پنجگانہ قضا نہ کر اسکو تو ادا کر

نماز میں بھی ہی فکر دنیا کہ ہر سے تیرا خیال صفدر

خدا پرستی میں بت پرستی خدا خدا کر خدا خدا کر

۱۰۴ کہا تھا کیا مجھسی یاد ہی کچھ یہ سنکے مجھسے نا ذرا حیا کر

ضرور دل میں فساد سے کچھ یہ ظلم ظالم خدا خدا کر

عجیب دنیا کا حال دیکھا کہ جسکا جاہ و جلال دیکھا

اوسیکو پھر خستہ حال دیکھا بگاڑتی ہیں وہی بنا کر

ہمیشہ کی جنکی خیر خواہی وہی ہوی درپی تباہی

مقام انصاف ہی الٰہی بتوں میں اور مجھ میں فیصلا کر

سحر ہی نزدیک شب سے آخر سرا سی چلتی ہیں ہم مسافر

جنہیں سے ہے ملنا وہ سب ہیں حاضر جرس سی کہدو کوئی صدا کر

کہا تھا قاصد جو میں نی راہی گذر گئی اوسپہ کیا تباہی

پھرا نہ ابتک وہ یا الٰہی گلی مین اوس فتنہ گر کی جا کر

ہزار محنت مین مبتلا ہون مگر مین راحت سی آشنا ہون

بصورتِ زخم ہنس رہا ہون مین اپنی آنکھون سی خون بہا کر

اکڑ کی اوٹھاتا ہون بی تکلف نہین ہی صفدر مجھی تأمل

زبان سی مین کبھی کہون اُف یہ مجھسی ہوگا خدا خدا کر

۱۰۵

بعدِ فنا ہین داغِ محبت بہار پر — لالہ کھلا ہوا ہے ہماری مزار پر

جوبن عجب شباب مین ہی وی یار پر — فصلِ بہار مین یہ چمن ہی بہار پر

نوشاہ کی طرح سی چمن ہی سجا ہوا — کیا جوبن آج کل ہی عروسِ بہار پر

ای چرخ یہ بھی ہی کوئی انصاف کی روش — یہ بارشِ بلا مری مشتِ غبار پر

لاغر ہوئی قفس مین یہان تک تو عندلیب — دو چار استخوان رہی دو تین چار پر

مینی کہا جو اوسی کہ شبکو یہین رہو — آنکھین جھکا کی بولی کہ کس اعتبار پر

صفدر ہماری نام کی کافی ہی روشنی
حاجت نہین چراغ کی اپنی مزار پہ

۱۰۶ حسینانِ جہان مرتی ہین کیا کیا اوسکی جوبن پہ — حیا پہ حور قربان ہی پری صدقی ہی چتون پہ
سراپا ہی کسیکی قدرتِ خالق نمایان ہی — ازل سی لوٹ ہی برقِ تجلی روی روشن پہ
ہین ایسی صاحب عصمت پری پیکر کا عاشق ہون — نمازین پڑہتی ہین حورین ہمیشہ جسکی دامن پہ
صنمخانی کی اگلی صحبتین دلکش جو یاد آئین — بہت رویا مین رات آوازِ ناقوسِ برہمن پہ
جنون کی جوش مین افسوس اتنا بہی نہ سمجہا مین — کہ ہاتہ اپنی گریبان پر پڑا یا اوسکی دامن پہ
رہی بیرحمیِ قاتل نہ خنجر دستِ قاتل مین — قیامت تک مگر احسان رہا بسمل کی گردن پہ

ہجوم حسرت و یاس و تمنا ہر طرف دیکہا
بہت روی گئی جسوقت ہم صفدر کی مدفن پہ

۱۰۷ رکہدیا سر کو تیغِ قاتل پہ — ہم گری بہی تو جا کی منزل پہ

آنکھ جب بسمل نہین اوٹھی ہو — سر گری کشت کی پای قاتل پر
ایک دم بھی تڑپ سی چین نہین — دیکھ لو ہاتھ رکھکی تم دل پر
کون دامان رنگیا پیچھی — کچھ اداسی ہی آج منزل پر
اور اک تیستاک کر مارا — رحم آیا او نہین جو بسمل پر
پھول ہنستی ہین شمع روتی ہی — رات بھر حال اہل محفل پر

جب گذرتی ہین وہ ادہر صفدر
کیا کہون کیا گذرتی ہی دل پر

١٠٨ پس گیا دل اونکی آرایش کا سامان دیکھکر — لب پہ مسی دیکھکر ہاتھوں پہ افشان دیکھکر
گل ہی وہ بلبل ہون مین وہ شمع ہین پروانہ ہون — آتی ہین کیا کیا تصور روی جانان دیکھکر
سوز دل چہالا ڈالی پای نازک مین کہین — پاون رکھو میری سینی پر مری جان دیکھکر
کیا رفوگر پر ہمارا رعب وحشت چہا گیا — ہاتھ تھرانی لگی چاک گریبان دیکھکر

ہم کہان پھر یہ تماشا باغِ ہستی کا کہان		چار دن خوش ہو چلی سیرِ گلستان دیکھکر
حوصلی سی حوصلی تھی ولولی سی ولولی		آج وہ سب مٹ گئی گورِ غریبان دیکھکر

دیر مین کعبی مین کچھ آیا نہ ای صفدر نظر
گھر مین پھر آبیٹھی ہم یہان دیکھکر وہان دیکھکر

روز ہنستا ہی برنگِ گل مری فریاد پر	۱۰۹	ایک دن بجلی گری گی خانۂ صیاد پر
باغبان بیرحم گل بیدرد گلچین بیوفا		پھٹ پڑا ہی آسمان مجھ خانمان برباد پر
رنجِ دنیا خوفِ عقبی جورِ بت فکرِ معاش		یہ مصیبت ایک مشتِ خاکِ بی بنیاد پر
سخت دل کی بعد مرنی کی بھی ہی مٹی خراب		کوئی رونی کو نہ آیا کشتۂ فولاد پر

مرتی مرتی بھی وہی صفدر رہی شوقِ نظاری کا
تیغ گردن پر نظر ہی چہرۂ جلاد پر

ہنستی ہین کس شمع مری بیتابیٔ دل دیکھکر	۱۱۰	کیا خوشی ہوتی ہے اونکو رقصِ بسمل دیکھکر

شمع رو اوسکو بنایا جس سے روشن ہو جہان — ہمکو پروانہ کیا جلنے کی قابل دیکھکر

خاک جسکی راہ مین ہو وہ کرے شی عزیز — جان دینا چاہے جلاد کا دل دیکھکر

قصد جلنے کا ہے مقتل مین مبارک ہو مگر — اک ذرا اپنا پرایا تیغ قاتل دیکھکر

قاسم روز ازل بھی تھا بڑا مردم شناس
عشق صفدر کو دیا مشکل سی مشکل دیکھکر

نظر پڑ جائے سعدی کی جو اوسکے دیوان پر — ۱۱۱ گلستان بوستان دونونکو رکھدین طاق نسیان پر

تری جانباز اے قاتل یہ مشتاق شہادت ہین — کہ خود آکر گلی رکھ رکھدیے شمشیر بران پر

گدائی تری سے منہ ور ہین اے شہ خوبی — قدم رکھتی نہین بھولے سے بھی تخت سلیمان پر

خبر آئی نہین مدت سے کچھ یاران رفتہ کی — ذرا اے بیکسی لیچل ہمے گور غریبان پر

نہ کیونکر گریۂ صفدر سے عالم الحذر مانگے
تلاطم پر تلاطم ہے یہان طوفان ہے طوفان پر

ہجر مین نیند آئی کیا ای ماہ پیکر رات بھر ۱۱۲ تیری دوری سی گنا کرتا ہون اختر رات بھر

زلف و رخ کا یار کی ہر دم جو رہتا ہی خیال لوٹتا ہی دل مری سینی مین دن بھر رات بھر

وصل کی شب صبح تک سویا مین کس آرام سی شکر ہی زانوی جانان پر رہا سر رات بھر

دل فغان کرتا تھا فریادی تھی تو قمین زبان میری گھر ہر بار ہا محشر سا محشر رات بھر

کیا کہون کسطرح گذری ہی شب اونکی بزم مین
شمع کی ہمراہ مین رویا ہون صفدر رات بھر

عدم کو کیون نہ مین ہستی سی جاؤن سرخرو ہو کر ۱۱۳ کہ دل پہنچا تری دست حنائی تک لہو ہو کر

جگہ حور جنان کو کیا تعجب ہی گر ملجای مری دل مین اگر آئی کسیکی آرزو ہو کر

مدد لازم ہی ای دست جنون اب جوش وحشت مین گریبان تنگ کرتا ہی مجھی طوق گلو ہو کر

نقاب اولٹو اگر خسی دم گلگشت گلشن مین تو گل ہون ایسی شرمندہ کہ رنگ اوڑجای بو ہو کر

پڑی احباب اکثر میری اونکی درمیان صفدر

مگر مطلب نہ نکلا رہگئی کچھ گفتگو ہوکر

آنکہ کس چہری کو آتی دیکہکر	۱۱۴	روتی ہی جسکو جدائی دیکہکر
شاخِ گل بھی سر جہکا باشرم سے		آپ کی نازک کلائی دیکہکر
لوٹتی ہی خود سرِ مقتل قضا		دست قاتل کی صفائی دیکہکر
آئینی مین آپکا ہمسر ہی سے		کیجیے اب خود نمائی دیکہکر

کیا کرین صفدر بتون سی نباہ
بیوفائی کج ادائی دیکہکر

قاتل رکا جو حسرتِ بسمل کو دیکہکر	۱۱۵	بسمل تڑپ گیا رخِ قاتل کو دیکہکر
حسرت سی دونون عشق مین روتی ہین زار زار		دل مجکو دیکہ دیکہ کی مین دل کو دیکہکر
رکھا تو پاؤن مینی رہِ عشق مین مگر		جی کانپتا ہی دوریِ منزل کو دیکہکر
رونق ہی مجھسی بزم کی لیکن برنگِ شمع		روتا ہون بی ثباتیِ محفل کو دیکہکر

صفدر تبون سی چاہ کو مانع نہین کوئی
دل دو مگر کسیکی ذرا دل کو دیکھکر

ردیف رای ہندی

چل عندلیب دام مین صحنِ چمن کو چھوڑ	۱۱۶	ہی عنقریب فصلِ خزان اب وطن کو چھوڑ
دنیا و دین حصول ہون دونون محال ہی		ای دل نگار شیخ سی یا برہمن کو چھوڑ
اوبھی ہوی ہین سیکڑون دل بال بال مین		آہستہ اپنی زلف شکن در شکن کو چھوڑ
اچھی نہین ہر ایک سخن مین نہین نہین		ہان ہان نگہ بلا سے مگر اس سخن کو چھوڑ

ہستی بہت خراب ہی صفدر عدم ہی خوب
اوس انجمن کا قصد کر اس انجمن کو چھوڑ

ردیف زای معجمہ

یہ شیشہ یہ سبو ہی یہ پیالہ چند روز	۱۱۷	ساقی فقط ہے رونقِ میخانہ چند روز

گل پر کبھی فدا ہون کبھی شمع پر نثار
بلبل ہون چند روز تو پروانہ چند روز

اے موسمِ بہار تو اتنا قیام کر
حسرت نکال لے کوئی دیوانہ چند روز

گیسو پہ تھا فدا کبھی رخسار پر یہ دل
آئینہ چند روز رہا شانہ چند روز

دورِ فلک رہیگا موافق نہ ہمیشہ
ساقی کھلا رہے درِ میخانہ چند روز

پریون کی جمگھٹے تھے مری دل مین تا شباب
یہ گھر بھی رہ چکا ہے پریخانہ چند روز

صفدر وہ شوخ کتنا تلون مزاج ہے
اپنا ہے چند روز تو بیگانہ چند روز

١٨

کیونکر اوٹھا سکے کوئی اوس دلربا کے ناز
آفت کے غمزے قہر کے عشوے بلا کے ناز

بلبل کی جان پر ہین ہزارون مصیبتین
گل کے ستم سہے کہ اوٹھائے صبا کے ناز

سہ سہ کے جور اور اونہین کر دیا شریر
پچتا رہے ہین بیٹھے ہوے ہم اوٹھا کے ناز

یہ کنج کی لکیر ہے وہ آتی نہین قریب
غمزے اوٹھاؤن تیغ کے ہین یا قضا کے ناز

خونِ شہیدِ ناز کا کیونکر اوٹھائی بار — جس دستِ نازنین سی نہ اوٹھین حنا کی ناز

خوش بھی یہی کریگا خدا سے تو کیا ہوا — آنکھون پہ میری اُس دلِ درد آشنا کی ناز

صفدر کہین وہ ہمسے بھی لین مسکرا کی منہ

اوٹھے نہ جو ستاتے ہون شرم و حیا کی ناز

119

یہ تمنا ہی تڑپی مثلِ بسمل چند روز — دیکھین ناز و ادا سے تیغِ قاتل چند روز

پھر بہار آئی جنون پھر سلسلہ جنبان ہوا — پھر رہیگا کو بکو شورِ سلاسل چند روز

اب نہ کچھ اونکی خبر مجکو نہ کچھ میری اونہین — اونپہ مائل مین رہا وہ مجھپہ مائل چند روز

لون تہون سی مین بھی خاطر خواہ بدلا ظلم کا — یا خدا انکا سا ہو جای مرا دل چند روز

دیتے جو ہرسی ہردم میری غم مین خون بہا — قتل کرکی روتی مجکو تیغِ قاتل چند روز

دورہی ہر چند کوی یار پرای شوقِ دل — اور چلنا چاہیے منزل بمنزل چند روز

آجکل صفدر بہت تیغِ نگہ کی دہوم ہے

ہم بھی ہوکر دیکھ لین قاتل پہ مائل چند روز

ردیف سین مہملہ

پہنچون کہین مین اوس بتِ غنچہ دہن کی پاس	۱۲۰	لیجای عندلیب کو قسمت چمن کی پاس
کیسی حیا کہانکا تکلف وصال مین		لب ہو قریب لب کی دہن ہو دہن کی پاس
آئی بکھر کی زلف جو رخسارِ یار پر		ثابت ہوا ہمین کہ حلب ہی ختن کی پاس
آئینہ سامنی ہی ذرا خوب دیکھیی		ایک اور انجمن بھی ہی اس انجمن کی پاس
نازک بہت ہی آپکو اسکا ہی خیال		دل چہوڑتا ہون زلفِ شکن در شکن کی پاس
ایسی ہی زیرِ خنجرِ قاتل مجھی خوشی		دولہا ہو شاد جیسی پہونچکر دلہن کی پاس

صفدر یہی دعا ہی خدای کریم سی
تربت ہو میری روضۂ شاہِ زمن کی پاس

یارب ہی وصلِ یارِ پریزاد کی ہوس	۱۲۱	نکلی کبھی تو اس دلِ ناشاد کی ہوس

اوس گل کی اشتیاق مین آئی عدم سی ہم
کب تھی بہار گلشن ایجاد کی ہوس

آرام سی تھی کیا ہمین مقتل سی کام تھا
لائی نظارۂ رخ جلاد کی ہوس

بلبل چمن سی اوڑ گئی گل بھی ہوا ہوئی
گلچین کی آرزو رہی صیاد کی ہوس

اس درجہ ضعف ہی کہ نکلتی نہین صدا
صفدر رہی ہمکو نالہ و فریاد کی ہوس

ردیف شین معجمہ

کبھی تمہاری تو ہوتی نتھی زبان خاموش
۱۲۲ یہ آج کیا ہی کہ بیٹھی ہو میری جان خاموش

ہی ابتدای محبت مجھی تمیز نہین
کہان کلام کرون مین ہون کہان خاموش

یہ دیکھتا ہی وہ قاتل کہ سر فروش ہی کون
کھڑا ہی تیغ لیے بہر امتحان خاموش

کسی سے لے نہ خبر میری بزم جانان مین
تمام رات جلا ہون مین شمع سان خاموش

یہ بی سبب نہین سنسان خانۂ زندان
مین غش مین ہون مری پاؤن کی بیڑیان خاموش

یہ اضطراب و قلق نالہ و فغان کب تک
ٹھہر بس اے دل بیتاب اے زبان خاموش

چہک کے چپ ہو اے صفدر تو بول اوٹھا صیاد
مین سن رہا ہون نہ ہو بری خوش بیان خاموش

۱۲۴

یار کو ہی شراب کی خواہش ✤
مہ کو ہے آفتاب کی خواہش

ایک دن خاک مین ملائے گے
دل خانہ خراب سے کے خواہش

وصل مین چھیڑتی ہین ہم اونکو
لطف مین ہے عتاب کی خواہش

مجکو شوقِ نظارۂ رخ ہے
آپ کو ہے نقاب کی خواہش

مست ہون یادِ چشمِ ساقی مین
نہین جامِ شراب کی خواہش

پردے پردے مین قتل ہو عالم
ہے یہ اون کی نقاب کی خواہش

بوسہ مانگا تو بولے وہ صفدر
بس یہی تھی جناب کی خواہش

ردیف صاد مهمله

۱۲۴
کس طرح کہون وصل کی تدبیر ہی ناقص | قسمت مری برگشتہ ہی تقدیر ہی ناقص
کیا شعر کہی سست جو ہو شاعر کامل | ہی نقص مصور کا جو تصویر ہی ناقص
زاہد نہ عبادت پہ ابھی ناز کرے اتنا | سجدہ ترا ناقص تری تکبیر ہی ناقص
ہر روز ملاتا ہے جوان خاک مین کتنا | کس درجہ مزاج فلک پیر ہی ناقص

صفدر خط رخسار جانان نہین چھپا
آئینی مین طوطی کی یہ تصویر ہی ناقص

۱۲۵
کرتا ہی کام ساری جہان کا تمام رقص | رکھتا ہی تنی حشر خرامی کا نام رقص
قاتل کی دلمین شوق تماشی کا ہی وہی | بسمل ہوا تمام رہا ناتمام رقص
ٹھنڈی ہوا ہے لطف شب ماہتاب ہے | کچھ دیر چلکی کیجیی بالای بام رقص
دیکھی گا کون تیرا تماشا فراق مین | ای دل تڑپ تڑپ کی نکر صبح و شام رقص

صفدر ہزار شکر کہ گا کر مری غزل
کرتا ہی ناز سی وہ بت خوش خرام رقص

ردیف ضاد معجمہ

۱۲۶
مکین گوشہ عزلت ہون کیا جہان سی غرض — زمین سی مجھی مطلب نہ آسمان سی غرض
حرم سی دیر سی مسجد سی میکدی سی صنم — تری طلب مین اوٹھا دی کہان کہان سی غرض
سجود کعبہ و بتخانہ سی ہی کیا مطلب — ہماری سر کو ہی اوس سنگ آستان سی غرض
فقط تفاوت شاہ و گدا ہی حاجت سی — سب ایک سی ہین جو اوٹھ جائی میان سی غرض
ہین اب تو خانۂ صیاد مین اسیر قفس — رہی نہ ہمکو چمن سی نہ آشیان سی غرض
کوئی خفا کو سی آزردہ ہو مگر دل کو — تڑپ سی آہ سی فریاد سی فغان سی غرض

کوئی یہ پوچھی کہ مقتل مین آئی کیون غرض
فقط اونہین تو ہی صفدر کی امتحان سی غرض

١٢٧

تم دوپٹے مین چھپاتی ہو جو ایمان عارض
صاف بنتی ہین چراغ تہِ دامان عارض

حق یہ ہی آپ سی کس کسکی دوا چاہون مین
سو مرض ہین مجھی اے عیسی دوران عارض

شمع کا نور بھی فانوس مین چھپتا ہی کہین
کیا چھپاتی ہو حیا سے تہ دامان عارض

چشم بد دور نہین باغ سی کم باغ جمال
سرو قد زلف ہی سنبل گلِ خندان عارض

روز روشن ہی شب تار نظر مین صفدر
کس ستمگر نی کیا زلف مین پنہان عارض

ردیف طاء مہملہ

١٢٨

یہ کہکی پھیر دیتا ہی قاصد کو یار خط
لونگا جو ایک مین وہ لکھینگی ہزار خط

جبریل بن کی آئی کہین اوسکا نامہ بر
نازل ہو مثل رحمتِ پروردگار خط

ٹکڑی ہین میری نامی کی مین جانتا ہون جب
قاصد نی مجھکو لاکی دیی ہین جو چار خط

قاصد نی میری خلق مین رسوا کیا ابھی
گھر گھر لیے پھرا صفتِ اشتہار خط

صفدر رہی یہ بھی اک مری تقدیر کا لکھا
پڑھتی نہیں وہ دستے ہیں بار بار خط

۱۲۹
کیونکر بڑھاؤں اوس بت نامہربان سی ربط — جسمی ملال اوسکو ہی سارے جہان سی ربط
دلکو ہی میری رشتہ جان اسلیے عزیز — ہی اسکو کچھ نہ کچھ تری موی میان سی ربط
گلشن مین عندلیب کا حافظ ہی اب خدا — صیاد کو زیادہ ہوا باغبان سی ربط
گردن مین طوق بنکی وہ شمشیر رہ گئی — حیران ہون مین یہ دونونمین کیا تھا انسی ربط

صفدر شب وصال مین کیا کیا مزی اوٹھے
لب کو تھا اوسکی لب سی یہانکی زبان سی ربط

ردیف ظا معجمہ

۱۳۰
صحبت بادہ ہی اسوقت کہان یار لحاظ — مست ہم نشے مین تم ابتو ہی دشوار لحاظ
شوق کہتا ہی شب وصل اوٹھا دیجیے — ناز کہتا ہی کہ ٹوٹی نہ خبردار لحاظ

پوچھ مجھ سی سر محفل نہ تمنا میری — شرم کی بات ہی آئیگا تجھی یار لحاظ

ہاتھ پھیلا کی لپٹتی تو لپٹ ہی جاتی — سہل سی بات کو کر دیتا ہی شوخ لحاظ

خوش جو پایا اوسی سب حال مرا لکھ دیا — نامہ بر وقت پہ کرتا ہی خبردار لحاظ

آگئی ہی عرش پلٹ پھونک چلی گردون کو — کچھ خدا کا بھی کرای آہ شرربار لحاظ

حالِ دل یار سی سب چل کی کہو اَی صفدر
اپنی عیسی سے نہین کرتی ہین بیمار لحاظ

١٣١

چلا جو مین نہ کسینی کہا خدا حافظ — تڑپ مین بھول گئی تمنا خدا حافظ

ابھی تم آئی ابھی کہتی ہو کہ جاتی ہین — درست ٹھیک منا سب بجا خدا حافظ

چمن سی رخصت بلبل ہی گل ہین پژمردہ — چٹک کی دیتی ہین غنچی صدا خدا حافظ

یقین ہی چھوٹ کی ہم قافلی سی ہین تنہا — قدم قدم پہ ہی بانگِ درا خدا حافظ

مٹا ہوا ہی عبث خوش قدونکی چالون پر — یہی چلن ہی تو صفدر ترا خدا حافظ

ردیف عین مہملہ

وہی نظر وہی چتون وہی ہی ساری وضع	١٣٢	اوڑائی عافت مین پریون نی تمہاری وضع
مین ٹہیک ٹہیک پتا او سکا دون تجہی قاصد		جو بہولی بہولی ہین باتین تو پیاری پیاری وضع
مین تمکو دیکہکی یوسف کو آج دیکہ آیا		یہی ہی شکل یہی دہج یہی ہی ساری وضع
شراب رات کو پی دنکو روزہ دار رہی		خدا کا شکر کہ اچہی نبہی ہماری وضع
تمام مستی اوٹہا ہی ہوی ہین غیر ونکی		نہ یہ روش ہی ہماری نہ یہ تمہاری وضع
شراب خانی مین ہی پی کی شیخ مست ہوی		گیا وہ زہد مٹا اتقا سدہاری وضع

کہان ہی ہمسی وفادار کوئی ای **صفدر**
ہمین پہ ختم ہی جو کچہ کہ ہی ہماری وضع

رکہتی ہی شاید کہ عشق عارض جانانہ شمع	١٣٣	سوز غمسی جل رہی ہی صورت پروانہ شمع
داغ کہاتی ہین تری لسوز جاتی ہین جہان		جلتی ہی یکسان میان کعبہ و بتخانہ شمع

ہوں وہ میکش کہ پیو بہا جوں مستی نیم گرم
جا کی مسجد سی اوٹھا لایا سو میخانہ شمع

یوں بھی عاشق سی کوئی معشوق کم تا ہی سلوک
مرگ پروانہ ہی تیرا نازِ معشوقانہ شمع

یاد رکھتا ہی کسیکو کون صفدر بعد مرگ
لائیگا اپنا نہ میری قبر پر بیگانہ شمع

ردیف غین معجمہ

سینی سی کیوں نہ آ ی صدا ہای ہای داغ ١٢٤
داغ آشنای دل ہی تو درد آشنای داغ

کیا بکیسو نسی پوچھتی ہو ماجرای داغ
اب کوئی دلنواز نہین ہی سوای داغ

ای سوزِ عشق دی مری دل کو یہ روشنی
مہتاب و آفتاب سی آنکھین ملای داغ

دلسی کبھی تتو نکی محبت نجای گی
پتھر کا نقش ہی کوئی کیونکر مٹای داغ

تسکینِ دل جو جسم مین ہی کچہ اسی کی ہے
سینی ہی میری ہاتہ نہ یارب اوٹھای داغ

غمخوار جان زار جگر ہی نہ دل مرا
یہ آشنای درد ہی وہ آشنای داغ

بوسی لی رقیب کو ہم جسکی رہ گئی ہے		اوسکو جو گل لی تو ہمین ہاتہ آئی داغ

بعد فنا بھی حق رفاقت ادا کیا
صفدر ہمیشہ یاد رہیگی وفای داغ

پروا نہین جو عرش پہ ہی یار کا دماغ	۱۳۵	ہی عرش سی بلند دل زار کا دماغ
یون تیز تیشہ چل نہ گلستان مین ای نسیم		نازک بہت ہی بلبل گلزار کا دماغ
ای منکر و نکیر ہٹو میری قبر سی		بحثو تم اوس سی جسکو ہو تکرار کا دماغ
دربار مین نہ یاد کیا کبہی مجہی		مین خاکسار عرش پہ سرکار کا دماغ

صفدر مین مدح ساقی کوثر سی مست ہون
کسکو ہی صنف بادہ و خمار کا دماغ

ردیف فا

ہم جانتی نہین جاتی ہین یون بزم جانان کی طرف	۱۳۶	پروانہ آئی جس طرح اوڑکر چراغان کی طرف

فصل گل آئی گل کھلی سنکر قفس مین خبر
ہوش اوڑگئی دل پہنچ گیا اپنا گلستان کیطرف

بلبل تری نالون مین ہوتا نہ تو وحشت کا اثر
گلچین گریبان پہاڑکر جاتی بیابان کیطرف

تونی پہنسایا قید مین دیوانونکو ای بیخودی
جاتی تہی گلشن کیطرف آنکلی زندان کیطرف

مجہ عشق مشرب کیطرف ای جان جاتی کیون نہین
گیسو ہی ہندو کیطرف عارض مسلمان کیطرف

آنکھونکی الفت نی مجہی وہ اجل دکھلا دیا
آہو لگا کر لیگئی شیر نیستان کیطرف

بھولینگی صفدر خواب مین کوچہ قاتل کبھی
جو مرد ہین جیتی ہین وہ منہ کرکی میدان کیطرف

۱۲۷

ہونی دو باغبان ہی جو صیاد کیطرف
پہولونکی کان ہین مری فریاد کیطرف

آنکھین تو ہین سوی برق تجلی ہین طور پر
دل ہی تمہاری حسن خداداد کیطرف

پہنچی جو روح خلد مین کچھ دیکھ بہال کر
پھر آئی وہان سی کوچہ جلاد کیطرف

مانع ہی ضبط ورنہ ارادہ اگر کرون
آجائی خود اثر مری فریاد کیطرف

غم ہو الم ہو درد ہو حسرت ہو یاس ہو
صفدر رہو کوئی تو دلِ ناشاد کی طرف

ردیف قاف

١٣٨

ہزار ہونگی اگر تم پہ جبان جان عاشق — ملیگا ایک نہ ہمسا مزاجدان عاشق
تمہاری ظلم و ستم سی خیال آتا ہی — کہ تم پہ کیون نہ ہوی بعد امتحان عاشق
قدم جنون مین نکلتا نہین جو زندان سی — ہماری پاون کی شاید ہین بیڑیان عاشق
تمہاری ہاتھ سی بھی اب تو شک گذرتا ہی — نہ دیکھی ہونگی کبھی ہمسی بدگمان عاشق

تمہین سناتی ہو سب کچھ وہ کچھ نہین کہتا
بناوگی کہین صفدر سا بی زبان عاشق

١٣٩

وصل ہوتا نہین سوای فراق — دیکھی کب ہو انتہای فراق
بیقراری یہ ای دلِ بی صبر — ابھی نادان ہی ابتدای فراق

ہمکو اسی ہی خواہش وصل | وہ کیا کرتی ہین جو عاشق فراق
جسنی لکہا مرا خط تقدیر | وصل لکہا نہ کیون بجای فراق

کہہ چکا اکہ داستان صفدر
ابھی باقی ہے ماجرای فراق

ردیف کاف تازی

یہ شرمگین انکہ میری دل سی حیا سی منہ پر نقاب کبتک
رہی گی دولہا سے روز صحبت دولہن کی یہ حجاب کبتک

مین مرگیا اور غش سمجہکر یہ کہ رہا ہے وہ ماہ پیکر
کہ انکی غفلت تو ہی برابر بہلا مین چہڑکون گلاب کبتک

وہ بت عنایت پہ جلد آی جو اگر ہنسی سی منہ ملای
تکلف اوٹہی لحاظ جای کرے گا شرم حجاب کبتک

خزان ہی آخر بہار دنیا بقا ہی اسمین ہوا کا جھونکا
غرور اتنا نہین ہی اچھا بھلا یہ حسن شباب کبتک

یہان ہی جینی کا کیا بھروسا کہ حادثون سی بھری ہی دنیا
یہی جو سے موج کا تماچا تو پھر قیام حباب کبتک

ضرور آفاق سی سفر ہی سرور یہان قابل حذر ہی
مقام عبرت یہ خشک و تر ہی شراب کبتک کباب کبتک

خفا نہ **صفدر** رہو مانو کہنا تغافل اتنا نہین ہی اچھا
سحر ہوئی آفتاب چمکا اب آنکھ کھولو یہ خواب کبتک

۱۴۱

حوصلہ ہو جانی کا خاک بزم جانان تک — اسقدر ہی لنگی پس گئی ہین آسمان تک

فصل گل قریب آئی ہی جنون مبارک ہو — ہاتھ پھر لگا جانی خود بخود گریبان تک

خاک مین ملایا ہی چرخ تونی کیا پروا — گرد بنکی پہنچینگی ہم کسیکی دامان تک

حال ہو بہو کہنا میری ہمدم او مجنون کا
ای صبا اگر جانا اوسکی زلف پیچان تک

مجھ مین طاقت پرواز ضعف سی کہان ہمدم
پر ہی میری پہنچینگی اوڑکی اب گلستان تک

یاوہ زور وحشت تہا توڑتی تھی زنجیرین
چاک ہو نہین سکتا ہمسی اب گریبان تک

حال گریہ صفدر کیا بیان کرون ہمدم
موج زن ہی اک دریا شعر سی بیابان تک

۱۴۲

لایا تو ہی نصیب ہمین کوچۂ یار تک
دیکھین گذر ہو یا نہو اوس گلعذار تک

توبہ تو مین سی کی مگر آتا ہے یہ خیال
دیکھین کہ کس طرف ہو طبیعت بہار تک

بوسی لبی زیادہ تو بولی وہ ناز سے
بس بس مضائقہ نہین دو تین چار تک

دامن مین بوی گل کو سمجھتی ہین جو غبار
ای دل وہ خاک آئینگی مجھ خاکسار تک

صفدر غم فراق مین جینا محال ہے
اپنی تو زندگی ہی فقط وصل یار تک

ردیف کاف فارسی

چمک گیا یہ جوانی مین وہی یار کا رنگ	۱۴۳	کہ جسکو دیکھکی صاف اڑ گیا بہار کا رنگ
چمن مین گر یہ بلبل یہ پھول ہنستی ہین		بدل گیا ہی عجب باغ روزگار کا رنگ
مین کسکی دست حنائی کا کشتہ ہون یارب		کہ بعد مرگ بھی گلگون مری غبار کا رنگ
گلون کو ہنسنی دی بلبل کو نالی کرنی دی		کہ چند روز ہی ای باغبان بہار کا رنگ

لکھی ہین وصف جو ابروی یار کی صفدر
ہر ایک شعر مین اپنی ہی ذوالفقار کا رنگ

رخسار یار پر ہین جو یہ تل الگ الگ	۱۴۴	ہر ایک مانگتا ہی مرا دل الگ الگ
کسنی چمن مین اکی یہ ڈالا ہی تفرقہ		پھولون سی ہین جو آج عنادل الگ الگ
جاکر ہماری سینی سی گیسوی یار مین		کیا کیا مزی اڑاتا ہی یہ دل الگ الگ
کس بت کی انتظار مین ہین گرم جستجو		آنکھین جدا جدا جگر و دل الگ الگ

منزل ہی ایک پہنچین صفدر پہ بیٹ ہین
ملکر چلین کہ رہبر و منزل الگ الگ

ردیف لام

یہی بہتر ماہی مجکو جا بجا دل	۱۴۵	مرا بچپین سیر اچپلا دل
ملایا خاک مین کیون اسکو تونی		بہت نازون کا پالا تہا مرا دل
ہزارون حسرتون کا خون ہوگا		اری ظالم نہ مٹی بین ملا دل
او ٹہاتا کیون بتون کی نار بیجا		اگر ہوتا مری بس مین مرا دل
ادا و ناز جانان کی دوہائی		گیا دل ہاتہ سے میری گیا دل
ملا روز ازل عالم کو سب کچہ		ہمین آفت رسیدہ اک ملا دل
ہمارا بہی کبہی تو آشنا تہا		اری او بی مروت بیوفا دل
گلی سی اونکی گہر تک آتی آتی		مچلکر سو جگہ رہ رہ گیا دل

خوشی ہو غم ہو کچھ ہو ہمیں صفدر
بس اٹھ وا اک صنم کو دیدیا دل

١٤٦ کیا پوچھتی ہو کتنا ہی عالی وقار دل — عرش خدا ہی کعبہ پروردگار دل
بجلی شرار شعلہ سمندر ہزار دل — المختصر ہی قدرت پروردگار دل
قاتل کی ہر طرح مجھی منظور ہی خوشی — سر پیشکش ہی جان فدا ہی نثار دل
اندوہ و یاس و حسرت و حرمان کا ہی ہجوم — آباد ہی انہیں سی مرادا عذار دل
لعنت فی اسکو خاک تری آخر ملا دیا — تھا ورنہ یہ کبھی گہر آبدار دل
ہوتا ہی بیقرار حسینوں کو دیکھکر — ایسا دیا تھا کیون مجھی پروردگار دل

صفدر مدار زیست تڑپنے پہ ہی مرا
مر جاؤن ایک دم جو نہو بیقرار دل

١٤٧ آبداری پہ ہی پھر شمشیر قاتل آجکل — پھر تڑپتی ہین تڑپی بسمل پہ بسمل آجکل

تیسری ن اونکی عادت ہی کہ ملجاتی ہین آپ — صبر کرنا چاہیی ہر طرح ای دل آجکل
پھر ہوا سودا کسیکی زلف پیچان کا ہمین — پھر ہمین درکار ہین طوق و سلاسل آجکل
خم کی خم اولٹی پڑی ہین میکدی مین جابجا — قابل نظارہ ہی مستونکی محفل آجکل
قیس نی پلکونسی اپنی صاف کی ہین تہرلین — شاید آیی گا ادھر لیلی کا محمل آجکل
دو گھڑی گلشن مین چلکر سیر سنبل دیکھیی — یاد گیسو مین پریشان ہی بہت دل آجکل

ٹھنڈی سانسین کیون ہین لب پہ کچھ تو صفدر کہو
کس پری رو پر ہوی ہین آپ مائل آجکل

۱۴۹

کھینچکر تیغ جو آیا سوی بسمل قاتل — وہ اداکی کہ تھمنا بول اوٹھی قاتل قاتل
جسطرف دیکھ لیا لوٹ لیا مار لیا — آنکھ رہزن ہی تری آنکھ کا ہی تل قاتل
کون ہی قابل رحمت کوئی پوچھی گا اگر — صاف محشر مین کہینگی کہ قاتل قاتل
ذبح کی وقت نہ آنا دل بیتاب تڑپ — ایسی صدمونکا نہوگا متحمل قاتل

مرغ بسمل کی طرح تن میں بیتاب ہی قیس — ہوگئی کیا نگہ صاحب محمل قاتل

مسیحا تکلف ہی جو دم بھرتی ہین بسمل تیرا — بات جب ہی کہ مسیحا کہی قاتل قاتل

لوگ دیوانی ہین جو ڈہونڈہ رہی ہین صفدر

قتل کرکی مجھی چھپ گئی منزل قاتل

۱۴۶

مرا گھر کہاں اونکی آنیکی قابل — بلاؤن اگر ہون بلانیکی قابل

کبھی بوسہ مانگا دہن کا تو بولی — چلو تم نہین منہ لگانیکی قابل

غرض دیر سی ہی نہ کعبی سی ہمکو — یہ سر ہی تری آستانی کی قابل

ہنسا مین تو ہنسکر کہا اونسی مجھسی — ہوئی آپ بھی مسکرانیکی قابل

ق

جنازی پہ میری کہا سبنی اونسی — مسیحا ہو تم یہ جلانی کی قابل

کہا اونسی کچھ سوچکر اپنی دل مین — یہ میت نہین ہی جگانی کی قابل

کہا کچھ جو مینی تو بولی وہ صفدر

ہوی تم بھی باتین بنانی کی قابل

کیا ترقی پہ ہی حسن روی جانان آجکل	۱۵۰	جھیپتا ہی چرخ پر مہر درخشان آجکل
پھر کہان یہ فصل گل جوش ای دشت جنون		رہ سجای حسرت چاک گریبان آجکل
مہندی پھر ملنی کا قاتل کو ہوا ہی تازہ شوق		رنگ لایا ہی حنا خون شہیدان آجکل
دیکھی کسکو جلای کسکو پہونچی خبر ہو		گرمیان کی کہلا رہی ہی آہ سوزان آجکل
پان مسی سرمہ کاجل خانہ مہندی آئنہ		جمع وہان کیا کیا ہین آرایش کی سامان آجکل
یہان شب تاریک ہین اختر شماری ہی ہمین		وہان چنی جاتی سے ہے پیشانی افشان آجکل

کہہ دو مشتاقون سی جلدی کیا ہی ملجای گا جلد
لکھ گیا چھپنی کو ہی صفدر کا دیوان آجکل

پروا نہین جو قبر پہ کوئی نہ لای گل	۱۵۱	باد صبا نی لاکی چمن سی چڑہای گل
ماتم سرا ہی قمری و بلبل سے بوستان		اک سمت ہای سرو اک سمت ہای گل

دل قد یہ ہی نثار جگر روی یار پر
اک آشنای سرو ہی اک آشنای گل

مدت کی بعد آئی مری قبر پر جو شمع
وہ بھی ہوئی ہوا کی شرارت سی ہائی گل

صفدر عدو کی ساتھ بھی کاوش نہین ہمین
کاٹی نہین ہمارے چمن مین کسی کی گل

۱۰۲ رقیبون مین مہندی لگانیسی حاصل
جلی دل کو میری جلانیسی حاصل

یونہین فتنہ پرداز عالم سے چتون
پھر آنکھون مین سرمہ لگانیسی حاصل

جو چوری ہی مد نظر دل ہی حاضر
مری جان آنکھین چرانی سی حاصل

نہ لو چٹکیان غیر کا ذکر کر کی
دکھی دل کو میری دکھانیسی حاصل

نکلتی ہی گھر سی نہین ہین وہ صفدر
سر راہ آنکھین بچھانی سی حاصل

۱۰۳ قفس پہ پھول رکھنی سی ستم ایجاد کیا حاصل
گرفتارونکی تڑپانی سی ای صیاد کیا حاصل

خزاں آئی چمن میں خاک اسی صیاد دیتی ہے | قفس سے اب جو کرتا ہے مجھے آزاد کیا حاصل

شکایت دورِ انجم کی بھلا کب چرخ سنتا ہے | برہمن سے بتوں کی ہم کریں فریاد کیا حاصل

تہِ خنجر جو کہتا ہوں اٹھا رکھیے ذرا ابرو | تو کس اغماض سے کہتا ہے وہ جلاد کیا حاصل

کوئی سنتا نہیں بیدرد ہیں سب قاتلی والی
کہو صفدر جب اس سے کی تو فریاد کیا حاصل

ردیف میم

۱۵۴

نسرین میں تم ہو بلبل میں یا سمن میں تم | حقا ہر رنگ بو ہو ہر اک پیرہن میں تم

طاقت دل و جگر میں زباں ہو دہن میں تم | میں ہوں کہ بو تو ہو مری پیرہن میں تم

مسجد میں بتکدے میں کلیسا میں دیر میں | دیکھا تو تم چراغ ہو اک انجمن میں تم

گل میں شمیم نشہ مے لالہ فام میں | موتی میں آب رنگ عقیق یمن میں تم

موئے میانِ نازکِ مہ طلعتاں میں بل | خم گلرخوں کی زلفِ شکن در شکن میں تم

وجہ صفای چہرۂ آئینۂ حلب — خوشبو لباس نافۂ مشک ختن مین تم

بل کرگدن کی شاخ مین چیتی کی تن مین داغ — جرأت مزاجِ شیر مین شوخی ہرن مین تم

زینت کی تختِ زانوِ شیرین پہ آنہ — ہنگام جہد تیشۂ کف کوہکن مین تم

کہتی تھی کیا زبان سی کیا کچہ نکل گیا

صفدر کمال آج تو بہکی سخن مین تم

۱۵۵

جانی کو گہر اوسکی بہائینگی ہم — دل روز کہان سی لائینگی ہم

پہلو مین جو تم ہو حضرتِ دل — اک دم بہی نہ چین پائینگی ہم

پرسش جو ہوی تو حشر کی دن — تصویر تری دکہائینگی ہم

ہنستی ہوی آی اس چمن مین — روتی ہوی یہان سی جائینگی ہم

کیون خاک مین ہو ہمین ملاتی — سمجہو ہمین یاد آئینگی ہم

جی بہر کی کرینگی دل کا ماتم — چہوٹی سی لحد بنائینگی ہم

صفدر اک روز وصل ہوگا
کب تک صدمے اوٹھائینگے ہم

۱۵۶
کسیکو اوسکی دہن کا نشان نہین معلوم | سوا خدا کے یہ راز نہان نہین معلوم
تمہارا دل جو کہین آئیگا تو سمجھو گے | ہماری قدر ابھی جان جان نہین معلوم
پہونچہ خانہ بدوش کو کچہ پتا صیاد | کدہر چمن تہا کہان آشیان نہین معلوم
گلی مین یار کی یا وادی جنون کی طرف | گیا ہے یہ دل وحشی کہان نہین معلوم
عدم کو لوگ چلے جاتے ہین جو ہستی کے | یہان سے کیا ہے زیادہ وہان نہین معلوم
رہے وہ گور غریبان مین یا گئے سوی خلد | مسافران عدم کا نشان نہین معلوم

عبث بگڑتا ہے صیاد آہ صفدر سے
اسیر تازہ ہے طرز فغان نہین معلوم

۱۵۷
دل دیکے تمہین بہت چلے ہم | کیا مفت یہ مال کھو چلے ہم

اس باغ مین رہ گئی جو شب بھر — شبنم کی طرح سی رو چلی ہم
اسی ڈال تمھی دی کی ایک گل کو — کانٹی تری حق مین تو چلی ہم
کیا خاک اس انجمن مین دیکھا — بس کھلتی ہی آنکھ سو چلی ہم
اب جلد لگا دی منہ سی ساغر — ساقی ہشیار ہو چلی ہم
ہم دفن ہوی تو روح بولی — کشتی اپنے ڈبو چلی ہم

یہان شمع کی طرح آ کی صفدر
احوال پر اپنے رو چلی ہم

۱۵۰

صفدر کمال تنگ ہین جور و جفا سی ہم — فریاد ان بتون کی کرینگی خدا سی ہم
دلکو خیال گیسوِ پیچان نہین رہا — اچھا ہوا کہ چھوٹ گئی اس بلا سی ہم
جس جا کبھی ہوا نہ فرشتی کا بھی گذر — پہنچی وہان رسائی بخت رسا سی ہم
پھیلا چرا کی ایک تو دست یار کا — کہتی ہین ہاتہ جوڑ کی دزد حنا سی ہم

پوچھا مزاج ہم نے تو بولی کہ شکر ہی ۔ اچھی ہین آجتک تو تمہاری دعا سی ہم
نفرت ہی دلکو دولتِ دنیا سی اسقدر ۔ چلتی ہین بچکی سایۂ بالِ ہما سی ہم

صفدر ہمارا دل جو پریشان ہوین یہان
کھینچین گی ہاتھ الفتِ زلفِ دوتا سی ہم

١٥٩
وہ شیرین ہی پرویز دوران ہین ہم ۔ وہ بلقیس ہی تو سلیمان ہین ہم
فقیری ہماری فقیری نہین ۔ سکندر ہین قیصر ہین خاقان ہین ہم
بظاہر ہین کوچی مین اوسکی گدا ۔ حقیقت مین دیکھو تو سلطان ہین ہم
دکھا دو کبھی پھول سا رخ ہمین ۔ کہ مشتاقِ سیرِ گلستان ہین ہم

جو سرو خرامان ہی صفدر وہ گل
تو داغون سی سرو چراغان ہین ہم

١٦٠
نہ ہی اپنی اختیار مین ہم ۔ اور کچھ ہو گئی بہار مین ہم

قید کر ہمکو یا رہا صیاد
اب تو ہین تیرے اختیار مین ہم

پی چکی ہین ہزار خم لیکن
ساقیا ہین ابھی خمار مین ہم

شور محشر نے کیا قیامت کی
سو گئی تھی ابھی مزار مین ہم

نیند آئی نہ رات بھر صفدر
تھی کسیکی جو انتظار مین ہم

ردیف نون

۱۶۱

کیف مئ کہن ہون مین بوی گل وسمن ہون مین
لالہ ہر چمن ہون مین شمع ہر انجمن ہون مین

میکدی مین ہین بادہ نوش مے سی ہین تمام ہوش
کعبی مین شیخ جبہ پوش دیر مین برہمن ہون مین

رنگ رخ خجل ہون مین حسرت منفعل ہون مین

گریۂ چشم دل ہون مین خندۂ زخم تن ہون مین

سایۂ ہر شجر ہون مین لذت ہر ثمر ہون مین

آتشِ لعلِ تر ہون مین آبِ دُرِ عدن ہون مین

ساکنِ بی مکان ہون مین بسملِ بی سنان ہون مین

نالۂ بی زبان ہون مین خندۂ بی دہن ہون مین

گریۂ آبشار مین تازگی بہار مین

سبزی سبزہ زار مین زردی یاسمن ہون مین

بلبل نالہ کش ہون مین پھولون کی بو پہ غش ہون مین

طوطیِ خضر وش ہون مین آئینہ چمن ہون مین

ذوق جگر خراشیِ آہ اثر گدازِ قیس

لذتِ دردِ محنتِ بازوِ کوہکن ہون مین

صفدر اگر ہو چشم والا حشر مین ہم عاصیان
سایۂ ابر رحمت حضرت ذو المنن ہون مین

کوئی کیا جانی مجکو مرکز عالم مین کیا ہون مین ١٦٢
خط نصف النہار آسمان اعتلا ہون مین

شہیدونکو دیت مطلوب ہے تو خونبہا ہون مین
حسینونکو جو زینت کا خیال آئی حنا ہون مین

اگر سرمہ بھی ہون تو سرمۂ چشم بصیرت ہون مین
اگر شبنم بھی ہون تو شبنم باغ صفا ہون مین

سبک روحی سی سو سو رنگ عالم مین بدلتا ہون
سمن ہون یاسمن ہون نکہت گل ہون صبا ہون مین

فلک پر جو آؤن تو فروغ تازہ دکھلاؤن
قمر ہون مشتری ہون مہر تابان ہون سہا ہون مین

مری یاد سی زندہ ہو عالم ہو اگر مردہ
صدای صور ہون ہنگامۂ روز جزا ہون مین

بروز قحط تاثیر دعای احمد مرسل
دم پیکار زور بازوی مشکلکشا ہون مین

مداوا درد کی حق مین تو مرہم داغ کی حق مین
غریبونکا سہارا ہون مریضونکی شفا ہون مین

عتاب و لطف دونون ذاتی ہین مجمین الٰہی صفدر

دم آب بقا ہوں جرعۂ زہر فنا ہوں میں

۱۶۳ تہی دستوں کو دولتمند کردوں وہ گدا ہوں میں
سیہ بختی میں مثل سایۂ بال ہما ہوں میں

پریشاں خاک کی صورت شتاباں آب کی صورت
حرارت میں ہوں آتش تیز چلنے میں ہوا ہوں میں

کوئی بھٹکے کسی صحرا میں خضر راہ ہوں اسکا
کوئی کشتی بھی دریا میں اوسکا ناخدا ہوں میں

کبھی برق تجلی ہوں کبھی نور رخ یوسف
کہیں بدر الدجیٰ ہوں میں کہیں شمس الضحیٰ ہوں میں

کسیکا کام اس نہ ملیں مجھسی کب نکلتا ہی
نہ نقش پای رہرو ہوں نہ آواز درا ہوں میں

جو ظاہر بیں ہیں یہ مردم تو میں کب انسے ملتا ہوں
یہ جبتک سامنے ہیں انسے صورت آشنا ہوں میں

بشکل آئینہ وارفتۂ چشم عنایت ہوں
جو مجکو دیکھتا ہی بس اوسیکو دیکھتا ہوں میں

تماشا اس چمن کا کیا سمای ہی نظروں میں
دل بی آرزو ہوں تارک برگ و نوا ہوں میں

مقابل مجھسے ہوکر کون بچ سکتا ہی صفدر
نشانہ سامنے آئی تو تیر بی خطا ہوں میں

۱۶۴ کس شان سی گھر مین مری وہ آی ہوی ہین — سہمی ہوی جھیپی ہوی شرمای ہوی ہین

پھر ہاتہ نہ آی گا جو بیٹھا ہی تو پہلو — ابتک دل بیتاب کو ٹھہرای ہوی ہین

ہی صبح شب وصل بھی کس لطف کی صحبت — ہم چھیڑ پر آمادہ وہ شرمای ہوی ہین

خنجر کو نہ آتی تھی کبھی کاوٹ نہ رکاوٹ — قاتل یہ چلن سب ترے سکھلای ہوی ہین

خلوت مین بھی اظہار تمنا نہین ممکن — انداز و ادا یار کی ساتہ آی ہوی ہین

کہدی مری مرنی کی خبر اوس نی یہ کسنی — کچہ سوچ مین بیٹھی ہین وہ گھبرای ہوی ہین

صرصر سی کہو جلد چراغ آکی بجہاوی — تربت پہ کوئی پردہ نشین آی ہوی ہین

کرتا دل بیتاب قیامت مگر ابتک — روکی ہوی تھامی ہوی بہلای ہوی ہین

حوروں کو کبھی منہ نہ لگائینگی وہ صفدر
جو یار کی بوسون کا مزہ پای ہوی ہین

۱۶۵ ہمیشہ مجکو حسرت سی ستمگر یاد کرتی ہین — تاسف خون ناحق کا مری جلاد کرتی ہین

صنم کا ذکر کرتی ہین نہ حق کی یاد کرتی ہین
ہم اس عمر دوروزہ کو عبث برباد کرتی ہین

ٹھہر جا کوئی ساعت او ری تیغ قضا دم لے
ابھی بسمل تماشای رخ جلاد کرتی ہین

ہوئی ہی ترک میخواری مگر کچھ ریا باقی ہے
صراحی ہچکیان لیتی ہی جب ہم یاد کرتی ہین

چہکنا ہم صفیران چمن سب بھول جاتی ہین
تڑپ کر جب اسیران قفس فریاد کرتی ہین

سوال وصل پر لازم نہین ہین گالیان دینی
ہماری عرض کیا ہی آپ کیا ارشاد کرتی ہین

سحر کو طایران خوش نوا کس کی صفت کرتی
ثنای باغبان گلشن ایجاد کرتی ہین

تصور آجکل پھر دل مین آیا خوبرویون کا
پھر اس اجڑی ہوئی بستی کو ہم آباد کرتی ہین

یہ کس محبوب کی تصویر ہی آئینۂ دل مین
کہ صفدر رشک جس سی مانی و بہزاد کرتی ہین

۱۶۶

صبا کیا چھو گئی ہی آپ کیون شرمای جاتی ہین
گل عارض نصیب دشمنان کمہلای جاتی ہین

ذرا تسکین چل پہنچ کنج کی دم لی لی کی رل کی
قیامت ہی یہ غمزی تیغ کو سکھلای جاتی ہین

گیا ہی قاصد شوق شہادت انکی لینی کو
اجل آتا توقف کرکے وہ بہی آگی جاتی ہین

جہان مین وہ بجای نام الفت ناکہین باقی
نشانہای مزار عاشقان مٹی جاتی ہین

بڑہا ہی شوق دل دست ہوس سپتان جانان پر
ثمر نخل قامت سی ابہی ہاتہ آتی جاتی ہین

نظر آتی ہی شان کبریا اس بت کی محفلین مین
بٹہای جاتی ہین اغیار ہم اوٹہای جاتی ہین

دو مست حسن دونون مین کسیکی بہی نہین سنتا
عبث شیخ و برہمن اپنی اپنی گای جاتی ہین

دکہاکر آب تیغ تیز وہ سفاک کہتا ہے
جو ہمپر مرتی ہین اس گہاٹ وہ نہلای جاتی ہین

بہلا صفدر ہین اونکو راہ پر کس طرح سی لاؤن
کبہی جاتی ہین رونی لگتی ہین شرمای جاتی ہین

کبہی سبزۂ لب نہر ہون کبہی اس چمن مین نسیم ہون

کبہی تختۂ لالہ مین داغ ہون کبہی جیب گل مین شمیم ہون

نئی حال مین ہون مین ہر نفس کم و بیش پر مجہی دسترس

جو گھٹوں تو تحت ثری بنوں جو بڑھوں تو عرش عظیم ہوں

نہ کھل سکون نہ سنبھل سکون نہ ٹھہر سکون تہ فلک

کوئی کشتی جیسی بھنور میں ہو انھیں گردشوں میں مقیم ہوں

جو ستای مجکو کوئی ذرا وہ عذاب میں رہی مبتلا

نہیں سہل کچھ مجھی چھیڑنا اثر سر شک یتیم ہوں

مری رنج کی نہ کچھ ابتدا نہ مری خوشی کی ہی انتہا

جو جلوں تو نار جحیم ہوں جو ہنسوں تو باغ نعیم ہوں

نہیں اس جہان پہ نظر مجھی کہ مآل سی ہی خبر مجھی

نہ ہوای لعل و گہر مجھی نہ میں طالب زر و سیم ہوں

جو جلا ہی آتش عشق کا وہی آگ ہو گی اوسی دوا

نہیں احتیاج حکیم کی کہ میں آپ اپنا حکیم ہوں

ہم عشق تیری ترقیان تری زیر حکم ہو سب جہان
کبھی بھی قدم سی نکر جدا مین ترا رفیق قدیم ہون
نکرون مین صفدر خستہ جان جو رجوع اوس سی یہ دل کہان
وہ طبیب ہی مین مریض ہون وہ حکیم ہی مین سقیم ہون

۱۴۸

شہرہ ہی تیری حسن کا جانا کہان کہان	ہی نور آفتاب درخشان کہان کہان
پہنچا نہ تیری حسن کا فرمان کہان کہان	بندی ہوی ہی گبر و مسلمان کہان کہان
شمعون مین اوسکا نور ہی پہولون مین اوسکا رنگ	دیکھا ہی ہمنی جلوۂ جانان کہان کہان
جاتا ہی کوئی سوی حرم کوئی سوی دیر	پہرتی ہین ڈہونڈہتی تجہی انسان کہان کہان
مرغوب طبع ہی جو زمانی مین ہی حسین	اک دل ہی اسکو کیجیی قربان کہان کہان
دل ناگہان جو گیسوی دلدار مین گیا	بولا یہ شانہ ہوکی پریشان کہان کہان
وہ زلف و رخ یہ کہتی ہین تاراج کی لیی	ہندو کہان کہان ہین مسلمان کہان کہان

دریا مین موج باغ مین گل جادہ دشت مین
پہیلی ہین میری چاک گریبان کہان کہان

صفدر یہ پوچہا منی گئی جستجو یار مین
یارو یہان ہی مجمع خوبان کہان کہان

١٢٩

چمنین کی ہی پہر پہر کر تمہاری جستجو برسون
کسی گل مین نپائی پر یہ بینی تیری بو برسون

دلا ہی جس سبب ایک دم کی زندگانی ہی
جہان مین ہی آیا ہون مین سونی تو برسون

نہ کچہ عقدہ کہلا اونپر مری حال پریشان کا
کہا کی زلف سی جان حال میرا مو بمو برسون

کسی کی یاد نی بخشا ہی ایسا ذوق خاموشی
کہ بت بنکر رہی ہین ہم خدا کی روبرو برسون

یہ کسکی خون کی منہدی الہی ملکی آئی تہی
کہ آئی تیغ قاتل سی دولہن کی مجکو بو برسون

لحد پر بہی وہ مجہ ناشاد کی آیا نہ مدت تک
موی پر بہی نہ میری دل سی نکلی آرزو برسون

چمک دیکہی جو میری درد کی اضعاف سی دم بہر
تو بجلی کی طرح تڑپا کری ای تیغ تو برسون

رہی کیا دیج اسیری مین بہی ساقی تیری مستی کی
کہ حلقہ گردن خم کا رہا طوق گلو برسون

زبان حال سی اظہار درد دل کیا صفدر
لب خاموش سی کی تی رہی ہم گفتگو برسو ہون

عالم تباہ ہو جو مین آفت رسیدہ ہون	۱۴۰	طوفان نوح آی اگر آبدیدہ ہون
شکوہ نہین جو یار رہا مجھسی بیخبر		مین حرف مدعای لب نارسیدہ ہون
پھولا کبھی نہ غنچہ صفت تنگدل رہا		یارب مین کس چمن کا گل نودمیدہ ہون
وہ اپنی گھر مین خوش ہین مین اپنی گھر مین خوش		مجھسی جو وہ خفا ہین تو مین بھی کشیدہ ہون
صیاد کا نہ خوف نہ ڈر مجھکو دام کا		مین اس چمن مین طایر رنگ پریدہ ہون
وحشت کی دیتی ہی مری افتادگی خبر		صحرا مین نقش پای غزال رمیدہ ہون
پائی ہی مینی خاک مین ملنی سی آبرو		اس غمکدی مین صورت اشک چکیدہ ہون
پروانہ مین نہین کہ جلون شمع بزم پر		بلبل نہین جو نکہت گل پر طپیدہ ہون

صفدر مین بوستان جہان مین مثل ورد

جو کچھ کہ ہوں سو ہوں غرض آفت رسیدہ ہوں

١٧١ ستاتی ہین یہ زلفون والی ہمین | خدا اس بلا سی نکالی ہمین
چمن سی نہ گلچین نکالی ہمین | کہ رو رو کی بھرنی ہین تنہائیان
نہ دیوانی ہین ہم نہ وحشی ہین ہم | جو چاہین کہین کہنی والی ہمین
کسیکی ہمین یاد آئی ہی چال | کہو ہمنشین اب سنبھالی ہمین
نہ جائینگی ہم بزم دلدار سے | نہین مانگ جو وہ نکالی ہمین
نہ شکوہ کرینگی خدا کی قسم | وہ بت جتنا چاہی ستائی ہمین
لحد تک سب آکر گئی اپنی گھر | کیا ہی خدا کی حوالی ہمین
بہت مضطرب ہی دلِ بعیدا | کبھی تو گلی سے لگائی ہمین

گلی مین مری ہاتھ نہ وہ ڈال کر
یہ کہتے ہین صفدر سنائی ہمین

۱۷۲

رہی ہی کعبہ و بتخانہ مین قید مکان برسون ۔ رہی ہین ہم یہان سون بسر کی وان برسون

شب وصلت کبھی بوسہ جو اوسکی لب کا پایا تھا ۔ جدائی مین مزہ کیا کیا اوڑایا کی زبان برسون

عجب اک عالم وحشت تھا آغاز محبت مین ۔ رہا مین خانمان برباد بی نام و نشان برسون

نہین کچہ آج نالی نی مری تاثیر دکھلائی ۔ رہی ہین درہم و برہم زمین و آسمان برسون

کسیدن چہرہ گل کو جو گستاخی سی دیکھا تھا ۔ ہوئی سیدہی نہ بلبل سی نگاہ باغبان برسون

نہین پایا ہی اوس ظالم نی مجہسا صابر کامل ۔ مہینون آزمایا ہی کیا ہی امتحان برسون

گلستان کو نہ اگر جانا صیاد مین بہولی ۔ رہا ہمکو قفس مین بھی خیال آشیان برسون

اجازت دی مجھی صیاد ابتو ایک نالی کی ۔ زبان روکی ہی مدت تک کیا ضبط فغان برسون

جہوا تھا اوسکی گیسو کو فقط اس جرم پر صفدر

رہی زندان مین ہم محبوس پہنین بیڑیان برسون

۱۷۳

غم دل جو اوسی عیان نہین تو کچہ اسکی وجہ نہان نہین

مری لب پہ شور و فغان نہین مری اشک چشم روان نہین

وہ شجر ہون جسمین ثمر نہین وہ صدف ہون جسمین گہر نہین

وہ سخن ہون جسمین اثر نہین وہ دہن ہون جسمین زبان نہین

تری مدح ہمسی ہو جسان جان کبھی اپنی دلکو نہین گمان

وہ دہن کہان وہ زبان کہان وہ سخن نہین وہ بیان نہین

جسی ذوق الفت یار ہی اوسی سب طرح سی قرار ہے

عجب اس چمن کی بہار ہی کبھی جسکو خوف خزان نہین

جنہین زندگی پہ غرور ہی او نہین عقل ہی نہ شعور ہے

سفر اس سرا سی ضرور ہی کہ قیام عمر روان نہین

جنہین ناز جاہ و حشم پہ تہا جنہین کبر گنج و درم پہ تہا

جنہین فخر طبل و علم پہ تہا کہین آج اونکا نشان نہین

غزل اور صفدر خوش بیان کمو خوش ہو جس سی دل لبھان

نہ رکی قلم نہ تھمی زبان ابھی بند طبع روان نہین ++

١٢٤
یہ گل ہمیشہ بہار ہی مری دل مین داغ عیان نہین

صفت گل چمن جنان کبھی اسکو خوف خزان نہین

وہی سبزہ لب نہر ہی وہی آبشارونکا شور ہے

وہی قمریونکا ہجوم ہی مگر اپنا سرو روان نہین

ابھی تیغ غمزہ کہنچی نہین ابھی تیر عشوہ چلا نہین

ابھی اوسمین ناز و ادا نہین ابھی طفل ہی وہ جوان نہین

وہی کعبی مین وہی دیر مین وہی باغ مین وہی بزم مین

جو دوئی کا پردہ اوٹھا دیا تو خدا کا جلوہ کہان نہین

کہا اوسنی صفدر نیم جان مگر اسکی جان سی گذر گیا

کہ ہماری کوچی مین دیر سی وہ صدای آہ و فغان نہین

کچہ دہیان ہجبہ کا نہ او وصل یار مین	١٧٥	بھولا خزان کو مرغ خوش الحان بہار مین
دیکھا نہ ایک بن تری عارض کا ہمنی رنگ		پھولی ہزار گل چمن روزگار مین
روز فراق ہو نہ شب وصل کی سوا		گردش فلک کی ہو جو مری اختیار مین
گستاخیون سی میری وہ آزردہ ہو گئی		سوجہا نہ خاک لذت بوس و کنار مین
پاس رقیب سی دہستا تا نہین وہ شوخ		اولجہا ہوا ہی دامن گل نوک خار مین
مستونکو اوسنی وادر جنت دکہا دیا		انگڑائی لی جو ہاتہ اوٹھا کر خمار مین

صفدر پہر اوسکی چشم فسونگر کا ہی خیال
پہر مبتلا ہون گردش لیل و نہار مین

خاک دیکھی سیر ہمنی گلشن ایجاد مین	١٧٦	پر نہ نکلے تہے کہ آئی خانۂ صیاد مین
عمر بہر نالان رہا اک رشک گل کی یاد مین		پہل یہ پایا مینی آکر گلشن ایجاد مین

حسرت و یاس و غم و رنج و الم کا ہی ہجوم — آگئی وسعت کہان سی اس دل ناشاد مین
چاہتا ہون زیر خنجر حشر تک گردن رہی — کیا کہون قاتل جو لذت ہی تری بیداد مین
سرو کی الفت مین قمری شوق گلبن عندلیب — مین ترا مشتاق آیا گلشن ایجاد مین
ہی سکندر کا نہ دارا کا نہ قیصر کا نشان — چار دن سب رہ گئی اس قصر بی بنیاد مین

ٹہوکرین کہائین بہت صفدر تو نی عشق مین
زندگی باقی بسر ہو اب خدا کی یاد مین

،،،

اب کہتی ہو کہ تم مری محفل مین آئی کیون — آتا تہا کون کوئی کسیکو بلائی کیون
کہتا ہون صاف صاف کہ مرتا ہون آپ پر — ظاہر جو بات ہو اوسی کوئی چہپائی کیون
مینی جو آہ کی تو کہا ہنسکی یار نی — ایسی جو ناتوان تہی تو پہر ناز اوٹہائی کیون
ایدل اگر کسیکی نہی تجہکو جستجو — قلابی آسمان و زمین کی ملائی کیون
ہستی مین نیستی سی تو آئیکو آئی ہم — لیکن بہت ہین دل مین پشیمان کہ آئی کیون

حیرت کا ہی مقام تماشا نہین ہی — لائی ہی یہ میری صبح مین اپنی برای کیون

محراب بھر سجدہ ہو جب ابرو بتان
صفدر دیار ہند سی کعبی کو جائی کیون

١٧٨

کہون کیا مین تمسی کہ کیا چاہتا ہون — جفا ہو چکی اب وفا چاہتا ہون
نہ وصلت سی مطلب فرقت سی مطلب — فقط مین تمہاری رضا چاہتا ہون
دل آئینہ ہی تمکو معلوم ہوگا — نہین چاہتا ہون مین یا چاہتا ہون
بہت آشنا ہین زمانی مین لیکن — کوئی دوست درد آشنا چاہتا ہون
کسی گل کی بو لا کے مجکو سنگھا دی — یہی تجھسی باد صبا چاہتا ہون
خدا دوست کو میری مجھسے چھڑا دی — جو دشمن کا بھی مین برا چاہتا ہون

وہ عیسی سے ملے تو کہون اوس سی صفدر
کہ مین درد دل کی دوا چاہتا ہون

دل و جگر خون ہو چکی ہین حواس تک اپنی جا چکی ہین
وہی محبت کا حوصلہ ہی ہمسے اصدمی اوٹھا چکی ہین

یقین ہے اب رحم پر وہ آئین ستم کبی ہین کمال مجہسے
ستا چکی ہین رولا چکی ہین دل و جگر کو جلا چکی ہین

کبھی ندامت نہوگی واعظ شراب گلگون کی میکشون سے
زبان سی اوسکو برا کہین کیا جسی کہ منہ ہم لگا چکی ہین

لگا کی خنجر بجہائینگی کیا وہ پیاس میری سنا ہی منہ نے
مری طرفسی رقیب اونکو لگا چکی ہین بجہا چکی ہین

ستم سے دل اور شادمان ہو کبھی نہ سختی کوئی گران ہو
کسیکا اب اور امتحان ہو ہمین تو آپ آزما چکی ہین

مقدر اپنا ہی خفتہ کب سے کہان ہی امید اب کہ جو نگی

تڑپ کی چلا کی شور کر کی بہت اسی ہم جگا چکی ہین

چمن سے گل توڑنا تو کیسا ابھی سے صفدر بہت غنیمت

کہ دامن الجھا جو خار سی تھا بہ مشکل اوسکو چھڑا چکی ہین

ہوی الفت کی جب بدی تو کب قاضی سی ڈرتی ہین / خدا کی سامنی کہدینگی ای بت تجھپہ مرتی ہین

جہان دیکھا کسکو بس یہ حسرت اوسپہ مرتی ہین / حسینون سی نہین ڈرتی ہم اپنی دل سی ڈرتی ہین

کہا مجکو اجل نی دیکھکر مقتل مین قاتل سی / ہین حاضر اسکو جلدی آپ اب بیتاب کرتی ہین

زیادہ اس سی شوخی اور کیا ہو گی حیا ہے / یہی بیٹھی ہین منہہ مین مرادل اور مکرتی ہین

تری اس بیوفائی پر وفاداری یہ کرتا ہے / نہین مرتی ہین تجھپر ہمتو اپنی لیئے مرتی ہین

یہ خودبینی کہان تک آئینی کو اب کرو رخصت / ادہر بھی اک نظر ہم بھی تو تمکو پیار کرتی ہین

فراق یار مین یون عمر صفدر کی گذرتی ہے

تڑپتی ہین سسکتی ہین نہ جیتی ہین نہ مرتی ہین

تعلق سے ہیں آزاد سیر دشت و گلشن میں	۱۸۱	نہ گل میری گریبان میں نہ کانٹا میری دامن میں
میں سمجھا عشق میں معنی تو اگر ہے حسن میں کامل		نہ سمجھا خاک صحرا میں نہ سمجھا پھول گلشن میں
نہ کوئی غیر کعبے میں نہ بتخانے میں بیگانہ		نہ بردستی کا جھگڑا اٹھ گیا شیخ و برہمن میں
وہ میکش ہیں کہ اے زاہد ہمارے ہاتھ رہتے ہیں		کبھی شیشے کی گردن میں کبھی ساقی کی گردن میں
کسی کی دل کی دکھنے پر ترس کھاتا نہیں کوئی		گھٹائیں رو رہی ہیں ہنس رہی ہیں بجلیاں ساون میں
تمہارا ایک جلوہ ہر جگہ نیرنگ کرتا ہے		صمد چشم مسلمان میں صنم چشم برہمن میں

مضامین منتخب میری غزل میں کیوں نہ ہوں صفدر
میں کانٹوں کو ہٹا کر پھول چن لیتا ہوں دامن میں

پھر گیا کیا زخم تیغ عشق کاری اندنوں	۱۸۲	مرغ بسمل کی تڑپ ہے بیقراری اندنوں
واہ کیا جوبن پہ ہے حسن عروسان چمن		ناز کرتی پھرتی ہے باد بہاری اندنوں
فرقت دلدار میں رخصت ہوئے ہوش و حواس		درد اک کرتا ہے دل کی غمگساری اندنوں

جا بجا سبزہ ہوائیں سرد نہریں موج زن — کیا گلستان مین ہی لطف بادہ خواری اندنون
فرقت جانان مین دل نی بہی تیاری کر کی — ہمنشینی غمگساری دوستداری اندنون
واہ کیا جوبن دکہاتی ہین تمہاری چہاتیان — ابہری ابہری گوری گوری پیاری پیاری اندنون

فصل گل مین توڑہی توبہ رہا جاتا نہین
کیا کرین صفدر رکہی بی اختیاری اندنون

۱۴۳

کم سن ہین آئینہ ابہی پیش نظر نہین — کیا لین مری خبر او نہین اپنی خبر نہین
ہمدم کہان رفیق کہان ہجر یار مین — پہلو نشین سوای دل نوحہ گر نہین
لیتا ہون ایک گال کی بوسی مین چار پانچ — کس ناز سی وہ کہتی ہین بس اب ادہر نہین
اوٹہ اوٹہ کی میری دلکو کرین آپ پائمال — مین دیکہون بیٹہی بیٹہی یہ میرا جگر نہین
سودای زلف یار مین کہتا ہون رات بہر — یہ وہ شب فراق ہی جسکی سحر نہین
ملتی نہین ہی آنکہ بہی بوسی کا ذکر کیا — اگلی سی وہ حضور کی ہم پر نظر نہین

صفدر کہین چھپای سی چھپتا ہی دل

بیتاب کیون ہین آپ محبت اگر نہین

۱۴۴

ہماری ہی گھر سی بھی تم غلط کہ سبکو یارون مین
وہ سب ہمی سی نکلی تمہاری دوستدارون مین

نہ میرا عشق بن بانی نہ ہی حسن بتان بانی
وہی جن لاکھون مین یکتا منتخب ہی ہزارون مین

نہین آرام اسکو ایکدم مثل دل عاشق
نگاہ ناز بھی ہی کیا تمہاری بیقرارون مین

ہمین ہی ڈھونڈھتی ہر بزم مین معشوق کمسن کی
تمنا لالہ بیداغ کی ہی لالہ زارون مین

چھکایا می سی اک عالم کو ساقی تونی محفل مین
ادہر بھی کوئی ساغر ہم بھی ہین امیدوارون مین

کہو یہ برق سی لذت تڑپنی کی اگر چاہی
رہی دو چار دن آکر تمہاری بیقرارون مین

شب فرقت مرا نالہ صدای صور تھا صفدر

زمین جنبش مین آئی دی اودہ بیٹھی مزارون مین

۱۴۵

کوئی بات منہ سی نکل گئی جو خلاف وصلت یار مین

تو یہ عذر اونسی کرونگا مین کہ جنون سے ہے مجکو بہار مین

مری دلگی کچہ سے ہے نئی فغان الم جدائی یار مین

نہ جرس کی نالے مین درد یہ نہ اثر یہ صوت ہزار مین

وہ کھڑی ہوئی ہین سر لحد مری اُستر باسی کہی کوئی

اونہین اور دیکہلون کوئی دم ابہی تختے دین نہ فشار مین

چمن جہان مین مین پہر چکا نہین تماگل کوئی دوسرا

فقط ایک بلبل زار تہا جو کہو تو کہدون ہزار مین

دم وصل بسکہ لحاظ تہا نہ زبان سی کچہ بہی مجہی کہا

مگر آنکہین شرم سی بند کین نئی سوجہی بوس و کنار مین

تری لطف حد سے کہین سوا مری جرم کی نہین انتہا

نہ وہ آسکین گی حساب مین نہ یہ آسکین گی شمار مین

نہ وہ ناز اوٹھانی کی حوصلی نہ وہ صفدر اپنی ہین ولولے

نہین طاقت اب دلِ زار مین نہین تاب جان نزار مین

مذکور اوس دہن کا جسدم سنا چمن مین	١٠٦	موتی بھرہی گی شبنم ہر غنچہ کی دہن مین
گم گشتہ دل ہمارا تمسے جدا نہوگا		چاہ ذقن مین ہوگا یا زلف پر شکن مین
ای باغبان پھری ہم برسون نسیم آسا		آئی نہ ایک گل سی بوی وفا چمن مین
ٹھوکر نہ یون لگاؤ قبرونکو نازسی تم		مردی اوچھل پڑینگی بیساختہ کفن مین
اوبھی ہوی ہین لاکھون دل عاشقونکی اسمین		کنگھی کرو سمجھکر گیسوی پر شکن مین
حیرت نی باز رکھا قاتل کی دیکھنی سی		پردہ یہ آئینہ ہی دولہا مین اور دولہن مین

اسواسطی ہی خواہش ملک عدم کی صفدر

بچھڑی ہوی احبا ملجائینگی وطن مین

شرم آنکہ مین ہی آنکہ ہی پنہان نقاب مین	١٠٧	رہتا ہی اب حجاب بھی اونکا حجاب مین

اسدی شوق بوچھتی ہین نامہ بر سی ہم — کچھ تو بتا دی کیا وہ لکھینگی جواب مین

رہ رہ کی مثل برق تڑپتا ہون بار بار — اسدی درد دل کی چمک اضطراب مین

سب ہی کو مین گیا تو وہ بت ہو گیا خفا — جلکر رہ تو اب پڑ اس عذاب مین

قاصد بھی اوسکو دیکھکی بیتاب ہو گیا — کیا جانی کیا زبان کہی اضطراب مین

وہ کچھ لکھا کہ دل کو مری یاس ہو گئی — اس سی تو کاش کچھ وہ نہ لکھتی جواب مین

رنج فراق حضرت ناصح سی روز بحث
صفدر کی ایک جان ہی کس کس عذاب مین

١٨٨ یہان ہماری سوالون کا کچھ حساب نہین — وہان جواب یہی ہی کہ کچھ جواب نہین

وہ لولی نہین وہ عالم شباب نہین — چمک وہ درد کی وہ رنگ اضطراب نہین

دہن ہی غنچہ تو سنبل ہی زلف گل ہی من — بہار باغ سی کم عالم شباب نہین

وہ بیدہن ہین تو ہم بھی زبان نہین رکھتی — ادہر سوال نہین ہی ادہر جواب نہین

ترپ کی ترپ کی یہ موجین بیان کرتی ہین
کسیکا دیدۂ پرآب ہی حباب نہین

بنا مزار پس مرگ کوی جانان ہین
ہزار شکر کہ مٹی مری خراب نہین

شرف وہی ہی پوچھی کوئی تو کیا صفدر
امام سبحہ ہون گو داخل حساب نہین

۱۸۹

گالیون پر بھی تری حق مین دعا کرتی ہین
ہم وہ کرتی ہین جو ارباب وفا کرتی ہین

تیری بو سونگھنی کو چاہیی ای باد دماغ
کیا سمجھکر گلۂ باد صبا کرتی ہین

کوئی اتنا تو بتا دی کہ حسینان جہان
دل جو لیجاتی ہین عشاق کا کیا کرتی ہین

گالیان دینی لگی کیسی وہ برہم ہو کر
ہمنی اتنا ہی کہا تھا کہ دعا کرتی ہین

دھیان کب اوسکی کمر کا نہین آتا ہمکو
سفر ملک عدم روز کیا کرتی ہین

بار شاہی نہ اوٹھیگا تری درویشون سی
کیا سمجھکر طلب ظل ہما کرتی ہین

کی جو صفدر نی شکایت تو شکایت کہا ہی

دوستون ہی کا تو احباب گلا کرتی ہین

١٩٠ رہتا ہون رات دن جو کسیکی خیال مین
باقی نہین تمیز فراق و وصال مین

اوڑا اوڑہ کی درد دل تجہی ہی چہیڑنی سی کام
کیا جانی تو کہ بیٹہی ہین ہم کس خیال مین

کیا مجکو قتل کرکی پشیمان ہوی ہین وہ
بیٹہی ہین سر جہکای ہوی انفعال مین

دل بہاگتا ہی ابتو تصور سے یار کی
کمبخت غیر آتا ہی پہلی خیال مین

اللہ کیا مقام ہی میدان عشق بہی
قاتل جو وجد مین ہی تو بسمل ہی حال مین

وہ اور جواب میری سوالونکا ناز سے
وہ بات کہ کر آی کسیکی خیال مین

صفدر غضب ہی جان پہ عاشق کی ہر طرح
گرمی جلال مین ہی تو شوخی جمال مین

١٩١ مین اگرچہ زار و نزار ہون مگر اسکا شکر گذار ہون
نہ کسیکی چشم مین خار ہون نہ کسیکی دل کا غبار ہون

نہ کسیکی چوٹی کا پھول ہون نہ کسے گلے کا مین ہار ہون	
	یہ ہجوم داغ ہی جسم پر کہ مین آپ باغ و بہار ہون
نہ کسیکی سینی کا داغ مین نہ کسیکا لالۂ باغ تن	
	نہ کسیکی گھر کا چراغ مین نہ کسیکا شمع مزار ہون
نہ شمار مین نہ قطار مین نہ کرور مین نہ ہزار مین	
	غم بیکسی کی دیار مین فقط ایک مشت غبار ہون
مجھی سیر گوشۂ انزوا مری حق مین ہی سبب بقا	
	جو ذرا جہان کی لگی ہوا تو فنا برنگ شرار ہون
مرا سر قدم سی اوٹھائیے مجھے اب گلی سی لگائیے	
	بہت انکھین اب نہ دکھائیے کہ ہزار دل سی نثار ہون
یہ ہوس ہی صفدر خستہ جان کہ سوے مدینہ ہون مین روان	

گری جناک بھی جو یہ آسمان اوس کوچی کا مین غبار ہون

١٩٢ خواب مین آپکا آتا ہی خواب کہان
خواب بھی آئی تو پھر جھپکنی کی تاب کہان

یار آزردہ مخل غیر مخالف دربان
کھینچ لایا ہی مجھے یہ دل بیتاب کہان

دشت غربت مین وطن سی ہمین لائی قسمت
اب وہ ہم بزم وہ غمخوار وہ احباب کہان

خشک کانٹی ہین فقط باغ مین آئی ہی خزان
گل شاداب کہان لالۂ سیراب کہان

بیقراری سی مری دل کی نہین ہو واقف
تمنی دیکھی طپش ماہی بی آب کہان

کشتی ٹوٹی ہوئی گرتا ہوا پل جوش پہ بحر
کتنا غافل ہون کہ آیا ہی مجھی خواب کہان

عہد پیری مین گیا حسن جوانی صفدر
ہوگئی صبح عیان جلوۂ مہتاب کہان

١٩٣ سخت بیمار درد فرقت ہون
آئی جلد ورنہ رخصت ہون

صاف باطن ہون پاک طینت ہون
شکل آئینہ بی کدورت ہون

جان تک بھی نثار کر دون گا | غم نکر غم جو مین سلامت ہون

مثل سبزۂ ریاضِ عالم مین | پایمال ہجوم غفلت ہون

دورِ ساغر ہی اسطرف بھی کرو | ساقیا لائق عنایت ہون

رنج فرقت سی دی نجات مجھی | موت کا مین رہین منت ہون

عشق محبوب پر تمام ہی صفدر

پیرو خاتم رسالت ہون

١٩٤

روئیمین ابر تر کی نقشے مٹادیی ہین | ہم جب اٹھک گئی ہین دریا بہادیی ہین

نالون سی دل ہلین گی کیونکر نہ ان بتون کی | عرش برین کی پایی اکثر ہلادیی ہین

احسان نسیم گلشن کتنی ہی کیا ہی حد پر | کس دن چمن سی لاکر دو گل چڑھا دیی ہین

حسن و جمال کا کب شہرہ تھا چانن | یہ چار چاند ہمنی تسکو لگادیی ہین

اسی شوخ تیسری بسمل تڑپی ہین جب زمین پر | گردون کی قدسیون نی پردی اٹھادیی ہین

کچھ نقش بنا امکان کہتا نہین ہی پڑا　　کیا کیا بنا بنا کر نقش مٹا دیے ہین

رونی کی آنکھین خوگر جلنی کا شوق دلکو
الفت نی روگ کیا کیا صفدر لگا دیے ہین

۱۹۵

رقیبان نگاہون سی کم دیکھتے ہین　　تمہین جس محبت سی ہم دیکھتی ہین

رہ عشق مین دل نی بھی ساتھ چھوڑا　　وفادار دنیا مین کم دیکھتی ہین

شگفتہ ہی گلزار سبزہ ساغر　　تری راہ ابر کرم دیکھتے ہین

دم نزع سے ہے سامنی سی نجاؤ　　تمہین اور ہم کوئی دم دیکھتی ہین

نگاہون سی ہی قصد قتل دو عالم　　ارادی بڑے اونکی ہم دیکھتی ہین

بھلا اپنی ہستی بھی ہستی ہی کوئی　　ادہر بھی اودھر بھی عدم دیکھتی ہین

وہ صابر ہین خاموش بیٹھی ہین صفدر
جفا دیکھتی ہین ستم دیکھتی ہین

اوس کوچی مین ہم پہنچی تدبیر اسی کہتی ہین	۱۹۶	وہ گہر سی نکل آئی تقدیر اسی کہتی ہین
سر اوسکی قدم پر ہی نام اوسکا زبان پر ہی		سجن اسی کہتی ہین تکبیر اسی کہتی ہین
پیغام مرا سنکر خط پڑہ کی کہا اونی		تقریر اسی کہتی ہین تحریر اسی کہتی ہین
گہبرا کی چلی آئی وہ آپ مری گہر مین		ای نالۂ دل تحسین تاثیر اسی کہتی ہین
گہبرا کی جو دل بولا مین آکی پہنسا کس مین		شانی نی کہا نادان زنجیر اسی کہتی ہین
نقشہ تری صورت کا آیا جو تصور مین		بیساختہ دل بولا تصویر اسی کہتی ہین

جب دیر ہوئی صفدر خود اوسنی بلا بہیجا
قسمت کی یہ معنی ہین تقدیر اسی کہتی ہین

۱۹۷ ماتم کشتۂ فراق آج سے ہی بزم یار مین

موت خزان مین آئی تہی پہول ہوی بہار مین

حسن مین تم ہو لاجواب عشق مین ہم ہین انتخاب

فرد ہو سیکڑوں میں کہ ایک ہیں ہم ہزار میں

گیسوے روی یار کی ایسی ہے ہمکو جستجو

ایک قدم طلب میں ہی ایک قدم تار میں

پھرتا ہوں دم بدم اگر گرد تری غبار ہو

عذر ہی قابل قبول دل نہیں اختیار میں

قید ہیں بال بال میں سیکڑوں بیکسوں کی دل

شانہ سمجھ کی سے کیجیے گیسوے مشکبار میں

دل کی تڑپ کا ہو برا جسنے ہمیں جگا دیا

سو سے نہ پائی چین سے چار گھڑی مزار میں

مالک کوثر و جنان روز جزا ہیں مرتضی

ذکر ہے سے صحبت صفدر بادہ خوار میں

١٩٨
جب سی مہمان ہوا ہی تو دل مین — نرہی کوئی آرزو دل مین
حسرت انکھون مین ڈہونڈہتی ہی اسے — درد کرتا ہے جستجو دل مین
جب اوٹھا جان پہ ہوا صدمہ — درد کی طرح سی ہی تو دل مین
نہین آتی ہے شرم سی ماجرا — یہ دولھن سے کہ آرزو دل مین
بیوفا یہ بھی ہو گیا کمبخت — آگئی ہے تمہاری خو دل مین
بیوفا دلربا کو سمجھے ہین — اور مجھکو ہے گفتگو دل مین

وصل سو بار ہو چکا صفدر
آرزو سی ہے آرزو دل مین

١٩٩
مین کب جنس جان رایگان بیچتا ہون — خریدار تم ہو تو ہان بیچتا ہون
فقط ایک بوسی پہ دیتا ہون دلکو — نہ سمجھو کہ سوداگران بیچتا ہون
جو تلوار سے تمنے کوئی مول لی ہے — مین سر اپنا ای جان جان بیچتا ہون

تمہین جو پسند آئی حاضر ہی لیلیو — دل و دین و نام و نشان بیچتا ہون

ابھی ایک دل مول لیتا ہون بوسہ — وہ آئین تو کہدین کہ ہان بیچتا ہون

اگر چہ ہین کہ تم سکو لینا ہی لیلیو — نہ دل بیچتا ہون نہ جان بیچتا ہون

کسی دین و دنیا کی پروا ہی صفدر
محبت مین دونون جہان بیچتا ہون

۲۰۰ لگائی زخم کاری وسی قاتل اسکو کہتی ہین — ہنسی کیا کیا نہ اپنی زخم بسمل اسکو کہتی ہین

نہ اسکو تیغ کا ڈر ہی نہ اندیشہ ہی خنجر کا — تری الفت مین کھیلا جان پہ دل اسکو کہتی ہین

قدم رکھ کر جو کوی یار مین سینی نشان پوچھا — صدای غیب آئی کوی قاتل اسکو کہتی ہین

وہ جب سدم آئینہ خانی مین آئی یہ کہا ہنسکر — عجب جلسہ حسینونکا ہی محفل اسکو کہتی ہین

بڑی جو چلنی والی تھی تھکی راہ محبت مین — کسی سی طی نہین ہوتی یہ منزل اسکو کہتی ہین

کوئی کہتا ہی غنچہ اوس دہن کو اور کوئی نقطہ — یہ عقدہ حل نہین ہوتا ہی مشکل اسکو کہتی ہین

نہ تڑپا زخم کہا کر زیر خنجر بھی مین صفدرؔ
کہا قاتل نی ہنسکر واہ بسمل اسکو کہتی ہین

پھر نظر آگئی وہ گیسوِ خمدار کہین	۲۰۱	پھر گرفتار ہوا آج دلِ زار کہین
دل تڑپتا ہی بہت آج قفس مین صیاد		کوئی آزاد ہوا تازہ گرفتار کہین
آگئی آہ زبان تک تو کہان چرخ کی خیر		کھنچ گئی میان سی اب کتی ہی تلوار کہین
اتنی سی بات پہ ہوتی ہین عبث آپ خفا		ایک بوسی پہ یہ دیکھی نہین تکرار کہین
اس ادا سی نہ قدم وقت تماشا رکھیی		ہو نہ ہنگامۂ محشر سرِ بازار کہین
سر بازار نہ یون ناز و ادا سی چلیی		آپ کی چال پہ چلجائی نہ تلوار کہین

صاف چہرہ سی تمہاری یہ عیان ہی صفدرؔ
دام الفت مین کسیکی ہو گرفتار کہین

طلب دین کی یا فکر دنیا کرین	۲۰۲	حیات دو روزہ مین کیا کیا کرین

ستمگر نی چھوڑا ہمین نیم جان
یہ مدنظر ہی کہ تڑپا کرین

کہان تاب نظارہ اشمع دل
کہ آنکھون سی ونکا تماشا کرین

یہ چالین حسینون کی اچھی نہین
یقین ہی کوئی فتنہ برپا کرین

بس اتنا ارادہ ہی صفدر یہی
محبت کسی سے نہ اصلا کرین

۲۰۳
طور تڑا لا تمنی نکالا تمنا کو سوئے خود کام نہین

سب سی ہین راہین سب پہ نگاہین ہمسی سلام و پیام نہین

حال دل اپنا کیا کہون ہمدم کیسی گذرتی ہی شب غم

صبر نہین سے تاب نہین ہی چین نہین آرام نہین

منہ سی تمھاری ہان کبھی نکلی ایسی بھی کوئی ساعت ہو

ون کو نہین ہی شب کو نہین ہی صبح نہین ہی شام نہین

دام بلا ہے فہم سیاہی تحلفہ سا ہی شاک خطا
مار سیہ ہی پیچ کی رہ ہی گیسوِ عنبر فام نہین

خوف خدا بھی چاہیے ای دل ہو کی مسلمان سنجن بہت
یہ تو نیا ہے کوئی طریقہ دین نہین اسلام نہین

صبح جو اوسکی در پہ گئی ہم ہو کی خفا دربان نی کہا
ٹھنڈی ٹھنڈی گھر کو سدھارو آجکی صحبت حاکم نہین

ہی جو ہجوم اغیار کا ہر سو کوچی مین اوسکی خوف نہین
انکی صفون کو مین جو نہ توڑون صفدر میرا نام نہین

۲۰۴

یہ کون آیا ہی کہکر پھول جھڑ عنبر افشان مین
صبا اتراتی پھرتی ہی جوان روزون گلستان مین

کہین اب جلد پیچیل ای جنون مجھ آبلہ پا کو
ہوئی ہی دیر کانٹی راہ تکتی ہین بیابان مین

خدا جانی خرام ناز سی کسنی قدم رکھا
کہ شور حشر برپا ہو گیا شہر خموشان مین

روانی بڑھ گئی چلنی لگی اب سارے عالم پر — ہماری قتل سی دم آگیا شمشیر براں مین

مگر فصل بہاری آگئی نزدیک ہی صفدر
کہ پھر کچھ ربط باہم ہو چلا دست و گریبان مین

٢٠٥
ترا داغ جفا ہی اور یہین ہون — دل درد آشنا ہی اور یہین ہون
وہ بت ہی اور اک عالم کا مجمع — یہان پیر خدا ہی اور یہین ہون
خوشی ہی خورمی ہی اور یہین وہ — مصیبت ہی بلا ہی اور یہین ہون
جوانی جا چکی پیری ہی آئی — بس اب آگئی قضا ہی اور یہین ہون

دم عیسی نہین درکار صفدر
وہ شمشیر ادا ہی اور یہین ہون

٢٠٦
الہی دی اثر ایسا مری بیتابی دل مین — چلی آئین کلیجا تھام کر وہ میری محفل مین
لب جان بخش و تیغ ابروِ جانان کا دھیان آیا — مسیحا سی ملاقات اپنی ٹھہری کوئی قاتل مین

مزہ ہی یہ کہ مقتل مین لگاتی تیغ ہنس ہنس کر		نمک سے بھر دیا قاتل نی ہر اک زخم بسمل مین
اوگی ہین بوٹیان مہندی کی قبرون پر شہیدون کی		لہو انکا ہی اب تک حسرت پابوس قاتل مین

نہ پوچھو کیون ہوا ٹھا صفدر تمہاری مرگ نالان
نہین معلوم کیا تھی چوٹ نوکی کس نجب کی دل مین

لطف میخواری ہی پہولا ہی چمن برسات مین	۲۰۷	ای دل مشتاق ہو توبہ شکن برسات مین
سیر گلشن کو وجاتی ہین تو کہتی ہی نسیم		جہولو جہولا ڈالکر ای گلبدن برسات مین
بنیچی ہا مہربان ساقی خمخانہ بند		کیا سمجھکر ہین ہوا توبہ شکن برسات مین
زعفرانی صندلی دہانی بسنتی شربتی		چاہیی ہر روز بدلو پیرہن برسات مین

ہی شراب و ساقی و مینا و ساغر رات دن
کیا ہی بگڑا ہی ترا صفدر چلن برسات مین

آئی بہار تازہ گلستان ہی اندنون	۲۰۸	باغ جہان بہی روضۂ رضوان ہی اندنون

صحن چمن مین دور ہو جام شراب کا
ساقی ہوای سرد ہی باران ہی اندنون

لطف و کرم سی مطرب ساقی ہین سرفراز
جو ہی وہ اپنا بندۂ احسان ہی اندنون

دور شراب گردش ساغر ہی ادہر
کسکو خیال گردش دوران ہی اندنون

جلسی پر ہی خونکی ہین دور شراب کے
صفدر بھی مرتبی مین سلیمان ہی اندنون

۲۰۹
قتل کو خنجر ادا دور سی کیون دکھا کہ یون
کچہ مین لپٹ نجاونگا اگی مجھی ہٹا کہ یون

اگی دوراہی مین پھنسی فکر ہی کس طرف چلین
رند ہٹا تی ہین کہ یون کہتی ہین پارسا کہ یون

شوق یہ دلکو جب ہوا شکل فنا کی دیکھیی
مٹ کی حباب نی مجھی نقشہ ہٹا دیا کہ یون

در پہ تیری گذر تو ہو پھر نہ اوٹھونگا بیٹھکر

راہ بتاسی گا مجھی خود مرا نقش پا کہ یون

فکر دل گرفتہ تھی ہو گا شگفتہ کس طرح

غنچی نی ہنس کی صبح دم کان مین دی صدا کہ یون

مینی کہا کہ تمنی می غیر کو دی تھی کسطرح

اوسنی منگا کی جام زہر مجکو پلا دیا کہ یون

غیر نی پوچھا یار سی عشق مین کس طرح رہون

صفدر رجان کا حال اوسنی سنا دیا کہ یون

دل کی ہمراہ پہنچی روح تن انسان مین ٢١٠ ساتہ دیوانی کی ہی قید پری زندان مین

وای قسمت نہ مین جنت نہ جہنم کا ہوا چشم مالک مین جگہ ہی نہ دل رضوان مین

ذبح کرنا ہی جو منظور سنبہالو پوشاک جان من خون کی دہبی نہ لگین داماں مین

بڑھ گئی خط کی نکلنی سے بہار عارض
جیسی اعراب سی رونق ہو سوا قرآن مین

را ہ رو آی گئی میری طرف سی صفدر
مین وہ کانٹا ہون جو اوجھا نہ کسی ا ما ن مین

٢١١
فصل گل آئی ہوا عشرت کا ساماں باغمین
نغمہ زن ہین بلبلین طاؤس رقصاں باغمین

ہر روش پر سر و مینا بجام گل غنچی سبو
میکشی کا غیب سی کیا کیا ہی ساماں باغمین

جھوم کر پڑھتی ہین گلبن طفل مکتب کی طرح
دفتر گل ہی کہ سعدی کی گلستاں باغمین

باغبان ہی خواب مین جلدی جگادی ای نسیم
پھول چن کر بھر لیا گلچین نی داماں باغمین

بزم مین پڑھکر غزل خاموش صفدر ہوگیا
یا چہک کر چپ ہوا مرغ خوش الحان باغمین

٢١٢
ہمتو ہزار بار ترے جستجو کرین
پر دل نہین رہا ہو تو خاک آرزو کرین

اک دل تھا وہ بھی عشق مین برباد ہوگیا
لائین کہاں سی دل کہ تری آرزو کرین

کہل جاتی اونکو دعوی یکتائی جمال		ہی دل مین آج آئینہ ہم رو برو کرین
کوی بستان مین شہر مین صحرا مین باغ مین		دلکی کدہر تلاش کہان جستجو کرین
صفدر یہ آرزو ہی کہ تنہا جو وہ ملین		کچہ روئین کچہ گلہ کرین کچہ گفتگو کرین
اک قیامت ہی اوسکی چال نہین	۲۱۳	کسکا دل ہی جو پائمال نہین
ہمتو ذری اوس آفتاب کی ہین		جسکو اندیشۂ زوال نہین
ایک بوسی کا تمسی طالب ہون		اور کوئی مرا سوال نہین
وعدۂ وصل ہو وفا اون سے		یہ کسیطرح احتمال نہین
خون صفدر یہ رنگ لایا ہی		ہاتہ مہندی سی اونکی لال نہین
یون سرفروش کوی قاتل کو ڈہونڈتی ہین	۲۱۴	گم کردہ راہ جیسی منزل کو ڈہونڈتی ہین
الفت مین تیری دونون گم ہوگئی ہین ایسی		دل ہمکو ڈہونڈتا ہی ہم دلکو ڈہونڈتی ہین
کہدو ابھی نہ کہولی باب بہشت رضوان		میدان حشر مین ہم قاتل کو ڈہونڈتی ہین

پھرتی ہین اوس گلیمین جب پوچھتا ہی دربان — کہتی ہین گر پڑا ہی جسم دلکو ڈھونڈتی ہین

رہتا تہا سا نہ جنکا گذری وہ سب جہان سی — صفدر عبث ہم انکی محفل کو ڈھونڈتی ہین

ردیف واو

٢١٥ برا ہو صیاد کا الہی نکال کر آشیان سی ہمکو

قفس مین پہینکا بلا مین ڈالا کہان یہ لایا کہان سی ہمکو

تمہارا عاشق تمہین سی الفت تمہین کو جانین تمہین کو سمجھین

سوا تمہاری نہین ہی مطلب جہان و اہل جہان سی ہمکو

نہ شکوہ منہ سی مری نکلتا نہ رنگ اوس شوخ کا بدلتا

کیا ہے دونون کو سخت نادم گلہ ہی اپنی زبان سی ہمکو

یقین کامل ہی راستی مین ملین گی وہ اب ضرور ہمسی

کہ جذب دل نی کیا روانہ وہان سی اونکو یہان سی ہمکو

	چمن مین ہم سیر کو تو آئی مگر ہے کھٹکا سا ایک ہمکو
نہ دوست اپنا یہان ہی گلچین نہ راہ ہی باغبان سی ہمکو	
	ہوا ہی مدت مین وصل جانان عجیب راحت سی ملرہی ہین
ابھی تو ہی رات ای موذن جگا نہ شور اذان سی ہمکو	
	پس فنا بھی نظر مین ابتک وہی ہین جمگھٹ وہی ہین جلسے
اگرچہ اس عمر بی بقا نی چھڑا دیا کاروان سی ہمکو	
	وہ توڑکر چوڑیون کو اپنی یہ بولی میری کفن مین رکھکر
کہ صحن محشر مین ڈھونڈ لینا کسی جگہ اس نشان سی ہمکو	
	یہ صور محشر سی کہدو صفدر کہ خاکسارون سی کیا کدورت
لحد مین راحت سی سو رہی ہین جگا نہ شور فغان سی ہمکو	

لطف اوٹھی بہار مین اور نئی بہار ہو	۲۱۶	موسم گل ہو باغ ہو ہم ہون وہ گلعذار ہو

صحن چمن مین ہر جگہ رنگ جمی نشاط کا
نہرین روان ہون جا بجا جوش آبشار ہو

ایک طرف ہو جام می ایک طرف ہو بانگ نی
ایک بغل مین شیشہ ہو ایک بغل مین یار ہو

جوش می نشاط مین اوسکی کمر مین ایک ہاتہ
دوسری ہاتہ مین مری گیسوی مشکبار ہو

سینہ بسینہ لب بلب حسرتین دلکی نکلین سب
اوس سی مین ہمکنار ہون مجسی وہ ہمکنار ہو

اوسکی گلی مین میری ہاتہ میری گلی مین اوسکی ہاتہ
دونون طرفسی چاہ ہو دونون طرفسی پیار ہو

وہ کہی دم تو لو ذرا وصل کی ہی تمام شب
مین کہون ن کسکو تاب ہی دلپہ بھی اختیار ہو

چہرہ بحال ہو ادہر شرم سی سرنگون ادہر
صبح کو چیر چہار ہو آنکہ اگر دو چار ہو

صفدر امیدوار ہی اسکی برای آرزو
ایسی بھی ای خدا کبھی گردش روزگار ہو

۲۱۷ آجکل دہن یہ بندہی ہی تری دیوانی کو
چلکی آباد کرین اب کسی ویرانی کو

وصل مین دور کرو آئینی کو شانی کو
اور راتین ہین بہت زلف کی سلجہانی کو

دیکھکر دریچہ خفا ہوتی ہو کیون جاتا ہون
تھم گیا تھا دل مہتاب کی ٹھہرانی کو

فرقت یار مین کس کس کو بہلاؤن دلاسے
ناز کو عشوی کو انداز کو شرمانی کو

دل دکھی یا نہ دکھی رحم کرین یا نکرین
کاش اکبار وہ سن لین مری افسانی کو

سخت حیران ہون کس کس کی سنون وحشت مین
غول یارونکی چلی آتی ہین سمجھانی کو

موت اوسکی ہی جو ہو تیغ ادا کا چورنگ
یون تو سب خلق مین مرجاتی ہین مرجانی کو

ایسی آتی سی تو ہم کاش نہ آتی ہوتی
چار دن گلشن ہستی کی ہوا کھانی کو

پاس خاطر سی کہی شعر یہ مینی صفدر
اک پری مجھسی غزل مانگتی تھی گانی کو

۲۱۸

صفدر زبان سی راز محبت عیان نہو
دل آشنای درد ہو لب پر فغان نہو

زنجیر کیا ہی نغمۂ وحشت کی سامنی
ٹکڑی کری قدم جو مرا درمیان نہو

شام و سحر دعا ہی یہی عندلیب کی
یارب کبھی بہار چمن کو خزان نہو

کہلائین مست توبہ بھی ہم رند اگر کرین
قاضی ہین شراب تو اوپر گمان نہو

تاثیر عشق ہوتی ہی دونون طرف ضرور
ممکن نہین کہ شوق یہان ہو وہان نہو

جوہر دکہا رہی ہین وہ شمشیر ناز کی
مدنظر کسیکا او نہین امتحان نہو

ہم اس جہان سی درد و غم و یاس لیچلی
پروا نہین جو ساتھ کوئی کاروان نہو

تن سی نکل کی روح پریشان ہی کسقدر
طائر کوئی زمانی مین بی آشیان نہو

صفدر کبھی مین نام محبت نہ لون اگر
یہ دل نہو یہ آنکہ نہو یہ زبان نہو

٢١٩

بیچین کر رہا ہی کیا کیا دل و جگر کو
ہر دم کسیکا کہنا جاتی ہین ہتو گہر کو

کبتک یہ طول فرقت تاثیر دی الٰہی
اس آہ نارسا کو اس اشک بی اثر کو

ایک ایک ناز اونکا بیچین کر رہا ہی
کیونکر کوئی سنبہالی اپنی دل و جگر کو

ہر بار کون مانگی ساقی سی ساغر می
اپنی خبر نہین ہی مجہ مست بیخبر کو

بتایا بیان نسبہا کچہہ بہی وہ ناوک افگن ۔ پیکان کی ساتہ کہینچا سینہ سی اون جگر کو

زندان سی جب مین نکلا زنجیر کی بجای غل ۔ آباد پہر بہی نا کر اس اوجڑی گہر کو

جب قافلہ چلے گا سوی دیار جانان ۔ پہلی چلینگی سب سی ہم باندہ کر کمر کو

ہر بات مین ہی رونا ہر گام پہ ہی نالہ ۔ مشکل ہی ساتہ میرا ہر ایک ہمسفر کو

اوس بت نی حال میرا صفدر کبہی نہ پوچہا ۔ کس نی نہین گیا مین تہامی ہوی جگر کو

۲۲۰

نظر آتا ہی گل آزردہ دشمن باغبان مجکو ۔ بنانا تہا نہ ایسی بوستان مین آشیان مجکو

دہن تیرا دکہاتا ہی فضای لامکان مجکو ۔ کمر تیری بتاتی ہی نشان بی نشان مجکو

فراہم اپنی بیگانی مین ضبط آہ لازم ہی ۔ خدا کی واسطی رسوا نکر نا ای زبان مجکو

مقیم محفل عشرت تہا اب صحرا مین پہرتا ہون ۔ کہان تہا مین کہان لایا یہ دور آسمان مجکو

کیا ہی حمد دل سی کوی جانان مین نہجا گو ۔ کرا اپنی صبر کا مد نظر ہی امتحان مجکو

تصور جب سی دامنگیر ہی اک رشک یوسف کا
بیابان مین پھراتی ہی تلاش کاروان مجکو

مرا دل کوی قاتل مین پہنچکر یہ بھی کہتا ہی
کہ یہ تو ہی تماشا گاہ تو لایا کہان مجکو

اگر فرصت ملی مسجد مین بھی آجاؤنگا زاہد
ابھی کرنی دی جی بھر خدمت پیر مغان مجکو

مین ای صفدر پڑھون اشعار کیا ناقدر دانون مین
بہار طبع دکھلاتا جو ملتا قدردان مجکو

١٢٢

تب لطف زندگی ہی جب ابر ہو چمن ہو
پیش نظر ہو ساقی پہلو مین گلبدن ہو

لبریز بادہ شیشی دور شراب گلگون
معشوق نوجوان ہو جام می کہن ہو

مجمع مصاحبون کا یاران بی تکلف
جنسی کہ ربط باطن مانند روح تن ہو

مذکور حسن لیلی تقریر ناز شیرین
گہ داستان مجنون گہ ذکر کوہکن ہو

بزم طرب مہیا جلسہ پریرخون کا
آغوش مین وہ دلبر جو جان انجمن ہو

گر رخ ہو اوسکی رخ پر گہ لب ہو اوسکی لب پر
آب بقا نصیب کام و لب دہن ہو

طوقِ بمر کسیدم بہ دستِ شوق اپنا | طوق گلو کسیدم وہ زلف پرشکن ہو
ہنگام وصل جانان ایسا ہو باہم | وہ روح مین ہون مین روح وہ بدن ہو

صفدر یہ عیش مجکو ہر روز ہین میسر .
کیونکر ادای شکرِ الطاف و امتنان ہو

٢٢٢

شادی وصل مین آیا جو تبسم مجکو | غم فرقت نے کہا بہول گئی تم مجکو
حسن و انداز و ادا اسکو ملی روز ازل | درد و غم رنج و الم یاس و توہم مجکو
ہای یاد آتی ہین کیا کیا وہ ادائین اوسکی | آنکہ مین شرم تکلم مین تبسم مجکو
کیا کہون کسکی تصور مین زمانہ چہوٹا | کسکی تصویر خیالی نے کیا گم مجکو
جسکی تقدیر مین جو تہا وہ ملا روز ازل | لیلی مجنون کو ملی نل کو دمن تم مجکو
ناگوارا تہا شبِ وصل ہوا کا بہی گذر | بدگمانی او نہین ہوتی تہی تو ہم مجکو
وہان جواب ایک نہین اور یہان لاکہ سوال | خامشی اونکو پسند آئی تکلم مجکو

راہ الفت مین کچھ ایسی ہوی دونون بچھڑ   دل کو گم سینی کیا دل نی کیا گم مجھکو

پاس سر پیٹتی ہی، روتی ہی حسرت صفدر

بیکسی کہتی ہی کیون چھوڑ گئی تم مجھکو

۲۲۳ وہ مزہ وصال کی رات کا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کبھی شرم تھی کبھی ناز تھا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ زمانہ جوش شباب کا وہ مزہ سرور شراب کا

کبھی گریہ تھا کبھی قہقہا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

وہ ہمارا وصل مین چھیڑنا وہ تمہارا شرم سی جھینپنا

کبھی منتین کبھی التجا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کبھی گرمیان کبھی شوخیان کبھی ٹھنڈی سانسین کبھی فغان

کبھی نیچی نظرون سی دیکھنا تمہین یاد ہو کہ نہ یاد ہو

ہوئی ایسی غیروں سی آشنا ہمیں صاف دل سی بھلا دیا
کہو ہم سی تم نی کہا تھا کیا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

نہ یہ دلبری کا سلیقہ تھا نہ ستمگری کا طریقہ تھا
نہ یہ شوخیاں تھیں نہ یہ جفا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

نہ لبوں کو مسی سی کام تھا نہ تھا سرمہ آنکھوں سی آشنا
وہ حنا سی سرخ تھی دست و پا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

یہ نئی ادائیں یہ شوخیاں تو اب آگئیں تمہیں جانِ جاں
کبھی آئنے سے بھی تھی حیا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

کبھی تم بھی صفدرِ باوفا کسی بیوفا پہ تھی مبتلا
وہ کلیجا ہاتھوں سی تھامنا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

جہان کی اچھی بروں سی خبر نہیں ہمکو ۲۲۴ کسی سی نفع کسی سی ضرر نہیں ہمکو

کسی کی عشق مین ایسی ہی اب تو بیخبری
کہ چند روز سی اپنی خبر نہین ہمکو

نصیب خفتہ زمانہ عدو فلک دشمن
کبھی دعا سی امید اثر نہین ہمکو

وہ شاخ ہین کہ نہ ہرگز کبھی پہلی پہولی
وہ نخل ہین کہ امید ثمر نہین ہمکو

بہار عارض جانانہ آئینہ لوٹی
کسی طرح سی یہ منظر نہین ہمکو

لحد مین بعد فنا بیکسون پہ کیا گذری
مسافران عدم کی خبر نہین ہمکو

وہ سرفروش ہین میدان عشق مین صفدر
کسی سے خوف کسی سی خطر نہین ہمکو

۲۲۰

جیسی ہی عشق رخ و زلف پریشان مجکو
کوئی کافر کوئی کہتا ہی مسلمان مجکو

حاجی کعبہ اوس ابرو کی تصور مین ہوا
یاد عارض نی کیا حافظ قرآن مجکو

حور کی دلکو تمنا نہ پری کی خواہش
لگئی تم نرہا اب کوئی ارمان مجکو

مین کہان عشق کہان ہوی الفت کیسا
جان نثارون مین سمجھتے ہین تم ہی جان مجکو

جان بلب ہون تری آنکھونکی قسم فتین
پیار سی دیکھ لی اکبار مری جان مجکو

تو سلامت رہی دشمن ہون قضا کی ممنون
مار ڈالی گی تری جنبش مژگان مجکو

اسکی تصویر خیالی نظر آئی صفدر
کر دیا حسن خداداد نی حیران مجکو

۲۲۶

کیا آزاد قید زندگی سی اپنی بسمل کو
الٰہی زور بازو دی زیادہ میری قاتل کو

مین آوارہ وہ سودائی مین گردان وہ دیوانہ
نہ کچھ دلکی خبر مجکو نہ کچھ میری خبر دل کو

خدا جانی کہ کیا لذت ملی دونونکو مقتل مین
ادہر حیرت ہی بسمل کو ادہر سکتا ہی قاتل کو

ہمارا انجمن سی کیا اوٹھانا ہم تو خود جاتی ہین
اوٹھا دین آپ اگر آئینی سی اپنی مقابل کو

اگر عیسی جلاتی ہین جلائین شوق سی مجکو
مگر اتنا مناسب ہی ملائین پہلی قاتل کو

قریب کوی جانان جب مین وا ماندہ ہو پہنچا
رقابت سی فرشتی دور کر دیتی ہین منزل کو

تمنا یاس حسرت دید کیا کیا اسمین ہتی ہین

عجب وسعت خدانی دی ہی ای صفدر زمین کو

رہ سفر مین نہ جی رہرو چہ ای چلو ۲۲۷ عدم کی دور ہی منزل قدم اوٹھائی چلو

خرام ناز کی ہم بھی ہین دیکھنے والی — حسینو ہمسی بھی آنکھین ذرا ملائی چلو

مزار پر جو ہماری گذر ہوا اونکا — کہا یہ نازنی دامن ذرا اوٹھائی چلو

کہین سفر مین نہ حاجت پڑی صبح نوشو — کمر مین چاہیی بوتل کوئی لگائی چلو

قریب کوچہ قاتل یہ مجھسے دل نی کہا — وہ آئی سامنی منزل قدم بڑہائی چلو

عدم کا قصد جو ہم روسیاہ کرتی ہین — حیا یہ کہتی ہے چادر سی منہ چھپائی چلو

جو عزم کوچہ قاتل ہی مستکو ای صفدر
طلسم ہستی فانی یہین مٹائی چلو

بہار آئی ہی دیوانو چلو صحرا سی گلشن کو ۲۲۸ نگاہ شوق سی دیکھو عروس گل کی جوبن کو

تمنا ہی بٹھا کر سامنی دیکھا کرون ہر دم — تری اس مہ جبین صورت کو تری اس پیاری چتون کو

جوانی کو حسینان جہان بھی پیار کرتی ہین
نگاہی کستی ہین چھاتی سی ہی اپنی جوبن کو

بہار گل مین تو یہ کر گئی کس حسرتسی تکتا ہون
ابھی ساقی نے چھیری کو بھی شیشی کی گردن کو

نہان کب تک ہی وہ حسن عالم سوز پردی مین
جلادی شعلۂ برق تجلی اوسکی چلمن کو

وہ چلتی ہین اوبھر کر جوش مستی مین تو کہتی ہین
نہین کچھ مال چوری کا چھپاؤ کیون جوبن کو

جھکی جو آپ سی لازم ہی جھکنا اوس سی ای صفدر
یہ شمشیر قاتل مین جھکاؤن کیون نہ گردن کو

۲۲۹

چمن مین ہی کا مزہ ہی جو پاس یار بھی ہو
ہوای سرد بھی ہو ابر نو بہار بھی ہو

نجاؤن اوسکی گلی مین مگر قرار بھی ہو
سنبھالون خاک جگر دل پہ اختیار بھی ہو

سوال وصل مین لازم ہی بیقراری دل
دعا قبول ہو شامل جو اضطرار بھی ہو

دیا تھا دل تمہین کس کس امید پر مینی
نجانتا تھا کہ ایسی ستم شعار بھی ہو

چمن مین بزم مین منظور ہو جہان چلیی
مگر یہ شرط ہی ہمراہ جان نثار بھی ہو

سحر قریب ہی بیٹھو گی بزم مین کبتک		چلو پلنگ پہ عاشق سی ہمکنار بھی ہو

شب وصال کا جب لطف اوس کو ہی صفدر
چمن بھی جام بھی مینا بھی می بھی یار بھی ہو

فرقت مین ستاتی ہی شب تار کسیکو ۲۴۳ دکھلا دو ذرا چاند سا رخسار کسیکو
شکوون پہ مری ہای یہ اوس شوخ کا کہنا معشوق بھی ملتا ہی وفادار کسیکو
کچھ دلسی جو کہتا ہون تو کہدیتا ہی یہ بھی کرنا نہ خبر اسکی خبردار کسیکو
احباب نی کی میری سفارش تو وہ بولی دشمن مری کیا کرنی لگین پیار کسیکو
بالین پہ مری کہتی ہین گھبرا کی مسیحا اس درد کا دیکھا نہین بیمار کسیکو
آغوش مین کھینچا تو کہا اوسنی بگڑ کر اسطرح بھی کرتا ہی کوئی پیار کسیکو

بی چین ہین بی صبر ہین بیتاب ہین صفدر
دیکھا ہی سر رہ سر بازار کسیکو

بادۂ عشق گلرخان ہمنی پیا جو ہو سو ہو
صوم و صلوٰۃ و اتقا چھوڑ دیا جو ہو سو ہو

باغمین کوئی مست ناز سویا ہی آج بیخبر
جسنی نقاب اوڑھا ہمی دی باد صبا جو ہو سو ہو

حسرت وصل رنج ہجر رشک عدو جفای چرخ
اک بت بیوفا کو دل ہمنے دیا جو ہو سو ہو

ابتو شب وصال مین یار سی مین لپٹ گیا
شوخی و غمزہ و ادا شرم و حیا جو ہو سو ہو

مینی کہا کہ جان و دل ہجر مین ہین تباہ ہین
اوسنی ادا و ناز سے ہنس کی کہا جو ہو سو ہو

عہد شباب فصل گل موسم ناو نوش ہی

کسکو ہی فکر عاقبت بعد فنا جو ہو سو ہو

صفدر خستہ جان کا دل پھر کہین مبتلا ہوا

تہا جو جنون ذرا ذرا پھر وہ بڑہا جو ہو سو ہو

۲۳۴

دیتی دعائین حشر تلک کوی یار کو
تہوڑی زمین ہمین بھی جو ملتی مزار کو

توفیق دی خدا یہ ہماری غبار کو
دامن پکڑ کی روک لی اوس شہسوار کو

افسوس تم ہو غیر کی گہر اور ہم یہان
کاٹین تڑپ تڑپ کی شب انتظار کو

دل نی تڑپ تڑپ کی لحد مین ہزار بار
پہینکا ہی آسمان پہ سنگِ مزار کو

جوشِ جنون مین بھی وہی باقی رہی تمیز
دیتا ہون آبلی مین جگہ نوک خار کو

کیا جانیی کہا ئی کہ وزن صبا کو تہی
برباد کر دیا مری مشت غبار کو

اُس کسکو یاد کیجیی صفدر فراق مین
می کو چمن کو یار کو باد بہار کو

٢٣٣

کیا مین جیب کی اوس محفل مین اغر ہو تو ایسا ہو
نہ دیکھا مجکو دربان نی مقدر ہو تو ایسا ہو

ہماری دل نی منہ پھیرا نہ اوس شمشیر ابرو سی
بہادر ہو تو ایسا ہو دلاور ہو تو ایسا ہو

مے عرفان سی دم بھر چشم و دل خالی نہین ہوتی
جو شیشہ ہو تو ایسا ہو جو ساغر ہو تو ایسا ہو

قضا بولی جو زیر تیغ قاتل سر جھکا میرا
نمازی مرتی دم اللہ اکبر ہو تو ایسا ہو

ترپنی سی ہماری کو دپانی ہوگئی لاکھون
پسیجا دل نہ اوس قاتل کا پتھر ہو تو ایسا ہو

ترا بسمل حباب آسا جو گذرا بحر ہستی سی
قضا بولی کہ کیا کہنا شناور ہو تو ایسا ہو

خدا نی ہمکو صفدر دل دیا اور دلکو الفت دی
کرم کہتی ہین اسکو بندہ پرور ہو تو ایسا ہو

٢٣٤

مین اک تنگی طلب مین چھوڑ بیٹھا دین و ایمان کو
وفور شوق دیوانہ بنا دیتا ہی انسان کو

پریشان خاطرون کا حال تیری کاکلون مین کہدی
خدا توفیق دی اتنی تری زلف پریشان کو

کہان تک زور وحشت اتنوائی دست جنون دم لی
بہت پرزی کیا دامن بہت پہاڑا گریبان کو

کیا نرگس کو حیران آپ کی چشم خماری نی — پریشان کر دیا زلف دوتا نی سنبلستان کو

نہ گل توڑی کبھی گلچین نہ کانٹی باغبان شاخین — ذرا بلبل کی آنکھون سی اگر دیکھین گلستان کو

کسی محفل مین ہمسکو کب ملی جمعیت خاطر — کہ ہر مجمع مین کہا یاد اوس زلف پریشان کو

خزان مین ہوش کسکو ہی اوٹہا رکہی گو آئی

بہار آئی تو صفدر دیکہ لینگی ہم گریبان کو

یون مری دل کو ہی اوس گل پیرہن کی آرزو — ۲۳۵ — جس طرح دولہا کو ہوتی ہی دولہن کی آرزو

ہمکو ای صیاد اب بہر خدا آزاد کر — فصل گل آخر ہی اور دل مین چمن کی آرزو

آستین دامن گریبان اندنون بیکار ہین — کسکو ہی جوش جنون مین پیرہن کی آرزو

ہمکو غربت مین اجل آئی بڑا افسوس ہی — رہ گئی دیدار یاران وطن کی آرزو

کاش صفدر اپنا جانا ہو مدینی کی طرف

ہی طواف روضۂ شاہ زمن کی آرزو

دیوانہ بنایا تری جلوی نی پری کو ۲۳۶ رفتار نی پامال کیا کبک دری کو

اوس شوخ نی سینی پہ مری ہاتہ تو کہا اللہ جبرا دی مری درد جگری کو

پیری نی گرایا مجہی محفل کی نظر سی پوچہا نہ کسی نی بہی چراغ سحری کو

وہ آنکہ کہان ہی جو رخ عیش کو دیکہین وہ کان کہان ہین جو سنین خوش خبری کو

اوس زلف کی بو لائی ہی جس طرح ہو صفدر

ٹہرالو کوئی دم تو نسیم سحری کو

ردیف ہای ہوز

کہا دل نی جو دیکہی نرگس مخمور جانانہ ۲۳۷ مے حسن جوانی سی لبالب ہی یہ پیمانہ

ادائین اونکی دیتی ہین خبر جوش جوانی کی نگاہین شرم آگین شوخ چتون چال مستانہ

وہ دل کیا ہی نہو جسمین تصور روی دلبر کا وہ سر کیا ہی نہو جس مین ہوای زلف جانانہ

غنیمت ہی وہ سمجہا تو جو کچہ سمجہا سمجہا ہین آوارہ مین سودائی مین سرگردان مین دیوانہ

ذرا فرصت نہین ملتی ہی اوسکو زیب و زینت سی | کبھی سرمہ کبھی مسی کبھی غازہ کبھی شانہ
کبھی تو ماجرای عاشقان زار بھی سن لو | عجب دلچسپ قصہ ہی عجب دلسوز افسانہ
تماشا ہی دل نادان کسیکی ساتہ جاتا ہی | قیامت ہی ہمارا آشنا ہوتا ہی بیگانہ
خرابات جہان برباد ہو جاتی ہو جای | رہی ساقی سلامت خم کی خیر آباد میخانہ

جہان سی اوٹھتی ہی صفدر کی برہم ہو گئی محفل
نہ شیشہ ہی نہ مطرب ہی نہ ساقی ہی نہ پیمانہ

۲۲۰
پری پیرو آدمی کا دل نہو کس طرح دیوانہ | تری بہکی ہوئی باتین تری چالین ہین مستانہ
سر مو فرق کچہ اسمین نہین تشبیہ کامل ہی | کسی زلف پریشان کا دل صد چاک ہی شانہ
بدلتا ہی مرا دل رنگ کیا کیا عشقبازی مین | کبھی بلبل ہی گلشن مین کبھی محفل مین پروانہ
انا لیلی کی ابتک ہر طرف آواز آتی ہی | مرقع عالم وحدت کا ہی مجنون کا ویرانہ
کٹنا ہی غنچہ قاتل تو اپنا سر بھی حاضر ہی | وہان تیغ آزمائی ہی یہان ہمت [illegible]

ہزاروں درد حسرت یاس ماں دل میں مہماں ہیں
کہاں اوٹھیں کہاں بیٹھیں ذرا سا ہی یہ کاشانہ

جوانا میں چمن اپنا نہ سمجھی آج تک مجکو
رہا باغ جہاں میں مثل سبزہ سب سی بیگانہ

عوض طوبی و کوثر سی نہ پروا حور و جنت کی
وہ مینا ہو وہ ساغر ہو وہ ساقی ہو وہ میخانہ

دل اغیار کو صفدر ہماری دل سی کیا نسبت
یہ مسجد ہی یہ میخانہ یہ کعبہ ہی وہ بتخانہ

۲۳۹

سودا کر چکی دل کا کسی دلربا کی ہاتھ
اس باوفا کو بیچیں گی اک بیوفا کی ہاتھ

تکو دکھا کچھ جواب جب اوسنی نہ بن پڑا
گردن میں میری ڈالدی مسکرا کی ہاتھ

دو دو قدم وہ رقص میں چلنا کسیکا ہلی
دامن پکڑ کی پاؤں بڑھا کر اوٹھا کی ہاتھ

گھونگھٹ اولٹ کی اوسنی شب وصل کیا
کچھ بک نہیں گئی مری دشمن حیا کی ہاتھ

سنتی ہی نام وصل وہ پہلو سی اٹھ گئی
جھنجلا کی طیش کھا کی بگڑ کی چھڑا کی ہاتھ

بجلی چمک کی رہ گئی آنکھوں کی سامنی
منہ پر کسینی رکھلی جب مسکرا کی ہاتھ

اتنا ہی لحاظ کر رسوا نہو کوئی — ہی عاشقون کی شرم تمہاری حیا کی ہاتھ

مقتل مین آج جمع ہین سامان نئی نئی — شمشیر ناز گردن بسمل قضا کی ہاتھ

صفدر ہی خوف کیا مجھی روز حساب کا
ہی شرم میری داور روز جزا کی ہاتھ

٢٤٠ ہی عشق خط بھی الفت زلف دوتا کی ساتھ — کیونکر بچی گی جان بلا ہی بلا کی ساتھ

طرز نگہ نی چھین لیی قدسیون کی دل — آنکھین جو اونکی اوٹھ گئین دست دعا کی ساتھ

ہو کر شہید ناز یہ پایا ہی مرتبہ — خلق خدا ہی آج تری مبتلا کی ساتھ

منہ پھیرنا کسیکا وہ شرما کی ناز سی — اور پھر سنبھالنا وہ دوپٹہ ادا کی ساتھ

خوشبو سی آج صحن گلستان مہک گیا — بیشک ہی بوئی زلف رسا بھی صبا کی ساتھ

تو مجکو قتل کر مین تجھی مرحبا کہون — میری زبان چلی تری تیغ جفا کی ساتھ

کچھ انتہا ہی وہم کی اللہ ری احتیاط — آتی ہین خواب مین بھی وہ ناز و ادا کی ساتھ

رخصت ہی دلکی روتی ہین دلکی حسرتین | جاتا ہی آشنا کسی نا آشنا کی ساتھ

صفدر نہین ہی تمسکو محبت تو کیون
کیون دلکو تمہاری جاتی ہو دشمن کی ساتھ

۲۴۱

وہ تیغ ناز یارب ہو رواں آہستہ آہستہ | مزہ لی لی کی تڑپین نیمجان آہستہ آہستہ
خفا بھی وہ ہوئی گڑبڑی بھی برہم بھی ہوئی لیکن | سنا دی ہمنی ساری داستان آہستہ آہستہ
ہماری حال دل سی اور تو واقف نہین کوئی | صبا کچھ ہوگئی ہی رازدان آہستہ آہستہ
جگہ ہی سینہ مین دلکی جان من او دل مین حسرت ہی | نکالو میری پہلو سی سنان آہستہ آہستہ
لگا دی ایک ٹھوکر جب وہ آئی فاتحہ پڑھنی | مٹایا قبر عاشق کا نشان آہستہ آہستہ
شب وصل صنم ہی صبح ہونی مین کہی جلدی | رواں ہو آج تو ای آسمان آہستہ آہستہ

کوئی رسوا نہو کچھ پاس اسکا بھی ہی صفدر
شب فرقت مین لازم ہی فغان آہستہ آہستہ

کیا صدمون نی ہمکو ناتوان آہستہ آہستہ
۲۴۲
بہار باغ پر چھائی خزان آہستہ آہستہ

کسیکی ابرو و مژگان نی ہمکو نیمجان چھوڑا
چلی شمشیر رک رک کر سنان آہستہ آہستہ

نپایا آج تک ظالم نی مجھسا صابر مین کامل
ہوی سب عاشقون کی امتحان آہستہ آہستہ

ابھی جلدی ہی کیا صیاد فصل گل تو آنیدی
سناونگا تجھی سب داستان آہستہ آہستہ

کہین گھبرا نجانا رعب سی اوس شوخ کی قاصد
ہمارا حال سب کرنا بیان آہستہ آہستہ

نہ ایوان فریدون ہی نہ جام جم رہا باقی
مٹی شاہان عالم کی نشان آہستہ آہستہ

اوٹھی یہ دوست اپنی منزلِ ہستی سی ای صفدر
کہ خالی ہوگیا سارا جہان آہستہ آہستہ

خوش کرتی ہی دل دختر رز اکی ہمیشہ
۲۴۳
رہتی ہی دولہن پاس یہ دولہا کی ہمیشہ

لب نی جو جِلایا تو تیری آنکھ نی مارا
قاتل بھی رہا ساتھ مسیحا کی ہمیشہ

پردہ نہ اوٹھایا کبھی چہرہ نہ دکھایا
مشتاق رہی ہم رخِ زیبا کی ہمیشہ

غیرونکو دیی بوسہ لب پیار سی اوسنی
ہم رہ گئی منہ دیکھکی للچا کی ہمیشہ

دن کو ہی اگر مہر تو شب کو وہ قمر ہی
جلوی ہین نئی اوس بت رعنا کی ہمیشہ

اللہ ری حیا وصل مین سو جاتی ہین اتنک
وہ جیب کی منہ ڈہپیکی شرما کی ہمیشہ

وہ دن ہمین جینی کا بھروسا نہین صفدر
چرچی تو رہینگی یہی دنیا کی ہمیشہ

۲۲۴

وہ عارض گلگون ہی گل تر سے زیادہ
وہ قامت موزون ہی صنوبر سے زیادہ

ٹوٹا جو حباب لب جو آئی یہ آواز
وقفہ نہین اس بحر مین دم بھر سے زیادہ

بنیاد تن سب سعی ہی بیکار ہی کوشش
ملتا نہین انسان کو مقدر سے زیادہ

کوچی مین تری کون یہ فریاد کو آیا
ہنگامہ ہی ہنگامہ محشر سے زیادہ

میری طپش دل مین اگر کچھ نہین تاثیر
بیتاب ہو تم کیون دل مضطر سے زیادہ

صدمہ او نہین پہنچی نہ کہین دلکی ترپ سے
سینی سی لگاتا نہین اس ڈر سے زیادہ

بیقدر نسمجھو اسی بیقدر نسمجھو
پاؤگی وفادار نہ صفدر سی یاؤ

بدلتا ہی صفدر کچہ ایسا زمانہ	۲۴۵	کہ ہی آج اسکا کل اوسکا زمانہ
حباب لب جو تھی ہم اس چمن مین		کھلے آنکہ سے اپنے تو گذرا زمانہ
لڑکپن تھا جبتک نہ تھی فکر کوئی		بہت یاد آتا ہے پہلا زمانہ
بہت مہربان تھا وہی مہر مجہپر		ہوا ہی ابھی اسکو تھوڑا زمانہ
کبھی دشت گلشن کبھی باغ صحرا		دکھاتا ہی نیرنگ کیا کیا زمانہ
جو ہی قتل مدنظر سر ہی حاضر		مگر یہ کہو کیا کہیگا زمانہ

ہوا وصل اوس سی جدائی تھی جسکی
ہی ان روزون صفدر تمہارا زمانہ

ردیف یای تحتانی

کسی زندگی کی امید ہی کہ خبر ہی فرقت یار کی
یہی دن ہی اپنی وصال کا یہی شب ہی اپنی مزار کی
گئی تھی چمن سی گلی مین کیا کسی شوخ لالہ عذار کی
تری پیرہن مین ہی ای صبا جو مہک عروس بہار کی
نہین چین دام مین ایک دم یہ تڑپ ہی بلبل زار کی
کوئی صحن باغ سی ہو نہو خبر آئی فصل بہار کی
وہ چھپا کی چہری کو زلف سی پی سیر آئین سحر کی
کوئی گردش ایسی ہوای فلک مری بعد لیل و نہار کی
پس مرگ پھر نہ ہی ہوس چمن جنان کی کسیطرح
تری کوچی مین جو زمین ملی پی دفن مجھکو مزار کی
جو شعور ہے تو نہ آ دلا کبھی مرشدون کی فریب مین

جو یہ لبنی لبنی ہین داڑھیان یہی مُٹھیان ہین شکار کی

مین وہ بادہ خوار ہون ساقیا کہ خدا سی ہی یہ مری دعا

جو قضا کرون تو مزار پر چڑھی ہی چادر ابر بہار کی

رہی زندگی مین جو مخمصی پس مرگ ساری وہ مٹی ہوئی

نہ طلب ہی دولت و زر کی اب نہ خبر ہی یار و دیار کی

مین اخیر وقت مین صفدر اب کہون کس سی حال شباب کا

وہ سرور نشۂ بادہ تہا یہ بلا سہے رنج خمار کی

۲۴۶

دل رہی یا نہ رہی وہ ستم ایجاد رہی
سر رہی یا نہ رہی خنجر جلاد رہی

مشق غم ہجر مین یہ اے دل ناشاد رہی
سانس لینی مین بہی کیفیت فریاد رہی

شانہ زلفون مین جو کرنا تو سمجھ کر کرنا
دل بہی او بہا ہی کسی کا یہ ذرا یاد رہی

جب کیا قصد فغان ضبط پکارا کہ خموش
دل ہی مین حوصلہ نالہ و فریاد رہی

الفت قید تھی مرغانِ قفس کو ایسی
چھوٹ جانے پہ بھی گردِ سرِ صیاد رہی

شبِ فرقت مین ہمین بھول گئی سب ایسے
یار تو یار اجل کو بھی نہ ہم یاد رہی

کبھی فرقت مین بھی آئی نہ دیا یاس کو پاس
شادیِ وصل کی امید پہ ہم شاد رہی

دل وہ دل ہی کہ رہی تیغِ جفا کا چورنگ
سر وہ سر ہی جو تہِ خنجرِ بیداد رہی

آہ بلبل تھی کہ ہم نکہتِ گل تھی صفدر
کہ رہے جب تلک اس باغ مین برباد رہے

۲۲۰

اوڑایا ہی ستارون نی چمکنا اونکی ہیکل سی
چمک کر منہ چھپانا برق نی سیکھا ہی چنچل سی

نہ بھولونگا شبِ وصلت مین بوسہ مانگنا انکا
لجا کر مسکرا کر منہ چھپانا اونکا آنچل سی

جو کھولا آپ نی جوڑا تو خورشید زمین آیا
اوٹھائی زلف چہرہ سی تو نکلا چاند بادل سی

جنون کا جوش مین نازک طبیعت فصلِ گل سی ہی
کہو فصاد سی لی فصد شاخِ گل کی کونپل سی

غضب ہی آپکا اس ناز اس انداز سی چلنا
ہزارون فتنی برپا ہر قدم ہوتی ہین چھاگل سی

ابھی تک حسرت دیدار قاتل دل مین باقی ہی
صدا ہر دم شہید ناز کی آتی ہی مقتل سی

یہ بدلا رنگ عالم آسمان کی ایک گردش نی
نہ وہ صحبت رہی باقی نہ وہ احباب کی جلسی

پریشان ہونا بل کھانا تجھی نا پیچ مین لانا
یہ لٹکی سیکھلی کوئی تری زلفِ مسلسل سی

لطافت مین نزاکت مین صفائی مین لو صفدر
وہ بہتر ہی صبا سی گل سی آئینی سی صندل سی

۲۴۹ تمہاری سادگی پر دم فدا ہی روز اول سی
علاقہ ہی نہ مہندی سی نہ سرمی سی نہ کاجل سی

علاج دردِ سر ممکن نہین نازک دماغون کا
ہماری سرگرانی بڑہ گئی خوشبوئی صندل سی

ہوائی چشم لیلی کا اثر ہی خاکِ مجنون مین
ابھی تک اک غبار سرمگین اوٹھتا ہی جنگل سی

ہمی محروم رکھا وصل مین بھی تیرہ بختی نی
ملی فرصت نہ اونکو رات بھر مسی سی کاجل سی

چمک کر آسمان پر ابر مین جب چھپ گئی بجلی
تمہارا جھانکنا یاد آگیا پردی کی اوجھل سی

اگر ہو چشم روشن فرق کیا گبر و مسلمان مین
چراغ دیر و کعبہ مشتعل ہی ایک مشعل سی

خدا جانی بنی گی آج کیونکر ہمسی اے صفدر
مزاج اونکا نظر آتا ہی کچھ بگڑا ہوا کل سی

۲۸۰ پری نی حور نی انسان نی کب یہ شکل پائی ہی
خدا نی ہاتہ سی اپنی تری صورت بنائی ہی

عبث گھبراتی ہی ای روح تو اس جسم خاکی مین
یہ زندان چند روزہ ہی قیامت تک رہائی ہی

نہ کنگھی ہی نہ چوٹی ہی نہ سرمہ ہی نہ مسی ہی
یہ وضع سادہ تمکو سچ بتاؤ کب سی بہائی ہی

نہ تجھمین یہ کاوٹ تھی نہ تجھمین یہ کھچاوٹ تھی
تری شمشیر نی یہ چال کیا تجکو بتائی ہی

ہوا جو کچھ ہوا قاتل سی کچھ شکوہ نہین ہمکو
جنازی پر ہماری جمع کیون ساری خدائی ہی

کوئی ناشاد کوئی شاد اپنی اپنی قسمت ہے
وہ بگڑی ہین جو ہمسی کیسی غیرونکی بن آئی ہی

یقین ہی اب دل بیتاب فرقت مین تڑپیگا
اوٹھا کر یار کی تصویر سینی سی لگائی ہی

ذرا ای آفتاب حشر برقع ڈالکر آنا
اری ظالم خدا سی ڈر یہ روز خود نمائی ہی

مقابل ساری عالم سی کیا الفت نی ای صفدر

ادہر مین ہون تن تنہا ادہر ساری خدائی ہی

۲۵۱ جہان اس گلشن عالم مین ننگِ آشنائی ہے / وہان دیکھا تو اوسکی ساتہ ہوتی بیوفائی ہے

نہ ہم واقف کسی سی ہین نہ کوئی ہمسی واقف ہی / فقط آئینہ سان لوگون سی صورت آشنائی ہے

جدا ہم یار سی ہین غیر ہین ہر وقت پاس اوسکے / خداوند جہان کیا تیری شان کبریائی ہے

فراق و وصل کی ہین لوٹتا ہون لذتین کیا کیا / کبہی اونسی صفائی ہی کبہی اونسی لڑائی ہے

نہ دل ہی اپنی قابو مین نہ آنکہین اپنی بس مین / جسی کہتی ہین محشر وہ روزِ جدائی ہے

غنیمت ہی ملا جو دم ہی امید بقا کیسی / عناصر مین بہی باہم چار دن کی آشنائی ہے

بنا ہون بلبل تصویر اس گلزار مین صفدر
مری نزدیک سب یکسان اسیری ہے رہائی ہے

۲۵۲ بسکہ ہی عشق قد یار مین شہرت میری / منتظر مین ہون قیامت کا قیامت میری

کبہی ہون بلبل گلشن کبہی پروانہ بزم / بہیس بدلی ہوئی پہرتی ہی محبت میری

اوس نظر سی جو نزاسب کی نگاہون سی گرا — آنکھ کیا اوسکی پہری پہر گئی قسمت میری

دل حسینون کو دیا جان اجل کو بخشی — وہ سخی ہون کہین جہکا سہ نہین ہمت میری

تم جسی چاہتی ہو اوسکی قسم صاف کہو — ہی تمہین غیر سی الفت کہ محبت میری

نوحہ گر کوئی جو مرقد پہ نہین کہیا پڑا — بیکسی روئیگی سر پیٹی کی حسرت میری

پاس میرا نہ سہی اپنی طرف دہیان کرو — تمکو غیرون سی مناسب ہی شکایت میری

مجھسی کہتی ہی جوانی کہ بسر عیش مین کر — چند روزہ ہی ملاقات غنیمت میری

گردش چرخ سی صفدر ہو جاتی برپا — بنکی ہر خطہ بگڑ جاتی ہی صورت میری

۲۰۲

نہوئی صبح کسی دن شب فرقت میری — آسمان نی نہ نکالی کبہی حسرت میری

سو رہی رات وہ سر رکہکی مری زانو پہ — بخت بیدار ہوی جاگ اوٹہی قسمت میری

پہر دم حشر نہوگا کسی مجرم سی حساب — پہلی آئی جو گنہگارون مین نوبت میری

دل تڑپ کر مجھی لیجای گا حورونمین ور
بیقراری ہی کلید در جنت میری

ہون وہ برگشتہ مقدر کہ نہابت ریویا
کی رقم کاتب قدرت نی جو قسمت میری

ہون رہا قید تعلق سی تو دیکھون اوسکو
پردہ چہرہ مقصود ہی غفلت میری

کسنی کسنی مری مضمون نہ لیی ای صفدر
جب سی دیوان چھپا لٹگئی دولت میری

کہو آگئی ہمسی وہ پوچہلی جسی شرب مئی مین کلام ہے

جو وصال ہی تو حلال ہی جو فراق ہی تو حرام ہے

وہ می نشاط سی مست ہین شب و روز جام بدست ہین

اونہین کیا خبر اونہین کیا غرض جو کسیکا کام تمام ہے

نہ کیا لحاظ ذرا صنم کہ کہا پیمبر حسن سے

تجھی اب بڑہا دن کہان تلک کہ خدا کا آگی تو نام ہے

جو تمہارا عاشق زار تھا وہ تڑپ کی رات کو مر گیا

ہی یقین کہ تمنی بھی ہو سنا یہ خبر زمانی مین عام ہے

نہ ملینگی ہم نہ ملینگی ہم کبھی آبرو کو نہ دینگی ہم

جو رقیب سی بھی پیام ہے تو یہین سی اونکو سلام ہے

نہ وہ آتی ہین نہ بلاتی ہین ہمین باتون ہی مین لگاتی ہین

وہی ابتدا سی ہی آج کل وہی صبح ہی وہی شام ہے

کبھی لگیا جو زمین سی سر چرخ نشۂ شراب کا

تو یقین ہوا ابھی ساقیا یہ سمند برق خرام ہے

جو شراب نوش تھی ہر سحر وہ لحد مین سوتی ہین بیخبر

نہ ہوای سبزہ و باغ ہی نہ تلاشِ شیشۂ و جام ہے

دمِ حشر صفدرِ خستہ جان وہی دیگا ہمکو خطِ امان

جو ذبیح سے جو قتیل سے جو شہید ہی جو امام ہے

٢٥٥

دہشت فزا ہوا ہی کچھ ایسی بہار کی — پہولا جو پہول اوسنی قبا تار تار کی

نرگس کی آنکھ کیون نہ چمن مین کھلی رہی — تصویر بن گئی ہی تری انتظار کی

اب ترک عشق وضع سی اپنی خلاف ہے — ناصح ہی دم کی ساتھ جو بات اختیار کی

اوس سنگدل کا دل نہ پسیجا کسی طرح — ہمنی تو اپنی جان تلک بھی نثار کی

بارش یہ آنسوونکی ہی یا بارش سحاب — بجلی ہی یا تڑپ ہی دل بیقرار کی

ہمسی کدورتین ہین رقیبونسی صحبتین — ہی طرفہ شان قدرت پروردگار کی

صحرا کو چھوڑتا ہون تو روتی ہین آبلی — لذت ملی ہی کیا خلش نوک خار کی

ائی وہ خط نکال کی رخ پر بہار ہی — پنہان جو تھی کدورت دل آشکار کی

صفدر شراب پینی سی توبہ تو کی مگر
مجبور ہون کہ فصل پھر آئی بہار کی

لیجای کاش آکی ہوا کوی یار کی ۲۰۶ مٹی خراب ہو نہ ہماری غبار کی
اللہ ری طول روز قیامت بھی ہو چکا لیکن ہوی نہ صبح شب انتظار کی
بجلی سی کم نہیں یہ تڑپ مین کسیطرح پوچھو نہ مجھسی میری دل بیقرار کی
کھولی ہی کسنی کاکل مشکین اے صبا آتی ہے بو دماغ مین مشک تتار کی
دنبالہ اوسکی نرگس میگون کو کر رہی توبہ شکستہ ہو کسی پرہیز گار کی
ہوتا خیال یار سی اس دلکا سامنا مٹی جو درمیان مین ہوتی غبار کی

قاصد تو کیا فرشتی کا اسکو یقین نہین
صفدر روا ہے کیا دل بی اعتبار کی

در صنعت عاشق شدن معشوق

سیر دیکھو بلبل اک گل کا وہ گل رخسار ہی ۲۰۷ لالۂ شاداب جو تہا نرگس بیمار ہی
طالب دیدار ہین سب جسکی ہوسی کسیطرح آپ وہ برق تجلی طالب دیدار ہی

جسکی ہی شیرینی گفتار عالم کو پسند
خود وہ محو لذتِ شیرینیِ گفتار ہی

خشک لب ہین وہ مسیحائی کا دعوی کیا ہوا
ہو کی عیسی اپنی آنکھون کیطرح بیمار ہی

ہین خجل جسکی خرام ناز سی طاؤس و کبک
کیا تماشا ہی وہ خود وارفتہ رفتار ہی

طرۂ طرار جسکا دام تہا سب کی لیی
دام اب اوسکو اسیکا طرۂ طرار ہی

کنگھی چوٹی سی نہ اب مطلق نہ آرائش سی کام
کس پریشانی مین مثل گیسوِ خمدار ہی

مہر طلعت غش تہی جسکی سایۂ دیوار پر
اب وہ خود مانند سایہ غش پس دیوار ہی

جو گل خندان تہا گریان ہی وہ شبنم کیطرح
عین فصل گل مین پامال خزان گلزار ہی

گرم و سرد عشق کا اب حال ظالم کو کہلا
اشک آنکھون مین ہین لب پر آہِ آتش بار ہی

گریۂ صفدر پہ رہتا تہا جو ہر دم خندہ زن
ابر نیسان کیطرح اب خود وہ گوہر بار ہی

تاب نظارہ ہی شرط رخ یار کی لیی ۲۵۸ چشم کلیم چاہیی دیدار کی لیی

صدمہ جو ہجر کا ہی تو اغیار کی لیی
ہی یار میری واسطی مین یار کی لیی

مدت گذر گئی نہین دیکھا جمال پاک
انکھین ترس گئین تری دیدار کی لیی

منظور شہرہ حسن کا ہی جانتا ہون مین
پازیب تمنی پہنی ہی جھنکار کی لیی

کیا مزی اوٹھی نہ شب وصل یار مین
بوسی کبھی جبین کبھی رخسار کی لیی

بوسہ تو کیا بگڑتی ہین وہ بات بات پر
حیلی نئی نکالے ہین تکرار کی لیی

دامن سی اشک پونچھ رہا ہی وہ بحر حسن
کیا مرتی ہین چشم گہربار کی لیی

کافی ہین درد و غم ہمین جائین سرور و عیش
یارون سی کیون بگاڑیی اغیار کی لیی

دریا و دشت گلشن و بتخانہ و حرم
کس جا کہان کہان نہ پھری یار کی لیی

شاید وہ آئین میری جنازی پہ دوستو
انکھین کھلی رہین مری دیدار کی لیی

تازہ رہینگی پھول مضامین کی حشر تک
صفدر خزان نہین مری گلزار کی لیی

۲۵۹

جمال یار دیکھا ہمنی فیض چشم پرنم سی
نظر آیا ہمین خورشید عالمتاب شبنم سی

عجب ویرانہ ہی جسدن سی دل خالی ہوا غم سی
اس اوجڑی گھر کی آبادی تھی کس کمبخت ہمدم کی سی

عجب نیرنگ دکھلایا ہی ہمکو جوش وحشت نی
نئی عالم مین پہنچی ہین نکل کر دونون عالم سی

محبت ہو نہ کیونکر قید مین زنجیر سی ہمکو
کہ اسکو سلسلہ ہی کچھ تری گیسوی پرخم سی

غم الفت جو پایا ہی مزی کیسی اوٹھائی ہین
ہماری دل سی پوچھی قدر اسکی یا کوئی ہم سی

کبھی اونسی مجی ہی وصلت کبھی اونسی ہوی فرقت
جہنم مین گئی جنت سی جنت مین جہنم سی

مآل کار سی دونون کی ہم از بسکہ واقف ہین
خوشی سی غم ہمین ہوتا ہی ہوتی ہی خوشی غم سی

وہ بیکس ہین ہمین دنیا نی چھوڑا ہمنی دنیا کو
نہ عالم ہمسی واقف ہی نہ ہم واقف ہین عالم سی

ہوئی تقدیر اولٹی جسقدر تدبیر کی صمد
دوا سی درد دل چمکا اوٹھایا داغ مرہم سی

۲۶۰

قفس مین یا الٰہی ایسی ہو گویا زبان میری
کلیجا تھام لی صیاد سنکر داستان میری

بجھی کی جام سی کیا پیاس ای پیر مغان میری
صراحی کی دہن مین کاٹ کر رکھدی زبان میری

بہار آئی ہی مین دیوانہ نازک طبیعت ہون
کہو گلچین رگ گل سی بنای بیڑیان میری

لیا تہا خواب مین بوسہ کبھی لبہای شیرین کا
مزا اوس بوسہ سی بہولی نہین ابتک زبان میری

اس اندیشی سی کہ سکر جانہ وہ سنتی پہونچتی ہین
شب مہتاب مین دیکھی نہ کوئی چہاتیان میری

نہ اونکو ہوش ہی اپنا نہ مجکو ہی خبر اپنی
عجب حالت ہی فرقت مین وہان اونکی یہان میری

کسی پر حال میری غنچۂ دل کا نہین افشا
صبا کچھ رفتہ رفتہ ہو گئی ہی رازدان میری

ہوا یون لب بلب تو کیا مزہ ہوتا اگر ہوتی
مری منہ مین زبان تیری تری منہ مین زبان میری

یہ کہنا وصل مین ہنس ہنس کی تو شوخ کا یاد ہی صفدر
بڑہاؤ طوق گردن کا ہو تار و بجلیان میری

۲۶۱

وہ بت جلوہ آرا ہوا چاہتا ہی
خدا جانی اب کیا ہوا چاہتا ہی

تڑپ دل مین ہی دید مشوق تر ہی
وہ بجلی یہ دریا ہوا چاہتا ہی

بہت اسکو ایذا ہی پہلو مین میری | یہ دل اب کسیکا ہوا چاہتا ہی

دکھا کر وہ تلوار کہتے ہین مجھسی | خبر ہے تمہین کیا ہوا چاہتا ہی

وہ اٹھکھیلی کی چال چلنی لگی ہین | کوئی فتنہ برپا ہوا چاہتا ہی

بہت تیز ہی آجکل تیر مژگان | کوئی دل نشانہ ہوا چاہتا ہی

وہ رخسار پر کھلنے والے ہین خط | یہ قرآن محلا ہوا چاہتا ہی

مری قتل کرنیکو آتا ہی قاتل | تمام آج قصہ ہوا چاہتا ہی

بلائین جو لین زلف کی عکس کی بولی
کہ صفدر کو سودا ہوا چاہتا ہی

٢٦٢

اونکی رخصت کی شب وصل جو سامان ہونگی | صبح کی ساتھ ہی ہم چاک گریبان ہونگی

وہ قدم ناز سی جسدم وہ خرامان ہونگی | فتنی اوٹھینگے نئی حشر کی سامان ہونگی

بزم ہو باغ ہو مسجد ہو صنمخانہ ہو | تو جہان ہوگا وہان سب تری خواہان ہونگی

سونگھنی والی ہین جو لوگ تری زلفون کی — نکہت گل سی دماغ اونکی پریشان ہونگی

تیغ و بازو کی صفت ایک جہان کرتا ہی — قتل کرکی مجھے وہ جفا کی پشیمان ہونگی

ایک ہم ہین کہ بجز غم نہین کچھ ہمکو نصیب — ایک وہ ہین کہ وہان عیش کی سامان ہونگی

آپ ہی جان کو ہم دینگی شب فرقت ہین — ملک الموت کی شرمندۂ احسان ہونگی

سر پہ جسنی کہ لیا روز ازل عشق کا بوجھ — اور کوئی نہین وہ حضرت انسان ہونگی

اونکی محفل مین گذر ہوگا جو اپنا صفدر — کبھی گریان کبھی خندان کبھی حیران ہونگی

۲۶۳

اوٹھی لطف جبتک کہ طالع رسا تھی — ہم اونپہ تصدق وہ ہمپہ فدا تھی

نہ تھا چین جبتک کہ اونسی جدا تھی — وہ آزردہ ہم زندگی سی خفا تھی

یہ تھا عشق مین پاس اخفای الفت — کہ نالی زبان پر مری بے صدا تھی

یہ انداز یہ ناز کس دن تھی دلکش — یہ غمزی یہ عشوی کہان دلربا تھی

وہ بیگانی ہین اب تو بیگانی ہین سب
جو وہ آشنا تھی تو سب آشنا تھے

جھکایا جو محراب شمشیر مین سر
ادا ہو گئی جتنی سجدی قضا تھے

نپوچھو جوانی کا پیری مین قصہ
وہ دن اور کچھ تھے وہ عالم جدا تھے

عدم مین کہین گی یہ ہستی سی جا کر
کہین کیا کہ کس رنج مین مبتلا تھے

نہ خاک کی سیر ہنی جو صفدر
وہی مہر طلعت وہی رلقا تھے

۲۶۴
مصاحب ان روز ون آئینہ ہی سنگار کا اونکو شغلا ہے

کبھی ہی سرمہ کبھی ہی مسی کبھی ہی غازہ کبھی حنا ہے

بہار آئی چمن مین ساقی کہ بادہ خواری کا دور آیا

کھڑی ہی ساغر بدست نرگس درخت جو ہی وہ جھومتا ہے

جو ہمسی دل لکو لیا ہے ستمنے تو اسکو رہنی دو پاس اپنے

غریب اچھا ہی یا برا ہے یہ مطیع فرمان تو آپ کا ہے

گلی ہی اوس سنگدل کی محشر ہجوم فریادیون کا ہے سو

ہزار رو ہزار پیٹو کسیکو وہان کون پوچھتا ہے

ہماری طرز اطاعت ایسی عتاب ظالم کا ہم پر ایسا

قدم پہ سر کاٹ کر جو رکھا کہا کہ سر کا خون بھرا ہے

دیا جو قاصد نے میرا نامہ تو اپنی منشی سے وہ یہ بولی

لفافہ کرتا ہے چاک ناحق کہ خط کا مطلب کھلا کھلا ہے

نہین ہی کچھ ساتھیونکی پروا جو آگے جاتا ہی اونکو جانین

کبھی تو ہم بھی پہنچ رہینگے کہ ہم غریبونکا بھی خدا ہے

یہ اوسکی آگے سی کھینچتا ہی وہ اسکی آگے سے انجمن مین

غرض کہ آئینے کا بھی طوطی عجب حسینون مین بولتا ہے

رہائی ان بیڑیوں سی ہمسر گر نصیب ہوتی نہیں کسیکو

محبت ان گیسوون کی صفدر بری بلا سے بُری بلا ہے

٢٦٥

عشق کامل ہو تو اتنا چاہیے ۔ تا گوارا سب گوارا چاہیے

ظاہری کچھ لطف اونکا چاہیے ۔ دل لگانیکو سہارا چاہیے

تم جفا مین مین وفا مین لاجواب ۔ جو ہو جس پیشی مین پورا چاہیے

پوچھتی ہو کیا ہمارا حال لب ۔ یہ تو اپنی دل سے پوچھا چاہیے

جان یون دین ہم کہ جانان بھی کہین ۔ عاشق جانباز ایسا چاہیے

جلوہ گاہ یار مین پہنچی تو ہین ۔ آنکھین کیا دکھلائین دیکھا چاہیے

چاہتا ہون مین تمہین تنہا تو کیا ۔ تم مجھی چاہو تو پھر کیا چاہیے

لطف بوسی کا اوٹھانا ہی اگر ۔ ناز بھی اوسکی اوٹھانا چاہیے

کل سی ہین صفدر وہ کچھ بگڑی ہوی

آج کیا ہوتا ہے دیکھا چاہیے

٢٦٦

تعریف کیا ہو اوسکی رخِ بی نقاب کی
خوشبو جو گل کی ہی تو چمک آفتاب کی

بجلی سی ہی یہ قول دلِ بیقرار کا
سیکھی ہے طرز تو نی مری اضطراب کی

کبتک ہو صبر ظلم اوٹھائین کہانتک
کچھ حد نہین رہی ستم بی حساب کی

برپا کرونگا حشر مین مین ایک اور حشر
صورت یہی رہی جو مری اضطراب کی

عصیان ہماری ہوگئی باہر حساب سی
دہشت نہین رہی ہمین روز حساب کی

مجکو لحاظ اونکو حیا تھی شب وصال
حسرت نہ نکلی اس دلِ خانہ خراب کی

مشہور ہی جہان مین جو چودھوین کا چاند
تصویر ہے وہ آپکی حسنِ شباب کی

سیماب کو سپند کو آتش پہ دیکھلو
پوچھو نہ مجھسی شرح مری اضطراب کی

صفدر یہ کم نہین ہی شرف میری واسطے
امت مین ہون جنابِ رسالت مآب کی

اوس تبسم کی یاد آئی ہے — ٢٤٧ — جب کلی کو سنے مسکرائی ہی
دونون آنکھون نے مجکو لوٹ لیا — نازکی غمزے کی دوہائی ہی
ہم ادب سی وہ کہ نہین سکتے — بات جو اپنی جی مین آئی ہی
آفرین کہیی اوس مصور کو — جسنی صورت تری بنائی ہی
ای بتو حسن پر نہو نازان — چار دن کی یہ خود نمائی ہی
کچھ تو دلکو خوشی ہوای صبا — جھوٹ کہدی کہ اب آئی ہی
مجھسی مجرم کو خلد مین بھیجا — واہ کیا شان کبریائی ہی
ہاتہ کھینچا تو ناز سے بولی — دیکھو نازک مری کلائی ہی

کس ادا سی وہ کہتے ہین صفدر
اب نہ چھیڑو کہ نیند آئی ہی

مرغ قفس اسیری کی صدمی اوٹھا چکی — ٢٤٨ — خوش ہون کہ دن بہار کی نزدیک آچکی

نالونکو میری حشر جو انا تھا لا چکی — طلابی آسمان و زمین کی ہلا چکی

آئینگی ملک دل پہ وہ شبخون یقین ہوا — ہاتھو نہین مہندی آنکھو نہین سرمہ لگا چکی

آتی ہین میری گھر مین وہ اب جب نہین تپید — کپڑی بدل چکی ہین سواری منگا چکی

کیا جانی زیر ین و دل لائین کیا بلا — سو سو مصیبتون مین تو ہمکو پھنسا چکی

کھائینگی لاکہ زخم نہ موڑین گی منہ کبھی — کیا آزماری ہو جبکی آزما چکے

ہی حوصلہ ہنوز حسینون کی عشق کا — سو بار بیوفاون سی دھوکا اوٹھا چکی

آئی نہ آی رحم اونہین اختیار کیا — ہم درد دل کا حال مفصل سنا چکی

قسمت کی خوبی دیکھیی صفدر کھلی آنکھ — ساتھی جو تھی سحر کو سدھاری وہ جا چکے

۲۶۹ نارسا طالع ہماری جب رسا ہو جائینگی — آج بیگانی جو ہین کل آشنا ہو جائینگی

ضبط کرتا ہون فقط نالون کو اپنی ایلچی — درہم و برہم ابھی ارض و سما ہو جائینگی

چلکی سحرا جوش وحشت مین گریبان پہاڑئی	ایک دن بیکار اپنی دست و پا ہو جائینگی
دل حسینونکو دیا تہا کیا ابہی معلوم تہا	آشنا ہو کر وہ یون نا آشنا ہو جائینگی
فکر مضمون دہان یار گر یون ہی رہی	ایک دن ہم راہی ملک فنا ہو جائینگی
باغبان نازان نہو تسنا بہار باغ پر	گل چمن سی دیکہنا اک دن ہوا ہو جائینگی
دلمین آیا ہی تصور ابروء دلدار کا	آج ظاہر جوہر تیغ قضا ہو جائینگی
پیچ و تاب اون گیسوؤنکا ہمکو آیا تہا پسند	یہ نہ سمجہی تہی گرفتار بلا ہو جائینگی

گر یو ہین اوس شوخ کی ہر روز نظارے رہی
حضرت صفدر بہی اک دن مبتلا ہو جائینگی

نہ ایک دن ربط جسم و جان ہی نہ پاس یہ دولت و حشم ہی

فنا فنا ہی فنا فنا ہی عدم عدم ہی عدم عدم ہی

عجب دورنگی جہان مین دیکہی کوئی مسلمان کوئی ہی کافر

حرم مین ذکر صمد صمد ہی صنمکدی مین صنم صنم ہی

بلا کی محفل مین پاس اپنی جو مجھسی ناچیز کو بٹھایا

تری توجہ ترا تلطف تری عنایت ترا کرم ہے

ملیگا دل خاک مین جو میرا غم محبت کہان رہیگا

نہین ہی مرنے کا رنج مجکو اگر الم ہے تو یہ الم ہے

یہ خواب غفلت رہیگا کب تک کہ پیری آئی گئی جوانی

ذرا ہو بیدار سونے والو سحر ہی نزدیک رات کم ہی

وہ کھینچکر تیغ آچکی ہین نہین ہی یہ وقت بیقرارے

تڑپ نہ ای دل ذرا ٹھہر جا جو رحم آیا او نہین ستم ہی

جو دل جلانی پر آگیا ہی تمیز کیسی حسین ہو کوئے

بنی جو پروانہ ہم تو یکسان چراغ بتخانہ و حرم ہی

غنی گدا ہون متاع دنیا کی کچہ حقیقت نہین سمجھتا
نہ اسکی آنی کی مجکو شادی نہ اسکی جانی کا مجکو غم ہے
رسول اکرم کی مرتبی سے جہان مین واقف ہی کون صفدر
تمام عالم سی ہے زیادہ فقط جو کم ہی خدا سی کم ہے

۲۷۱

سچ ہی کہ صنم قابل آزار ہمین تہے — سب چاہنی والون مین گنہگار ہمین تہے
لیلی تہی اگر تم تو ہمین آپ کی مجنون — تم رشک مسیحا تہی تو بیمار ہمین تہے
خلوت مین پہنچنی بہی نہ پاتا تہا کوئی اور — ہمدرد ہمین محرم اسرار ہمین تہے
آتا تہا نہ ہرگز کوئی بی اذن ہماری — سرکار کی دربار مین مختار ہمین تہے
گلگشت چمن ساتہ رقیبون کی ہمیشہ — زندان مصیبت کی سزاوار ہمین تہے
بکرای وہ یوسف تو صبا اوس سی یہ کہنا — رسوائی کی قابل سر بازار ہمین تہے
اب ہمسی سوا غیر پہ ہی چشم عنایت — آگی تو نظر کردہ سرکار ہمین تہے

وقت آئیگا کوئی تو بہت یاد کروگی
جانباز ہمین مونس و غمخوار ہمیں تھے

کیون سیر کو وہ جانب گلشن گئی صفدر
داغوں کی یہ کثرت تھی کہ گلزار ہمین تھے

۲۰۲

کچھ اعتبار نہین تن مین جان رہی نہ رہی
روان چمن مین یہ آب روان رہی نہ رہی

ہماری بعد غرض کیا جہان رہی نہ رہی
زمین رہی نہ رہی آسمان رہی نہ رہی

ابھی بہار ہی ہو مین چہالی ای بلبل
خزان مین طاقت شور و فغان رہی نہ رہی

شراب آج ہی جی بھر کی شام تک پی لین
کہ کل عنایت پیر مغان رہی نہ رہی

تمہاری یاد نجائی گی میری جی سی کبھی
تمہین خیال مرا جان جان رہی نہ رہی

وہ مست ہین کہ رہی اپنی میکشی باقی
سبوی خاک خم آسمان رہی نہ رہی

مٹا رہا ہے فلک دیکھیں کہ بعد فنا
مزار کا بھی ہمارے نشان رہی نہ رہی

حباب وار یہان زندگی ہی دم بھر کی
یہ دم رہی نہ رہے یہ مکان رہے نہ رہی

خدا کی حمد کرین نعت مصطفی صفدر
دہن مین دیکھیے گویا زبان رہی ترسے

۲۶۳

جب چودہوین کو چاند کی صورت نظر آئی — تصویر کسیکی مری دل مین اوتر آئی
دو پہول عزیزون کی جو تربت پہ چڑہای — کیا موج تجہی آج نسیم سحر آئی
اپنی دل افسردہ کو رویا مین چمن مین — پژمردہ کلی جب کوئی مجکو نظر آئی
ساقی مین وہ میخوار ہون سیخانی مین تیری — خالی جو ہوا شیشہ مری آنکہ بہر آئی
شاید کہ پری سے ہے تری تصویر خیالی — جب قصد کیا شیشہ دل مین اوتر آئی
شاخ گل تر کو جو لچکتی ہوئی دیکہا — گلشن مین مجہی یاد وہ نازک کمر آئی
قاصد نی دیا لاکی سنہ مجہی یار کا نامہ — یا نکہت گل لیکی نسیم سحر آئی
کیا جانیے کیا حال ہی یاران عدم کا — خط آیا کسیکا نہ کسیکی خبر آئی

صفدر مری رونیکی حقیقت کو نہ پوچھو

دریا ہی طبیعت جدہر آئی اودہر آئی

۲۷۴

اب دل مین ظلم سہنی کی طاقت نہین رہی
وہ تم نہین رہی وہ محبت نہین رہی

وہ دن گئی کہ لاکھون اوٹھاتی تھی جھڑکیان
اب ناز بھی اوٹھانی کی طاقت نہین رہی

دنیا وہی زمین وہی آسمان وہی
پھر کیون حضور کی وہ طبیعت نہین رہی

چندی مین تم بدل گئی یا ہم بدل گئی
کیا وجہ آپ کی جو وہ الفت نہین رہی

تمکو تو سب طرح کی لیاقت خدا نی دی
سچ ہی ہمین مین کوئی لیاقت نہین رہی

شکوہ نہین ہی آپ جواب پوچھئی نہین
وہ شکل مٹ گئی وہ شباہت نہین رہی

بولی وہ شکوہ اونسی نہ آنی کا عجب کیا
ہان سچ ہی اندنون ہمین فرصت نہین رہی

ایذا اوٹھائی ایسی شب ہجر یار مین
کچھ طول روز حشر کی دہشت نہین رہی

دل کیا کہ اونکو جان بھی صفدر نی نذر کی
شکر خدا کہ کوئی شکایت نہین رہی

مانند سحر چاک گریبان نکرینگی	۲۰۵	رسوا تجھی ای مہر درخشان نکرینگی
گل پہولین تو پہولین جو بہار آئی تو آئی		ہم ہجر مین رخ سوی گلستان نکرینگی
ای جوشش جنون شوق سی لیچل سوی صحرا		چہالی گلۂ خار مغیلان نکرینگی
اک بوسی کی طالب ہین حجت خوف ہی تمکو		ہم اور کسی بات کا ارمان نکرینگی
ہندو وہ مسلمان کو رخ و زلف دکہا کر		کس روز وہ حیران و پریشان نکرینگی
بوسی کی طلب خوب نہین کہتی ہین یہ بات		سن سن کی کہین گی وہ نہین ہان نکرینگی
صیاد وہ پایا ہی مزہ پہنس کی قفس مین		منہ خواب مین بہی سوی گلستان نکرینگی
کہتا نہین اس ڈرسی مین اوس کی نہ برہنگی		سجدہ طرف کعبہ مسلمان نکرینگی

صفدر ہی سوی ملک عدم قافلہ راہی
پچہتائینگی چلنی کا جو سامان نکرینگی

صبح او ٹہکر تو چہ جانان مین جایا چاہیی	۲۰۶	جلوۂ خورشید آنکہونکو دکہایا چاہیی

سر سے کہتا ہی نیا نقشہ جمایا چاہیی ‏ — ‏ قصہ مہندی کا ہی کوئی رنگ لایا چاہیی

صبر و طاقت کو بھی ای دل آزمانا ہی ضرور ‏ — ‏ ناز معشوقان عالم کی اوٹھایا چاہیی

آفتاب حشر مین گرمی اگر ہوگی تو ہو ‏ — ‏ ڈر نہین سر پر تری رحمت کا سایا چاہیی

دیکھکر محفل مین مجکو ہنسکی فرماتی ہین وہ ‏ — ‏ شمع کی بدلی کسیکا دل جلایا چاہیی

کاسہ گر بعد فنا بھی میکشی کا شوق ہی ‏ — ‏ خاک سی میری کوئی ساغر بنایا چاہیی

مرتی دم تو دو دوپٹہ تم کفن کی واسطی ‏ — ‏ آخری پوشاک بھی ہمکو پنہایا چاہیی

صفحۂ ہستی پہ برسون بھی رہی تو کیا ہوئی ‏ — ‏ نام اپنا آپ لکھ لکھکر مٹایا چاہیی

شہر مین بدنام ہو جاؤگی تم صفدر ابھی
کوچۂ محبوب سی بستر اوٹھایا چاہیی

۱۷۷

مصیبت مین دلکو پھنسا کر چلی ‏ — ‏ ہم آئی تھی کیا کرنی کیا کر چلی

چمن سی وہ یون مسکرا کر چلی ‏ — ‏ کہ پھولونپہ بجلی گرا کر چلی

جب آئی وہ محشر بپا کر چلی
کہ خوابیدہ فتنی جگا کر چلی

ہزارون گریبان ہوئی چاک کیا
وہ اس طرح دامن اوٹھا کر چلی

شگفتہ ہوی اونکی آنیسی گل
چمن مین وہ کار صبا کر چلی

دوا درد دل کی کہان ان سے روز
تماشای دار الشفا کر چلی

مری قبر پر وہ جو آئی کبھی
کدورت سے ٹھوکر لگا کر چلی

ہوا جز خطا کون ہمسے تو آب
جہان مین ہم آئی تو کیا کر چلی

نہ رحم آئی یا آئی صفدر راہ نہین
جو کچھ حال تھا ہم سنا کر چلے

جو ملی تمہین کہین راہ مین تو کہو یہ بات نسیم سے
کہ دماغ تازہ کرے مرا کسی گلبدن کی شمیم سے
فقط اتنی تمسی ہے التجا کہ لیا ہے تمنے جو دل مرا

تو خبر بھی اسکی ضرور ہے کہ بلا سے ناز و نعیم سے

کبھی وصل اوسکا نصیب ہو کبھی ہم ہون اور حبیب ہو

یہی آرزو یہی مدعا یہی التجا ہے کریم سے

تری برق حسن جو طور پر کبھی ہٹ کے رخ سے نقاب اوٹھی

تو یقین ہے پھر نہ نکل سکی ارنی زبان کلیم سے

مری درد کی ہو دوا عبث مری واسطی ہے دعا عبث

کہین موت کا بھی علاج ہی کوئی جا کی پوچھی حکیم سے

نظر آئی شیشی مین دخترِ رز تو قدح کشون کو یقین ہوا

کہ خدائی دھر مین بھیدی کوئی حور باغ نعیم سے

تری دیکھنی سے ہی مدعا لب جان فزا کا ہون مبتلا

نہ ہی بحث مجکو مسیح سے نہ ہی کام مجکو کلیم سے

کسی طائرون کی خبر رہی کہ پہنسایا اسنی نی دام مین
مری حرص تھی کہ چہڑا دیا مجہی ہمرہان قدیم سے

کہون کیا مین صفدر خستہ جان سے نفع ہی نہ غم زیان
نہ طلب ہی مجہکو بہشت کی نہ خطر ہی مجہکو جحیم سے

۲۷۹

مین آواز جرس ہون قافلی مین وحشت دلسے
اٹھہ نی سب ہین منزل پر مین بجاتا ہون آنے سے

بزنگ شمع جب مہمان اہل بزم ہوتا ہون
جلاتی ہین بجہاتی ہین اوٹہا دیتی ہین محفل سے

کدورت اونکو ہی مجہسی نہین ہی سامنا جنکے
ادہر آنکہین ملین اونسی ادہر دل گر گیا دل سے

دم آخر ترا بسمل نہین قاتل تڑپتا ہے
یہ رخصت ہو رہی ہی بیقراری تیری بسمل سے

تری الفت مین دو نون بت ہین دونونکو ہی حیرانی
نہ دل کہتا ہی کچہ ہمسی نہ ہم کہتی ہین کچہ دلسے

شکست ایسی تری مستون کی ہاتہونسی اوٹہاتی ہے
کہ توبہ بہاگتی ہی دور میخوارون کی محفل سے

یہ سو سو بار کیون اوٹہتا ہی صفدر ماجرا کیا ہے

نظا ہی دلربا کی طرح شاید درد بھی دل سی

۲۸۰ رنگ بدلی ہوی وہ گلشن عالم مین ہی — خون گل مین کبھی گریۂ شبنم مین ہی

سرہواتن سی جدا کب یہ خبر بھی نہوئی — ہم تماشای رخ قاتل عالم مین رہی

بیوفا تمسا جہان مین نہ وفادار کوئی — آپ ہی قتل کیا آپ ہی ماتم مین رہی

مرض عشق کا تھا آب دم تیغ علاج — ہم تلاش نفس عیسی مریم مین رہی

داغ وہ داغ ہی جو سینۂ یعقوب مین ہو — اشک وہ اشک ہی جو دیدۂ آدم مین رہی

رات دن اوٹھتی چلی جاتی ہین احباب و عزیز — ای فلک روز کہان تک کوئی ماتم مین رہی

غم عشق آی تو رہنی کو ہین دو صفدر

دل پرغم مین رہی دین پر الم مین رہی

۲۸۱ ای خوشا دل جو شب سوز تری غم مین رہی — ای خوشا چشم جو اس گریۂ ماتم مین رہی

آپ مین بیخودی عشق سی آئی کب ہم — رہی عالم مین مگر اور ہی عالم مین رہی

دل پرسوز کی قسمت کا ستارہ چمکی
بنکی جگنو جو کسی شب تری محرم مین رہی

قرب ہمجنس کا ہمجنس کو ہوتا ہی پسند
یاس کیون آگی نہ میری دل پرغم مین رہی

تمسی مطلب ہی ہمین اور کسی سی کیا کام
رہین ہم تم نہ رہی یا کوئی عالم مین رہی

نہوی جوش جنون مین کبھی اتنی تمھی تیز
دنکو ہم دھوپ مین یا رات کو شبنم مین رہی

کبھی بیہوش کبھی ہوشمین صفدر رہی دل
اسی عالم مین رہی یا اوسی عالم مین رہی

۲۰۲

زمین مین آگی چھپی جنکی ہم ستائی ہوئی
مزار پر ہین وہ اب فاتحی کو آئی ہوئی

تمام رات رہی جنسی ہم بغل وہ صبح
حیا سی بیٹھی ہین دامن مین منہ چھپائی ہوئی

طلب جو آئنہ ہوتا ہی دیکھی لیکن
حضور ہمسی بھی آنکھین ذرا ملائی ہوئی

مقابلی مین مری کیا رقیب ٹھہر گئی
ہزار بار یہ میری ہین آزمائی ہوئی

کبھی تو جھانک کی غرفی سی دیکھو کوچی کو
غریب بیٹھی ہین کچھ چادرین بچھائی ہوئی

وہ آگی ہین سر تربت تو ناز کرتا ہی — حضور خاک سی دامن ذرا اوٹھای ہوی

کسی کی سنگ جفا سی ہی چور شیشۂ دل
ہنوز چھوٹ چسال کر صفدر رہین چپ کا یہی

رکی وہ نہ ہمکو برا کہتی کہتی — ہوا تنگ منہ یہان بجا کہتی کہتی
نہ کانون کو مہلت نہ ہونٹون کو فرصت — برا سنتی سنتی بھلا کہتی کہتی
نہ راضی ہوی وہ یہانتک گذری — دعا دیتی دیتی ثنا کہتی کہتی
تہ تیغ اس صبر سی زخم کہای — قضا بھی تھکی مرحبا کہتی کہتی
سنا کر اونہین حال دل یہ ہانپا — یہ بہکی زبان ماجرا کہتی کہتی
جواب ایک بھی اونسی سیدھا نہ پایا — زبان تھک گئی مدعا کہتی کہتی

جو تہا خوف صفدر بتون کی گلی مین
گئی یا خدا یا خدا کہتی کہتی

٢٨٤ صفدر کبھی رخ جانب دنیا نکرینگی — گلزار فسونگر کا تماشا نکرینگے
مر جائین مگر شکوہ بیجا نکرینگی — آزردگی یار گوارا نکرینگے
جو درد مین لذت ہی کہان ہی وہ دوا مین — منت کشی حضرت عیسی نکرینگی
سودائی ہین پر چاک گریبان سی ہی نفرت — ہم فاش جنون کا کبھی پردا نکرینگی
قبرون پہ اگر آؤگی تم فاتحہ پڑھنی — مردی کبھی جینی کی تمنا نکرینگی
رسوائی محبوب نہین شان محبت — ایسا نکرینگی کبھی ایسا نکرینگی

مست می الفت ہین ہمین می سی غرض کیا
صفدر طلب ساغر و مینا نکرینگی

٢٨٥ آنکھون مین ادا پھرتی ہی ہر بار کسیکی — دل چھینی لیی جاتی ہی رفتار کسیکی
سوتونکو جگا دیتا ہی ٹھکراکی چلنا — مردونکو جگا دیتی ہی رفتار کسیکی
پھر باغ مین آتا ہی کوئی رشک مسیحا — مشتاق ہی پھر نرگس بیمار کسیکی

مین شور قیامت سی بھی جبتک نہ اوٹھونگا
سن لونگا نہ پازیب کی جھنکار کسیکے

کہد کوئی قاتل سی کہ لے خبر لی
اک آتش پڑی ہی پس دیوار کسیکے

وہان غیر کی گھر عیش مین ہوگا کوئی مصروف
یہان کٹتی ہی حسرت مین شب تار کسیکے

حورون مین تو آیا ہون مگر یاد ہی صفدر
وہ ناز وہ انداز وہ گفتار کسیکے

۴۸۶
ہای یہ کیا طلسم ہی دید بھی ہے حجاب سے
منہ بھی دکھا رہی ہین وہ چہری پہ ہی نقاب سے

یار ہی بخت چاہیے بزم طرب مین کیا نہین
سیخ پہ ہے کباب بھی شیشی مین ہی شراب بھی

وصل تو یار سے ہوا وجہ مگر ہے اسکے کیا
آنکھون مین اشک ہین وہی دل کو ہی اضطراب بھی

بھر جہان کی دیکھ لین سیر ذرا ھم ای فلک

وقفہ عمر اگر ملے کچہ صفت حباب بھی

اونکو صبا یہ دی پیام آپ کا انتظار ہے

باغ بھی ہے شراب بھی سبزہ بھی ہی سحاب بھی

دیکھکی پیر مدرسہ تمکو یہ محو ہو گیا ++

ہاتہ سے گر پڑا قلم طاق پہ ہے کتاب بھی

ہاے وہ کم سنی گئی آئی تمیز کچہ اونہین

اب نہین دیتے وہ کبھی بوسہ علی الحساب بھی

بند ملا درِ جنان نار جحیم چھوڑ کر ++

دوڑے ثواب کو جو ھم مفت گیا عذاب بھی

صفدر اسے ہوا ذرا وقفہ نہ باغ دھر مین

موج نسیم صبح تھا گیا گذران شباب سے

۲۹۸
دل سی اوس گل کی آرزو نگئی
مرتی مرتے کبھی یہ بو نگئی

روح تن سے جدا ہوئی لیکن
حسرت وصل دل سی تو نگئی

نیچی نظرین ہمیشہ اونکی رہین
کبھی شرم و حیا کی خو نگئی

خم کی خم پی گئے مگر دل سے
خواہش ساغر و سبو نگئی

ہم بغل مین ہوا تھا کس گل سی
عطر کی پیرہن سی بو نگئی

ہر چمن مین پھری برنگ نسیم
لالہ رویون کی جستجو نگئی

اور سب خواہشین گئین صفدر
نگئی اوسکے آرزو نگئی

۲۹۹
مرتی رہی ہم لی نہ خبر آکی کسی نے
مارا دل مجروح کو تڑپا کی کسی نے

کیا صاحب غیرت تھی تری کشتۂ الفت
احسان اوٹھای نہ مسیحا کی کسی نے

اغیار جو آ جائیں تو کچھ مجھ سے نہ کہنا
چپکی سے کہا یوں مجھے سمجھا کے کسی نے

زیبا ہے بس مرگ جو ہو طور پہ مدفن
مارا ہے مجھے دیدار سے ترسا کے کسی نے

کیا جانیے کس دام مصیبت میں پھنسایا
دل کاکل پر پیچ میں الجھا کے کسی نے

یاران عدم بھی تھے عجب عہد فراموش
رکھا نہ ہمیں یاد وہاں جا کے کسی نے

دو روز بھی صفدر کسی صحبت نہیں نبھتی
اس درجہ بگاڑا انہیں سمجھا کے کسی نے

۲۸۹

ہر دل میں ہے آرزو تمہاری
ہر لب پہ ہے گفتگو تمہاری

یوں زیر قدم نہ دل کو پیسو
بس جائے نہ آرزو تمہاری

ہر گل کو چمن میں میں نے سونگھا
پائی نہ کسی میں بو تمہاری

کرتا ہے کسی سے کوئی باتیں
سنتا ہوں میں گفتگو تمہاری

دیکھا نہیں ایک نے بھی تم کو
کیوں دھوم ہے چار سو تمہاری

ملنے سے مجھے دیتی تم جو گنے		مٹ جاتی نہ آبرو تمہاری

بوسہ جو لیا وہ ہنس کی بولی

صفدر یہ بری ہی خو تمہاری

شمع کیطرح جلین رشک سی جلنی والی	۲۹۰	اونکی محفل سے نہین ہمتو نکلنی والی
چشم ملتی ہے دم نزع مروت سی بعید		دیکھتا جا ہمین آو آنکہ بدلنی والی
تیری فرقت مین ہزار آنکہ سی آنسو نکلین		اپنی دل سے نہین ارمان نکلنی والی
قافلی والو عدم جانی مین جلدی کیا ہے		اک ذرا ٹھہرو کہ ہم بھی تو ہین چلنی والی
نظر آیا کوئی معشوق جہان لوٹ گیا		نہین دیکھی دل نادان سی پھسلنی والی
چارہ گر روکی سی کٹتی ہین کہین لخت جگر		اشک بن بن کی نکلتے ہین نکلنی والی

منزل دہر مین وقفہ ہی تو اتنا صفدر

بیٹھ رہین جیسی ٹھہر جاتی ہین چلنی والی

مری دلکو ایسی ہی الفت کسیکی	۲۹۱	کہ آنکھون مین پھرتی ہی صورت کسیکی
پڑی آنکہ کیونکر نہ شمس و قمر پر		کہ ملتی ہی انسی شباہت کسیکی
حسین ہمنی دیکھی زمانی مین لاکھون		تری سامنی کیا حقیقت کسیکی
دیا ایک بوسہ وہ کہتی ہین ہنسکر		کبھی ایسی دیکھی ہی ہمت کسیکی
ابھی ہجر مین جان دیتا تڑپ کر		کرون کیا نہین ہی اجازت کسیکی
مصیبت مین کب ساتہ دیتا ہی کوئی		نہ کام آئی صاحب سلامت کسیکی

نہین دل تمہارا جو قابو مین صفدر
مقرر ہے تمکو محبت کسیکی +

روز وصال لینی مین ارمان نئی نئی	۲۹۲	اس گھر مین آج جمع ہین مہمان نئی نئی
آئی بہار پہولون نی بدلی ہین پیرہن	۶	دامن نئی نئی ہین گریبان نئی نئی
ہی ابتدای عشق مین کیا سیر کا مزہ		وحشت نئی نئی ہی بیابان نئی نئی

مدت ہوی ہی ناز اوٹھاتی ہوی مجھے
غمزی کرو نہ مجھسے مری جان نئی نئی

شب بھر رہی جو یاد مجھی زلف یار کی
دیکھا کیا مین خواب پریشان نئی نئی

تلووں مین تازہ تازہ نکل آی آبلی
پیدا ہوی جو خار مغیلان نئی نئی

دست جنون کا پاس ہی صفدر کو اسقدر
کرتا ہے روز نذر گریبان نئی نئی

۲۹۲

جوانی مین بہار حسن صورت آہی جاتی ہے
مگر جس وقت گدراتا ہی رنگت آہی جاتی ہی

شباب آیا ترقی پر تو بوسون کی اجازت دی
خدا دولت جو دیتا ہی تو ہمت آہی جاتی ہی

غضب کی چیز ہی یہ حسن انسان لاکھ بچتا ہی
مگر دل کھنچ ہی جاتا ہی طبیعت آہی جاتی ہی

ہزار اندوہ فرقت کو مین دلمین ضبط کرتا ہون
مگر پھر کچہ نہ کچہ لب پر شکایت آہی جاتی ہی

ہراسان اسقدر ایدل نہو دوری کی آفت سی
بشر ہمت جو کرتا ہے تو طاقت آہی جاتی ہی

یہ دیکھا ہی طبیعت کی حسین کتنی ہی ہٹ دھری ہون
ہوی دو چار جب عاشق شرارت آہی جاتی ہی

جب اوسکی گرمیان صفدر نظر آتی ہین جوبن کی
بدن مین آگ لگتی ہی حرارت آہی جاتی ہی

ہ ۲۹۳
اب فصل گل ہوئی موسم ناو نوش ہی
رند ہین اور اندنون خدمت میفروش ہی

آبلی میری پاؤن کی کانٹونسی مل کی پھٹ گئین
روتی ہین پھوٹ پھوٹ کر طرفہ لہو کا جوش ہی

مد نظر جو قتل ہے دیر نہ کیجیے ذرا
روح بھی تن کو بار ہی سر بھی وبال دوش ہی

ہجر مین حشر ہی نیا حشر ہی کس حساب مین
صور بھی پھک چکا مگر دل کا وہی خروش ہی

دل جو مرا سیاہ ہی فرد گنہ سی واعظو

طعن کی کچھ جگہ نہین کعبہ سیاہ پوش ہی

منظر ہی ساقیا عالم بیخودی کی سیر

اور بھی کوئی جام دی کچھ ابھی مجھمین ہوش ہی

بھر نصیحت آئی ہین ناصح اگر تو یہ کہو + +

قصہ سنین گی اور دن آج تو درد گوش ہی

مرگ پہ میری نالہ کش کوئی نہین جہان مین

شمع بھی میری قبر پہ آئی ہی پر خموش ہی

صفدر خستہ جان کی قدر آپ کو چاہیئی ضرور

ایک ہی جان نثار ہی ایک ہی سرفروش ہی

لگایا ہی دل اوسکی زلف رسا سی	٢٩٥	اگر جان جاتی تو جاتی بلا سی	
مرا حال سنکر کہا کس ادا سی		مری یا بلا سی کوئی میری بلا سی	

تڑپ وصل مین ہجر سی بھی بڑھی ہی — مرا درد دل بڑھ گیا اس دوا سی

رسائی اگر عرش تک میری آہون کی — اوسی بت کا سائل ہون نا خدا سی

بناوٹ تری خوب مین جانتا ہون — مری جان لینگی یہ جھوٹی دلاسی

تم ہی حجاب اونکا ہنگام توبہ — نہین کہسکی منہ پہیر لینا ادا سی

غضب ہی یہ بیماری عشق صفدر — نہ صحت دوا سی نہ حاصل دعا سی

۲۹۶ برہمی زلف یار دیکھی کب تک رہی — کشمکش جان زار دیکھی کب تک رہی

کاوش مژگان یار دیکھی کب تک رہی — آبلۂ دل مین خار دیکھی کب تک رہی

قالب خاکی سی روح اپنی نکلتی نہین — گرد مین یہ شہسوار دیکھی کب تک رہی

گلشن عالم مین ہی گاہ خوشی گاہ رنج — دور خزان و بہار دیکھی کب تک رہی

تیزی دست جنون روز ترقی پہ ہی — پیرہن تار تار دیکھی کب تک رہی

غیر سی ہی یار کو ربط بہت اندنون | پہلوِ گل مین یہ خار دیکہی کب تک رہی

حسن پہ مغرور ہین اپنی وہ صفدر بہت
آئینہ اونسی دوچار دیکہی کب تک رہی

٢٩٧

داغ الفت لگا دیا کسنی | نقش ہستی مٹا دیا کسنی
گل سی شبنم بنا دیا کسنی | ہنس رہا تہا رولا دیا کسنی
ایک عالم ہی آج کیون بیہوش | رخ سی پردہ اوٹہا دیا کسنی
زلف تیری اگر نہین لیلی | مجکو مجنون بنا دیا کسنی
دربدر ہم تباہ پہرتی ہین | اپنی در سے اوٹہا دیا کسنی
دل جو چہپا لی کسطرح پہوٹ بہا | کسنے چہیڑا رولا دیا کسنی

دل دکہا اونکی آنکہ بہر آئی
حال صفدر سنا دیا کسنی

نہین پروا اسیکو زخم گہری ہین جو بسمل کی ۲۹۸ خوشامد پیشہ اولٹی چہرتی ہین ہاتہ قاتل کی

قیامت کی تہی نالون نی خدا نی خبر کی لیکن تہما تہرا کی گردون عرش اعلی بہگیا دل کی

ہوای بی ثباتی چل رہی ہی کیا گلستان مین ہزارون پہول مرجہا جاتی ہین ہر روز کہل کہل کی

ہوا بیہوش مجنون دیکہتی ہی جلوہ لیلی پڑی غفلت کی پردی اوٹہ گئی پڑہی جو محمل کی

ہوئی ہی کسکی اوٹہ جانیسی محفل مجلس ماتم کہ پروانی گلی سی شمع کی رودتی ہین مل مل کی

بہت نزدیک ہی ہمکو عاشقون سی کوچہ جانان تہکی ماندی مسافر آگئی ہین پاس منزل کی

فراق یار مین کیسی رفاقت دل نی کی صفدر
وہی ہی آشنا جو کام آئی وقت مشکل کی

بناوٹ کی ہین طور ساری تمہاری ۲۹۹ بگڑ جای گی اب ہماری تمہاری

حسینو ہوا ہمکو افشان سی روشن کہ چمکے ہوی ہین ستاری تمہاری

نہ ہی عشق ایسا نہ ہی حسن ایسا جہان مین ہین شہری ہماری تمہاری

چھپان لالہ وں مین ہین رنگ ایسی — عجب گال ہین پیاری پیاری تمہاری

تماشا ہی ہین غنچہ بوسی لبون کی — شکر رنجیان ہون ہماری تمہاری

بھلا غنچہ کیا ہمسی آنکھین ملاتی — جو اونکو نہوتی اشاری تمہاری

اداسی شب وصل بوسے بگڑکر

بنی کی نہ صفدر ہماری تمہاری

۳۰۰

محفل سی تیری اوبت نا آشنا چلی — آئی تھی درد و رنج اوٹھانی اوٹھا چلی

جس روز سوی ملک عدم قافلا چلی — چلنا ہو جسکو ساتھ ہماری چلا چلی

اوس شاخ گل کو لاسی اوڑا کر ہوای شوق — یارب چمن مین آج کچھ ایسی ہوا چلی

گل کیطرفسی پھر گئی بلبل کی آنکھ صاف — آئی جو وہ چمن مین نیا گل کھلا چلی

بسمل ہوا مین ابرو و مژگان کی عشق مین — تیغ ستم چلی کبھی تیر جفا چلی

مثل حباب آتی ہی ہستی سمٹ گئی — اس بحر بی ثبات مین کیا آئی کیا چلی

صفدر تیون کی بزم مین آنا تها همین
بیٹهی بٹهای ظلم هزارون اوٹها چلی

۳۰۱
لایا مکان سی طرف لامکان مجهی
پهنچا دیا هی دل نی کهان سی کهان مجهی

رهبر هی تو تو ایسی جگه لیچل ای جنون
ڈهونڈی زمین تلاش کری آسمان مجهی

مجمع هی سیری گرد مین کچه بولتا نهین
کهنی کو شل شمع ملی هی زبان مجهی

عیش جهان سی کام نه رنج جهان سی کام
هی مثل سرو ایک بهار و خزان مجهی

مسجد سی چپ کی آی تهی کل میکده مین شیخ
بهیجی بهت جو دیکه لیا ناگهان مجهی

مطلب نهین کچه اور بس اتنی هی التجا
مین جان جاؤ کهین وه کهین خسته جان مجهی

صفدر جب اونسی کهتا هون آتی نهین کبهی
نه پهیر کر وه کهتی هین فرصت کهان مجهی

۳۰۲
مری نعش جان کو یه تازگی هوئی بوی گیسوی یار سی

کہ نہ سونگھون نکہت مشک بہی جو نسیم ای تتاری

جو شگفتہ گل ہین بہار سی وہی سو کہ جا تنگی خاری

نہین ایک بلبل زار سی یہ خبر سنی ہی ہزار سی

گل کاغذی ہون مین ای صبا کہ ہمیشہ رنگ ہی ایک سا

نہ کبہی خزان سی فسردہ ہون نہ شگفتہ ہون مین بہار سی

نہ کسیکو مجہسی ہی ہمدمی نہ کسی سی مجہکو ہی آگہی

مین جدا ہون شہر و دیار سی مین الگ ہون اہل جوار سی

شب وصل لطف نہ سمان بندہا نہ ادہر دبا نہ ادہر چہپا

جہی دیکہتی تہی وہ ناز سی او نہین دیکہتا تہا مین پیار سی

جو ہزار نازون سی تہی پلی پس مرگ خاک مین مل گئی

نہ جنہی زینت و زیب کی نہ غرض ہی نقش و نگار سی

کہا اوسنی روکی کہ ہو نہو یہ وہی ہی صفدر مبتلا
پس مرگ بھی چلی آتی ہی جو صدای نالہ مزار سی

۳۰۳
چارہ گر ہم بھی اوسی کی نازبردارون مین تھی — حضرت عیسی بھی جس ظالم کی بیمارون مین تھی
جبتلک تھا عشق کیسی شہری بازارون مین تھی — ہم تو کیا یوسف بھی ایک اوسکی خریدارون مین تھی
حشر مین اون گیسوونکو دیکھکر کہدینگی صاف — یہ جو ہین دوجال ہم انکی گرفتارون مین تھی
آزمانی تھی کبھی غیرون پہ بھی تیغ ستم — کیا ہمین ای قاتل عالم گنہگارون مین تھی
وای حسرت میری میت پر کوئی آتا نہین — پوچھتی ہین سب یہ مدفن کن دیندارون مین تھی
دیکھ تو گور غریبان کو پڑی ہی جن پہ خاک — جامہ زیبون مین تھی آئینہ رخسارون مین تھی

جھوٹی وعدی جھوٹی قسمونکا یقین کرتی تھی کب
وہ جو تھا مکار صفدر ہم بھی عیارون مین تھی

۳۰۴
ہلچل ہی کیون جہان مین کیسا یہ زلزلا ہی — کیا بیقرار کوئی پہلو بدل رہا ہی

دامان کوہ و صحرا ہوتے ہین پرزی پرزی
دست جنون کا اپنی ادنی یہ مشغلا ہے

کچھ دلکی قدر سمجھو کلفت کو تم نہ دیکھو
تیغ اصیل ہی یہ پرزنگ اگیا ہے

قاتل کا ہی ارادہ تلوار مین لگاؤن
ہان دوڑ کر لپٹ جا دل مجھسی کہہ رہا ہے

کہتا ہی کوئی مجھسا آفاق مین نہین ہی
جب صبح کو وہ اوٹھکر آئینہ دیکھتا ہے

بتخانہ دیکھ آئی کعبی تلک بھی پہنچے
پایا نہ اوسکا کوچہ آگی خدا خدا ہے

کوچی کا اوسکی صفدر ملتا نہین ٹھکانا
مین دلسی پوچھتا ہون دل مجھسی پوچھتا ہے

۲۰۵

سنی نہ تمنی الگ ہو کی گفتگو دل کی
تمام عمر نہ بر آئی آرزو دل کی

تمہین نی لطف و کرم سی اسی کیا گستاخ
تمہین یہ کہتی ہو مجھسی بری ہی خو دل کی

شب وصال گلی ملکی وہ یہ کہتی ہین
کہو کہ خوش ہوی اب نکلی آرزو دل کی

بجا ہی سیر چمن کو جو روز جاتا ہون
کہ کچھ تو آتی ہی غنچون سی مجھکو بو دل کی

تڑپ رہا ہون مجھی کوی یار مین بےچین
ہمیشہ مجھسی یہ رہتی ہی گفتگو دل کی

نہ نکلی گوشی سی جس طرح کوئی گوشہ نشین
اوسی طرح سی رہی دل مین آرزو دل کی

فغان و نالۂ آصف رسی خلق نالان ہی
بپا ہی حشر دو ہائی ہی چار سو دل کی

٣٠٦

جاتا ہی جلد دہر سی سوی فنا مجھی
روکی گی چار دن نہ یہ مہمان سرا مجھی

جلاد ایسی شوق سی کٹواون مین گلا
تو کیا زبان تیغ سی کہی مرحبا مجھی

دم بھر تری فراق مین جیتا نہ ای صنم
مرنی پر اختیار جو دیتا خدا مجھی

ٹکڑی ہو جگر جو سنی آہ عندلیب
اللہ نی دیا دل درد آشنا مجھی

مستی مین گرم حرم کو مین آیا تو غم نہین
ہشیار میکدی مین نہ لای خدا مجھی

نفرت ہوئی شراب سی یہ ہجر یار مین
تھا رند لوگ کہنی لگی پارسا مجھی

آصف بقریب قافلہ مین بھی پہنچ گیا

کچھ کچھ سنائی دیتی ہے بانگ درا ابھی

پھری سر بکف برسون قاتل کی پیچھی ۲۰۷ گئی جان سی ہم تو اس دل کی پیچھی
قضا تیغ دونون اوسی کی طرف ہین یہ قاتل کی آگی وہ بسمل کی پیچھی
نمازون کی قصی ہین روزون کی جھگڑی غضب کی بکھیڑی ہین جاہل کی پیچھی
بچی ہم جو ابروسے گیسو یہ بولے کہ ہین اور قاتل بھی قاتل کی پیچھی
خیال خزان خوف صیاد و گلچین ہزار آفتین ہین عنادل کی پیچھی
کیا کفر منظور اسلام چھوڑا نہ کیا کیا کیا مینی اس دل کی پیچھی

نہ سمجھا ہے ناصح نہ سمجھیگا صفدر
پڑی کون اس مرد جاہل کی پیچھی

دل اپنا ہر پری پیکر پہ بیتابانہ آتا ہے ۲۰۸ جدھر آتا ہے آندھی کیطرح دیوانہ آتا ہے
ترا عاشق تری محفل مین بیتابانہ آتا ہے کہ جیسی شمع کی جانب کوئی پروانہ آتا ہے

ہزاروں حسرتیں ہمراہ اپنی لا کے ہونٹوں میں
تری ہنگامی سی تیرے اک دیوانہ آتا ہے

مقرر ہے کوئی محبوب اس ہستی کی پردے میں
عدم سی جا ادھر آتا ہے بیتابانہ آتا ہے

گلہ کرتی ہے ہر دم بلبلوں سی سخت جانی کا
زبان تیغ قاتل کو بھی افسانہ آتا ہے

سر بازار جب جاتا ہوں میں یہ دھوم پڑتی ہے
پری رو تماشے کو چلو دیوانہ آتا ہے

ہماری درد دل نی کچھ اثر پیدا کیا صفدر
برنگ اشک وہ بھی آج بیتابانہ آتا ہے

۲۰۹

یہ اب دریافت ہوتا ہے مجھی دل کی گواہی سی
زمانہ وصل کا نزدیک ہے فضل الٰہی سی

سوے بتخانہ ہم جاتی تھی کعبی کو چلے آئی
کہاں کا قصد تھا پہنچی کہاں گمرہی سی

میسر حسن میں ہم ہو گدا زادہ کہ شہزادہ
فقیری سی نہ مطلب ہے نہ مقصد بادشاہی سی

[illegible]
شنیع واقف ہے صاف دکباب مرغ ماہی سی

[illegible]
کہ جاگ اٹھی وہ آواز خروس صبحگاہی سی

جلو مین فوج طفلان داغ سودا سرافسری مری دیوانگی کچھ کم نہین ہی بادشاہی سی

ترا داغ الم دل مین چھپا ہی کس طرح صفدر

خبر مشہور ہی یہ ماہ تک عالم مین ماہی سی

۳۱۰

ہزارون صدمی سہا کرینگی کبھی نہ آہ و بکا کرینگی

وہ لاکھ ہمپہ جفا کرینگی ہم اوسکی بدلی وفا کرینگی

ابھی ہی عہد شباب باقی نہین ہین ہم ایسی شیخ فانی

رہینگی صحبت مین گلرخونکی شراب گلگون پیا کرینگی

چمن مین بلبل چہک رہی ہین شگوفتہ گل مہک رہی ہین

سرور مین ہم بہک رہی ہین نہ ہاتہ خم سی جدا کرینگی

ہمیشہ عشق و جنون کی چرچی رہینگی ایدل اسی طرح سی

سرای فانی مین ہم نہونگی یہی تماشی ہوا کرینگی

جو جمع ہوتی ہین اہل مذہب تو مجھکو حسرت سی کہتی ہین سب	
	جو یہ نہوگا تو رند مشرب اسیکا چرچا کیا کرینگی
بہت سی کی ہمنی سیر عالم بس اب ارادہ یہ ہی مصمم	
	گلی مین اوس بت کی بیٹھکر ہم ہمیشہ یاد خدا کرینگی
اوسی ہی کیا خوف روز محشر کہ جسکی صفدر علی ہون یاور	
	یہان بھی حامی رہی ہین اکثر وہان بھی جنت عطا کرینگی

٢١١

نازسی جس راہ وہ دلبر چلی	آگی آگی فتنۂ محشر چلی
عمر بھر جلتی رہی ہم مثل شمع	نام اس محفل مین روشن کر چلی
لطف میخواری ہی ساقی باغ مین	جب ہوا ٹھنڈی چلی ساغر چلی
آگی بیٹھی بزم کو جنت کیا	جب اوٹھی اک حشر برپا کر چلی
وقت آخر تو اوٹھا لون مزہ	رک کی ای قاتل ذرا خنجر چلی

ہمکو ہستی و عدم کی کیا خبر — چار دن غربت مین رہکر گھر چلی

یاد رکھ ہستی مین صفدر قول درد
جبتلک بس چل سکی ساغر چلی

۳۱۲
تمہین ای بتو کوئی کیا جانتا ہی — بڑی سخت دل ہو خدا جانتا ہی
مین عاشق مین شیدا مین وحشی مین مجنون — وہ جو جانتا ہی بجا جانتا ہی
مزہ ہی محبت کا کچھ جسکے دل کو — وہ تیرے جفا کو وفا جانتا ہی
مجھی کیا غرض کوئی جانی نجانی — مرے دل کا وہ مدعا جانتا ہی
مین کشتہ ہون اوس قاتل حیلہ گر کا — لہو کو جو رنگ حنا جانتا ہی
تمنا نہین وصل کی اوسکی دل کو — جو فرقت کا تیری مزا جانتا ہی

وہ صفدر جو مدت سی شیدا ہی تیرا
خدا جانی تو اوسکو کیا جانتا ہی

۲۱۳

بیوفا و بدگمان خط مین مرا القاب ہی ‏— خط سی ور گذرا مین اس القاب کو آداب ہی

مین وہ بسمل ہون تڑپ کر سبکو مضطر کر دیا ‏— تیغ اودہر بیتاب ہی قاتل ادہر بیتاب ہی

انکہ سی جو اشک ٹپکا پہر وہ ہاتہ آتا نہین ‏— اس صدف مین جو گہر ہی گوہر نایاب ہی

عمر گذری طالع خفتہ کو چونکاتی ہوئی ‏— انکہ کہلتی ہی نہین یارب یہ کیسا خواب ہی

کیون لگائی ہی کہن کی قید میت کی سات ‏— کیا عدم بہی مثل ہستی عالم اسباب ہی

ہوشیار ای دل کہ دنیا ہی طلسم بی ثبات ‏— آج جو کچھ دیکہتا ہی کل یہ سب کچہ خواب ہی

شعر گوئی کی ہمین فرصت کہان صفدر مگر
دو گہڑی یہ مشغلہ بہی خاطر احباب ہی

۲۱۴

عجب چال چلتی ہو عادت نئی ہی ‏— یہ محشر نیا ہی قیامت نئی ہی

تکلف بہی اک روز جاتا رہے گا ‏— ابہی اون سی صاحب سلامت نئی ہی

مری گہر پہ جا جا کی اوٹہی پہ آنا ‏— پہر اولٹا تکدر کدورت نئی ہی

صنم سے سوے بتکدہ آگئی دیکھا
وہان ہی یہان کچھ تو صورت نئی ہی

کبھی یاد گیسو کبھی یاد قامت
وہ تازہ بلا یہ قیامت نئی ہی

قدیمی ہون مین قیدی دام گیسو
نہ سودا نیا ہی نہ وحشت نئی ہی

زمانی مین جیتی ہین سب دل لگا کر
تمہاری سے صفدر محبت نئی ہی

۲۱۵

پہولا نہ اگر گل تن افگار سے کوئی
پہل پائیگا پہر کیا تری تلوار سے کوئی

اچہی نہین یہ چال سر گور غریبان
برپا نہو فتنہ تری رفتار سے کوئی

بجلی ہوکر سیماب ہو صرصر ہو کہ طوفان
کیا بڑہ کی چلیگا تری تلوار سے کوئی

قاصد کا پتا ہی نہ کبوتر کا نشان ہے
پہرتا ہی نہین کوچہ دلدار سے کوئی

دل مجہسی جہگرتا ہی حسینون کیطرف سے
کیا بات کری ایسے طرفدار سے کوئی

یہ چلتی بہی ہی رکتی بہی تہمتی بہی ہی ہردم
اٹکہیلیان سیکہی تری تلوار سے کوئی

جو چاہی صفدر سے علی امداد کرینگی
محروم نہین حیدر کرار سی کوئی

۲۱۶
نہ شمعون مین جلوہ نہ پہولون مین بو ہی ۔ چمن مین بہی تو انجمن مین بہی تو ہی
دکہا دبہی منہ تا کجا لن ترانی ۔ مین موسی نہین ہون یہ کیا گفتگو ہی
دیا ساتہ ای درد حسرت مین تونی ۔ بری وقت کا آشنا ایک تو ہی
یہ خون تمنا ہوا میری دل مین ۔ کہ ترک تمنا کی اب آرزو ہی
مرا دل تو یکتا تجہی جانتا ہی ۔ مگر اسمین آئینی کو گفتگو ہی
نکر دل کو پامال اسطرح ظالم ۔ کہ مدت سی اسمین ترے آرزو ہی

عیان رنگ وحدت ہی عالم مین صفدر
وہی ہی وہی ہے نہ مین ہون نہ تو ہی

۲۱۷
کرم بہی جو اوس بت نی جفا کی ۔ پہر اس پر ہم بری قدرت خدا کی

شب فرقت مین دل نی ساتھ چھوڑا
کہان اس بےمروت نی دغا کی

مری غم مین نہ ملی دست افسوس
کہ شوخی کم نہو رنگ خنا کی

نمک قاتل نی چھڑکا زخم دل پر
ہماری درد کی اچھی دوا کی

بہت احسان کیا احسان کی بدلی
مزاج اوسنی اگر پوچھا دعا کی

غبار دل جو باقی تہا پس مرگ
ہماری خاک سی آندہی اوٹھا کی

شبیہ اوسکی مین کیا کہچواؤن صفدر
وہ خود تصویر سے ناز و ادا کی

ترے آنکہ اے بت نازنین مے بیخودی سی بہری رہی
کوئی ہوشیار نہ چھوڑتے اسی تاک مین یہ پری رہی

نہ وہ اپنا جوش شباب ہی نہ وہ اونکی عشوہ گری رہی
مگر آگ حسرت وصل کی جو بھری تھی دل مین بھری رہی

سر بزم نرگس یار سی سب کهے انکه اپنی جو مل سے گئے

تو نه آیا هوش مین دیر تک مجهی ایسی بیخبری رهی

تری بزم حسن مین شمع پر جو نگاه کی تو سحر تلک

عجب آنکه تهی که جلا تو کی مگر آنسوونسی بهری رهی

رهی جبتلک که جهان مین هم نه کسی سی همنی رجوع کی

تری سنگ در په جبین دهری تو وه ساری عمر دهری رهی

نه سمجه تو سند دل اسی صنم پس مرگ اوج ملا مجهی

مری خاک تهی مری خاک تهی تری مانگ مین جو بهری رهی

نه هماری اب هین وه ولولی نه هین صفدر اونکی وه شوخیان

نه وه اپنا جوش جنون رها نه وه اونکی جلوه گری رهی

اوس بیت سی نه لین وه ان کی شمس و قمر ایسی	٣١٩	پیدا کرین پهلی دهن ایسا کمر ایسی

حسرت ہی کہ کہیں زخمی شمشیر نگہ ہون | حاصل ہوی ہی لذت زخم جگر ایسی

آئینی مین وہ پوچہتی ہین عکس سی اپنی | تم ای کہان سی ہن ایسا کمر ایسی

لیلی ہوئی یہ محو کہ ناقہ نہ بڑہایا | مجنون نی کہانی کہی دو دوپہر ایسی

قاصد کو نہ کہنا تہا کہ خط اوسنی کیا چاک | دل ٹکڑی ہوا اوسنی سنائی خبر ایسی

بسمل کی طرح شب کو مین تڑپا سر بستر | فرقت مین ہوی شدت درد جگر ایسی

کیا زلف و رخ یار کی تعریف ہو صفدر
شام ایسی نہ ہمنے کبہی دیکہی سحر ایسی

۳۲۰
مسیحا ہمین تیغ قاتل ہوئی | یہان زندگی مرکی حاصل ہوئی

دیا بہی اوسنی بوسہ دہن کا دیا | مراد آج منہ مانگی حاصل ہوئی

ہوا تیرا بیمار یہ ناتوان | کہ کروٹ بدلنی بہی مشکل ہوئی

ترا عکس رخ آئینی مین پڑا | پری یا پری سی مقابل ہوئی

وہ لاغر ہون مانند نقش قدم
جہان گر پڑا مجھکو منزل ہوئی

تصور فی تیری جگہ دلین کی
پری اپنی شیشی مین داخل ہوئی

مری عمر غفلت مین صفدر کٹی
مین سوتا رہا سطے یہ منزل ہوئی

۳۲۱

نازنینون کو بھی تیرا عشق روی پاک ہی
دیکھی جس گل کو گلشن مین گریبان چاک ہی

دیکھ لیتا ہون مین گھر بیٹھی تماشای جہان
عرش پروازی مین کیا طائر ادراک ہی

قتل کرنیکو ہماری اور سامان کیا ضرور
اک ذراسی جنبش ابرو مین قصہ پاک ہی

تیری غمزی سی کسیکی جان بچنی کی نہین
ایک ہی خونریز ہی یہ ایک ہی سفاک ہی

تن جو خاک و خون مین ہی کچھ غم نہین ہی اشہسوار
سر تو مجھ بسمل کا کٹ کر بستۂ فتراک ہی

ہستی دنیای فانی بھی ہی کتنی بی ثبات
جو ہوا ہی خاک سی پیدا وہ آخر خاک ہی

خوب دیکھا ہمنی دنیا کو کہ ہی جای فنا
روز ہنگامہ سا ہنگامہ تا افلاک ہی

عرصۂ ہستی کو طی کرتا ہی یہ کیسا شتاب	توسن عمر رواں چالاک سا چالاک ہی

ذکر پر پیری وہ ہنسکر کہتی ہیں با تحقیر
صفدر رنگین بیان بھی ایک ہی بیباک ہی

٣٢٢

ای بت فدا ہیں تجھ پہ دیندار کیسی کیسی	کافر ہوی پہنکر زنار کیسی کیسی
گر چند گام یوں ہی تم ناز سی چلوگی	برپا کری گی فتنی رفتار کیسی کیسی
غیروں سی اب ہی الفت ہمکو بھلا دیا ہی	کچھ یاد ہی کبھی تھی اقرار کیسی کیسی
تربت پہ فانی کو برسوں کوئی نہ آیا	مونس تھی کیسی کیسی غمخوار کیسی کیسی
دنیا سی ہی نرالا الفت کا کارخانہ	مجبور ہو گئی ہیں مختار کیسی کیسی
کیا گلشن جہاں کا گردوں نی رنگ بدلا	کملا گئی ہیں گل سے رخسار کیسی کیسی

اب لطف زندگانی دنیا میں کیا ہی صفدر
اُٹھی جہان سی اپنی غمخوار کیسی کیسی

بخاسی سنہ نہ پیرن گی ستانی جسکا جی چاہی	٣٢٣	وفاداری مین ہمسکو آزمانی جسکا جی چاہی
مین دلکو ہاتھ مین لیکر حسینون سی یہ کہتا ہون		یہ طوطی بولتا لایا ہون پالی جسکا جی چاہی
مری قابو مین آکر کس قدر بسمل وہ یہ کہتی ہین		ہنسالی جسکا جی چاہی رولالی جسکا جی چاہی
حسینون کی برابر رکھدیا ہی نقد دل ہمنی		نہین کچھ کام اب ہمکو اٹھالی جسکا جی چاہی
گداز عشق سی پایا ہی دل نی شمع کا رتبہ		بلا کر اسکو محفل مین جلالی جسکا جی چاہی
زکوٰۃ حسن کا بوسہ خدا کی راہ مین دیکر		ہمیشہ ہم غریبون کی دعالی جسکا جی چاہی

کبھی مانند گوہر آبرو صفدر نجاہی گی
بظاہر خاک مین مجکو ملالی جسکا جی چاہی

کسی گل کو نہین نسبت تمہاری روی گلگون سی	٣٢٤	کہان ہمسر کوئی سرو گلستان قد موزون سی
مقرر مرکی وصل عاشق ومعشوق ہوتا ہی		اٹھا لیلی کی آواز آرہی ہی گور مجنون سی
بہار عیش سی کل باغ باغ اپنا نہ کیونکر ہو		دماغ جان معطر ہی شمیم روی گلگون سی

ابھی دن تھا ابھی عالم شب تاریک کا دیکھا
اندھیرا چھا گیا آنکھون مین یاد زلف شبگون سی

قیامت کو توآنی دی کرگیا بحث اتنی قاتل
ہماری خون کا محضر تری دامان پر جونسی

نشان نام آورونکا مٹایا دور گردون نی
سنی آواز کوکو قمری قصر فریدون کی

زہی رفعت بلندی طبیعت اسکو کہتی ہین
بڑھایا اسمین کا مرتبہ صفدر نی گردون سی

۳۲۵

کس شمع رو سی لو سے برابر لگی ہوئی
اک آگ سی ہی سینی کی اندر لگی ہوئی

دنیا مین ظلم کر کی وہ ہوتی تو مطمئن
لیکن ہی قید پرسش محشر لگی ہوئی

کوچی مین تیری لاش ہی یہ کس غریب کی
قاتل جو بیٹھی ہی تری در پر لگی ہوئی

مین جان ابھی نثار کرون تیغ یار پر
رہ جای یہ گلی سے جو دم بھر لگی ہوئی

مین کون ہون کہان ہون یہ مطلق خبر نہین
اک ٹکٹکی ہی جانب دلبر لگی ہوئی

اپنی مریض ہجر کی تمکو ہی کچھ خبر
ہچکی سے ہے چار دن سی برابر لگی ہوئی

دشوار ہجر یار مین تھی اپنی زندگی

لیکن امید وصل ہی صفدر لگی ہوئی

۳۲۶
کہین وہ ذرون سے آشکارا کہین ستارون سی وہ عیان ہے

وہی تو ہے ایک نور مطلق کہ جسکا جلوہ کہان کہان ہے

اوسی کی چہرہ کی نور سی ہین سہا و خورشید و ماہ روشن

اوسی کی ابرو کا ہے یہ پرتو جو اوج گردون پہ کہکشان ہے

شمیم نسرین مین رنگ لالے مین تاب سنبل مین آب گل مین

اوسی کی نیرنگ حسن سب ہین عجب تماشا یہ بوستان ہے

عجیب نرگس عجیب سوسن عجیب سبزہ عجیب لالہ

چمن جو ایسا کہلا ہوا ہے چمن کا کوئی تو باغبان ہے

غرور ناحق سے ہے باغبان کا کسو کو دی سیر کی اجازت

گلون مین رنگ ثبات کب ہی بہار ہی آج کل خزان ہی

سرای فانی مین ہم مسافر جو آج آتی ہین جائینگی کل

جو دیکھو بس ایک شب کا تفرقہ اس آنی جانیکی درمیان ہے

سوے عدم سب ہین جانیوالی قرار صفدر نہین کسیکو

یہ وہ مکان ہی کہ اس مکان مین جو میزبان ہی وہ میہمان ہے

٢٢٧

خط نکلنی پر نہ عاشق کوئی جانان مین رہے
فصل گل تھی جبتلک بلبل گلستان مین رہے

اوس لب جانبخش کا بوسہ نپایا ایک شب
مثل اسکندر تلاش آبحیوان مین رہے

یا خدا قسمت رسا ہو اس دل صد چاک کی
شانہ بنکر یار کی زلف پریشان مین رہے

ایک عالم کشتۂ تیغ ادای یار تھا
روز ہنگامی نئی شہر خموشان مین رہے

تمنی آنکھین بند کرلین گر حیائی وصل مین
کند وہ شوخی حیا کی اب چشم غزلان مین رہے

عمر بھر اوس سی کبھی فرقت کبھی وصلت ہوئی
ہم کبھی دوزخ سے کبھی گلزار رضوان مین رہے

حال مذہب آپکا صفدر نہ کچھ ظاہر ہوا
ایک مدت صحبت گبر و مسلمان مین رہے

اوقات عیش و غم مین یون ہی بسر کرینگی	۳۲۸	کاٹین گی رات رو کر ہنسکر سحر کرینگی
آنکھون کی گردشین وہ سبکو دکہا رہی ہین		روشن ہوا ادہر کی دنیا اودہر کرینگی
آنکھونکا نور آنسو کہو مینگی رفتہ رفتہ		یہ طفل ناخلف ہین برباد گہر کرینگی
دنیا کی چار حد مین قبلہ نما کی صورت		ہوگا جدہر وہ ابرو ہم رخ ادہر کرینگی
کیونکر چھپائین عصیان ہمراہ دو ملک ہین		جاسوس ہین یہ اوسکی اوسکو خبر کرینگی
مہمان سرا ہی دنیا ہم لوگ ہین مسافر		دو چار روز رہکر آخر سفر کرینگی

اک عمر ہمنی صفدر کعبی مین کی عبادت
اب بتکدی مین جاکر چندی بسر کرینگی

نہین آگاہ آنکھین وہ کہان ہی	۳۲۹	نظر مین ہی ظفر سی پر نہان ہی

تمنائی خنجر قاتل ہو کیونکر — دہان زخم بسمل بی زبان ہے
موحد کو ہے یکسان دیر و مسجد — صدا ناقوس کی بانگ اذان ہے
نزاکت مین وہ ایسی ہین یگانہ — کہ اونپہ ناز کی اپنی گران ہے
چمن مین طائر رنگ چمن ہین — کہ ہر غنچہ ہمارا آشیان ہے
یہ رنگ بی ثباتی ہی جہان مین — کہ ہے گلزار پامال خزان ہے

گرون سجدی نہ کیونکر جہک کی صفدر
مرا کعبہ وہ سنگ آستان ہے

۳۳۰

محل عبرت ای غافل تماشاگاہ ہستی ہی — دہن سو ٹکڑی ہوتا ہی کلی جس وقت ہنستی ہی
مین وہ میخوار تہا ساقی کہ اب تک میری تربت پہ — گھٹا مستانہ آتی ہی مے گلگون برستی ہی
نہین بعد فنا بہی حسرت دیدار سی راحت — لحد مین لاش میری روح جنت مین ترستی ہی
چہکا دی مے سی ای ساقی پلا دی خم کی خم مجکو — کہ عالم نوجوانی کا ہی وقت جوش مستی ہی

عدم کو چل تو آنکھیں بند کرکی کچھ نہین کہنا کا
بہت ہموار رستہ ہی بلندی ہی نہ پستی ہی

متاع حسن کی قیمت ہے دل لون یا نہ لون یار
خرد کہتی ہی مہنگی عشق کہتا ہی کہ سستی ہی

تصور سی بچایا ہر دل صفدر نکر ویران
اری او بیوفا ظالم یہ ارمانونکی بستی ہی

٢٢١

کب کبھی ہمنی نظارے گلشن ایجاد کی
پر نہ نکلی تھی کہ آئی دام مین صیاد کی

کیا بیان ہون ہمسی نہ افلاک کی بیداد کی
ہین یہ نو سفاک شاگرد اوس ستم ایجاد کی

کوہ پر فرہاد بیابان دشت مین مجنون جرس
کارخانی ہین یہ عشق خانمان برباد کی

آمد آمد اونکی ہی پر آج تک آتی نہین
غلغلی مدت سی سنتی ہین مبارکباد کی

روح کو وقت شہادت کیا مزہ حاصل ہوا
گرد پھرتی ہی جو تیغ و بازوی جلاد کی

ہمنی عبرت سی کہا ایوان کسری دیکھکر
رہنی والی کیا ہوی اس خانہ برباد کی

قدر جانان کی نہ الفت جائیگی مرنی کی بعد

قبر صفدر بہی بنی گی سایے مین شمشاد کی

نہین پروا کشیدہ ہی اگر شمشیر گردن سے	۲۲۲	مری قاتل نی مجکو مار ڈالا ترچہی چتون سے
نہ بتخانی کا ہون رہنی والا ہی نہ کعبی کا		شناسائی ہی جیسی شیخ سی ویسی برہمن سے
مری قاصد نی جب مجکو دیا خط یار کا لاکر		مین سمجہا بوی گل باد صبا لائی ہی گلشن سے
چمن مین اوس مسی مالین لب کی مین ثنا کرتا		دہن ملتا جو غنچی سی زبان ملتی جو سوسن سے
کسی سی کب کدورت رکہتی ہین جو صاف باطن ہین		نگاہ چشم آئینہ ہی یکسان دوست دشمن سے
اسیران قفس کو چین ای صیاد کیا آئی		صدائین ہمصفیرون کی چلی آتی ہین گلشن سے

خدا جانی جہان سی حسرتین کیا لیگیا صفدر

صدای نالہ و زاری چلی آتی ہی مدفن سے

داغ ہاتہ آئی عشق خوبان سے	۲۲۳	پہول چن لائی ہم گلستان سے
خاک ہونی پہ بہی بسان غبار		جا لپٹتا ہون اوسکی دامان سے

تیری دل جدا نہین ہوتا
کتنی الفت ہی تیری پیکان سے

زلف جانان کی دیکھنی والی
کیا ڈرین طول شام ہجران سے

باغبان مجھسی تو خفا ہی عبث
لگ گیا کب اتری گلستان سے

لب جانان کو دیکھتی ہی خضر
ہاتھ دھو بیٹھی آب حیوان سے

ہای صفدر کی ناتوانی ہای
کچہ نہ بس چل سکا گریبان سے

۲۴۳ زندگی دوروزہ کب قابل اعتبار ہے
پیرہن اپنی عمر کا جامۂ مستعار ہے

سیر چمن کو جائین کیا اور فراق یار ہے
شاخ نہال گل ہمین خنجر آبدار ہے

دل کو تو مجھسی لیلیا پر رہو دیکھتی ذرا

تم اسی جانتی ہو کیا فتنہ روزگار ہے

کوئی تجھ سا نہین باغ مین دشت مین کوہسار مین

تجھکو کہین قرار بھی اے دل بیقرار ہے

بدمزگی یہ تا کجا پی لو شراب پھر ذرا

انکھین ہین پھر چڑھی ہوئی نشی کا پھر اوتار ہے

لالہ رخون کا کشتہ ہون حاجت روشنی نہین

گل جو اوگا ہے خاک پر شمع سر مزار ہے

صفدر خستہ حال کا ظاہر و باطن ایک ہی

سینہ بھی چاک چاک ہی جیب بھی تار تار ہے

کبھی ہاتھون مین منہدی ہی کبھی زلفون مین شانا ہے	۳۳۵	یہ سب اونکی بہانی ہین نہ آنا ہی نہ جانا ہے
خدا کیواسطی اے ضعف اتنا تو نہ گرانا		ابھی تو ناز اوسکی مدتون مجھکو اوٹھانا ہے

وہ رخ پر ملکی غازہ دیکھتی ہین آج آئینہ
ہوا روشن کہ اونکو آگ پانی مین لگاتا ہے

عجب یہ ربط حسن و عشق صحرا مین نظر آیا
غبار قیس لیلی کی لحد پر شامیانا ہے

عزیز احباب یہ سب گور تک جا کر پھر آئینگی
مری تابوت کی ہمراہ کیون سارا زمانا ہے

وفور سیل تجلی مار رہزن دزد غارتگر
یہ ساری آفتین ہین جسطرف قاصد روانا ہے

سنا حال دل اصغر تو وہ بولی جلیبیون سے
کہ دیوانہ سا ہی کیا اسکی باتونکا ٹھکانا ہے

۲۳۶

آمد ہماری گھر مین کسی بے لقا کی ہی
یہ شان کردگار یہ قدرت خدا کی ہی

ہر شعر مین ثنا کسی زلف رسا کی ہی
کیونکر نہو کہ اپنی طبیعت بلا کی ہی

جو دیکھتا ہی تیری تجلی کو اے صنم
بیساختہ یہ کہتا ہی قدرت خدا کی ہی

دونون طرف ہی شکر شکایت کا کچھ مقام
عادت جبھی وفا کی انہین خو جفا کی ہی

شاید کہ قافلی مین وہ یوسف نہین تھا
آواز دلخراش نہایت درا کی ہی

نادان ہی جو تمیز کری خوب و زشت مین ۔ اچھی بری مین ایک یہ خلقت خدا کی ہی

انجام کیا ہو دیکھیی صفدر رفتہ آتی تن
تکلیف ابتدا مین ہمین انتہا کی ہی

۲۳۰

دل خانقہ مین صحبت زاہد سی تنگ ہی ۔ پیر مغان سی جا کی ملین یہ ترنگ ہی
کسکی خیال رخ مین یہ کھایا ہی دل پہ داغ ۔ خوشبو ہی اسمین پھول کی لالی کا رنگ ہی
کوچی مین تم اگر نہین دیتی جگہ نہ دو ۔ ملک خدا ہی تنگ نہ یہان پاؤن لنگ ہی
دل دیکی مین حسینون سی کرتا نہین طلب ۔ اس درجہ مانگنی سی مجھی عار و ننگ ہی
گل نی برنگ غنچہ سمیٹا ہی پیرہن ۔ اس درجہ میری پنجۂ وحشت سی تنگ ہی
نازک دلون کو سخت دلون سی ہو ربط کیا ۔ شیشی کی حق مین موت ملاقات سنگ ہی

صفدر دعا بھی کرتی ہوی شرم آتی ہے
قانع ہون مانگنا مری نزدیک ننگ ہی

۲۴۸ دل ہمارا مست عشق نرگس مستانہ ہی — کیا غرض ساقی سی ہی کیا حاجت پیمانہ ہی

ہم رہینگی امتحان عشق مین ثابت قدم — ہار جانا دل کا ننگ ہمت مردانہ ہی

خط بھی لا کر دیا لیکن پڑی اغماض سی — قاصد محبوب مین بھی ناز معشوقانہ ہی

آمد آمد آج ہی کس شاہد می نوش کی — صوت آغوش ساقی وا در میخانہ ہی

کچہ عجب سامان سی ہین وہ بزم مین مسند نشین — خاصہ دان ہی عطردان ہی آئنہ ہی شانہ ہی

قمریان عاشق ہین تیری سرو بندہ ہی ترا — بلبلین تجہپر فدا ہین گل ترا دیوانہ ہی

جان دی کن حسرتون سی ہای صفدر نی یہان
اور وہان اتبک وہی اک ناز معشوقانہ ہی

۲۴۹ یوسف کی رخ مین نور تہا یا ضیا نہتی — پرتجہمین جو ادا ہی وہ اون مین ادا نہتی

پہولون مین تازگی کہ چمن مین فضا نہتی — اتنا مگر تہا عیب کہ بوی وفا نہتی

مدت ہوی اثر کا الہی نشان نہین — کیا قابل قبول ہماری دعا نہتی

تربت پہ فاتحہ کو وہ آئی زہی نصیب
آتی ہی ہمکو اونسی امید وفا تھی

یا وہ تپاک یا ہین اب ایسی کدورتین
جو ابتدا تھی آپ کی وہ انتہا تھی

چونکا کبھی نہ خواب تغافل سے کوئی بت
شاید شکست شیشۂ دل مین صدا نتھی

دنیا تھا اونکو دل تو کہین امتحان کی بعد
صفدر ترا قصور تھا اونکی خطا نتھی

٢٢٠

یہ ولولی جنون کی یہ جوش غم نہونگی
مٹ جائینگی یہ جھگڑی جس روز ہم نہونگی

ظالم ہماری دل کو پامال شوق سے کر
آزردہ تجھسی تیری سر کی قسم نہونگی

صحبت بتون کی سمجھو آفاق مین غنیمت
جنت مین یہ نہونگی دوزخ مین ہم نہونگی

گلزار ابر سبزہ معشوق جام مینا
پھر ساری عمر ایسی سامان بہم نہونگی

تصویر تیغ ابرو ہرگز نہ کہنچ سکیگی
مانی کی ہاتھ دونو جب تک قلم نہونگی

اس غمکدی مین ہمکو آنی کبھی نہ دیتی
پر چلتی وقت واقف اہل عدم نہونگی

ہین کشتۂ تغافل راحت ہی ہمکو صفدر
پھکنی دو صور محشر بیدار ہم نہونگی

۳۴۱

الفت مین لاکہ طرح کی ایذا اوٹھائیے — سر اوسکی آستان سی نہ اصلا اوٹھائیے

بیماری فراق مین مزا ہی خوب ہے — کیون رنج انتظار مسیحا اوٹھائیے

اللہ نے ہمین دل نازک عطا کیا — کیونکر بتون کی غمزۂ بیجا اوٹھائیے

شرم و حیا نثار ہین نیچی نگاہ پر — آنکھین نہ مثل نرگس شہلا اوٹھائیے

مدت سی ہم ہین طالب نظارۂ جمال — رخ سی نقاب زلف چلیپا اوٹھائیے

گر جائیے جو آپ زمین مین تو خوب ہے — احسان مرکی بھی نہ کسیکا اوٹھائیے

صفدر کمال ضعف سی طاقت نہین ہے
کیونکر بتون سی اب دل شیدا اوٹھائیے

۳۴۲

تمہین ملا ہے وہ حسن جسکا فروغ ہر شام ہر سحر ہے

خدا کی قدرت ہین دونون عارض جو یہ ہی خورشید وہ قمر ہے

اوسیکا کوچہ ہی باغ جنت اوسیکا در ہجر کا عالم

دماغ کیونکر نہ عرش پر ہو کسی آستانی پر اپنا سر ہے

روان کیا ہی مگر یہ ڈر ہی کہین نہ رستی مین کوئی ٹوکے

نہ میرا نامہ ہی وحی باری نہ طائر سدرہ نامہ بر ہے

خدانی اوسکو کیا ہی یکتا نہین ہی ثانی مین کوئی ثانی

شبیہ کھینچے گا کیا مصور نہ وہ دہن ہی نہ وہ کمر ہے

جو خوبرو زینت جہان تھی وہ سوی ملک عدم سدہارے

ہی دونون عالم کا ایک عالم جو کچہ ادہر تہا وہی ادہر ہے

عجیب راحت سی سو رہی ہین ملی ہوی کشتگان الفت

کسیکی گردن کسیکا بازو کسیکا زانو کسیکا سر ہے

نظر مین حور جنان ہی صفدر پری کو گھر بیٹھی دیکھتی ہین

تصور اپنا کہان کہان ہی خیال اپنا کدہر کدہر ہے

مری رونی کی اب کوئی حد نہین ہی ۲۴۲ کہ آنکھون پر اوس شوخ کی آستین ہی

جو مضمون ہی تصویر سے کم نہین ہی مرا خانۂ فکر نقاش چین ہی

غرض بتکدی سی نہ کعبی سی مطلب ترا آستان ہی ہماری جبین ہی

کہی کوئی جاکر یہ اوس بیخبر سے کہ مل جاو اگر دم واپسین ہی

ہی اقرار سی صاف انکار ظاہر زبان پر ہی ہان دلمین اونکی نہین ہی

نہین دیتی جنت تو دوزخ کو بھیجو ہمارا بھی آخر ٹھکانا کہین ہی

جدا بزم قاتل سے ہم گر نہ سمجھو

بدن ہی یہان جان صفدر وہین ہے

بسمل پڑی ہوی ہین جو بسمل کی سامنے ۲۴۳ اک باغ ہی کھلا ہوا قاتل کی سامنے

کعبہ بھی عرش بھی متبرک مقام ہین
پر کچھ نہین یہ دونون مری دل کی سامنے

آئی بہار پھر بھی جوش جنون ہوا
پھر اندنون مین طوق و سلاسل کی سامنے

پھولونکو ای صبا مرا کہنا سلام شوق
پر روکنا زبان کو عنادل کی سامنے

آیا قریب یا تو جاتی رہی حواس
لوٹا گیا یہ قافلہ منزل کی سامنے

حورین کھڑی ہی ہین ساغر کوثر لیی ہوی
تلوار کی تلے تری بسمل کی سامنے

صفدر بہار گلشن ہستی ہی بی ثبات
کیا کیا نہ پھول مٹ گیے گل گل کی سامنے

۲۲۵

ہستی کا طلسم کوئی دم ہے
آیا جو عدم سے پھر عدم ہے

اس عمر مین کیا تمام ہو حرص
قصہ ہے طویل رات کم ہے

یارب وہ ہماری دلکو ملجای
جتنا کہ جہان مین الم ہے

اتنا ہی دراز روز فرقت
جتنی کہ شب وصال کم ہے

ای جوشش جنون تری بدولت ۔ دنیا کا نہ آخرت کا غم ہی
ہستی سی عدم نہیں بہت دور ۔ رہرو کو یہ راہ دو قدم ہی

دیکھا ہی بتون مین اوسکا جلوہ
صفدر مجھی بتکدہ حرم ہی

۲۴۶

صدمی شب فرقت مین گذر جاتی ہین کیسے ۔ ہم موت جو مشتاق ہین مر جاتی ہین کیسے
یارب نہین ہوتی ہین بسر ہجر کی راتین ۔ اور وصل کی دن جلد گذر جاتی ہین کیسے
اقرار بھی کرتی نہین دینی کا تو کیا ذکر ۔ عاشق کا وہ دل لیکی مکر جاتی ہین کیسے
کم سن ہین ابھی ہمکو وہ کیا قتل کرینگی ۔ کشتونکا لہو دیکھکی ڈر جاتی ہین کیسے
مژگان کو یہ حسرت ہی دم اشک فشانی ۔ دامن سی مری لخت جگر جاتی ہین کیسے
تمنی کسی مارا ہے کہ ہنگامہ ہی برپا ۔ یہ لوگ ادہر اور ادہر جاتی ہین کیسے

پوچھو دل صفدر یہ ہی کیا صدمۂ جانکاہ؟

تہامی ہوی ہاتہون سی جگر جاتی ہین کیسے

پیا سی ایک نظر دیکہ لی جانی والی ۔ ۳۴۷ ۔ نیم بسمل ہین تری ناز اوٹہانی والی

شمع کا حال نہ پنہان ہی نہ پروانی کا ۔ خود بہی جلتی ہین غریبون کی جلانی والی

سب کی سنتی ہو کسی روز ہماری بہی سنو ۔ ہم بہی کچہ حال دل اپنا ہین سنانی والی

سامنی اونکی کسیکو نہین یارای سخن ۔ کیسی چپ بیٹہی ہین باتون کی بنانی والی

باغ مین آج ہی کس رشک چمن کی آمد ۔ پہول چہری کو ہین پتون مین چہپانی والی

کوئی خالی نہین دنیا کی مذمت سی کتاب ۔ کچہ تو سبہی ہوی تہی اگلی زمانی والی

فاتحہ پڑہنی کو آ تربت صفدر پہ کبہی
فتنۂ حشر کو ٹہوکر سے جگانی والی

تخت اسکندر نہ اورنگ سلیمان چاہیی ۔ ۳۴۸ ۔ بیٹہ رہنی کو زمین کوی جانان چاہیی

وصل مین ایجان آرایش کا سامان چاہیی ۔ لب پہ مسی چاہیی ہاتہی پہ افشان چاہیی

بیخبر کب تک رہیگا عاشقان زار سے
ہی مسیحا اپنی بیمارون کا درمان چاہیے

آج ساقی بیخبا ہی بزم مین جام شراب
ہاتہ آجای یہ سو دا دست گردان چاہیے

زندگی مین پیرہن ہو بعد مرنی کی کفن
جو یہان درکار ہی ہمکو وہی وہان چاہیے

آدمی حیوان کو الفت سی بنا لیتی ہین ہم
لطف صحبت ہر جگہ حاصل ہی انسان چاہیے

ہی نہین پہ منحصر صفدر قیامتمین نجات
مومنون کو اعتقاد آل و قرآن چاہیے

۳۴۹

ترا وصل ہو خواہش دل یہی ہے
محبت کا الفت کا حاصل یہی ہے

تری تیغ دیکھی تو بسمل یہ بولے
گلی سے لگانی کی قابل یہی ہے

اوسی دیکھکر مجھسی کہتا ہی یہ دل
مین بسمل ہون جسکا وہ قاتل یہی ہے

وہ کہتی ہین منہ دیکھکر آئنی مین
اگر ہی تو میرا مقابل یہی ہے

رہ جو فرقت مین گردون یہ دیکھا
یہ مین سمجھا کہ شمشیر قاتل یہی ہے

بہانہ مرا جب سر قبر پہنچا
قضا نے کہا پہلی منزل یہی ہے

کوئی غنچہ دیکھا جو گلشن مین صفدر
تو سمجھا کہ شاید مرا دل یہی ہے

۲۵۰ جفا پہ اونکی کمر بندھی ہی مگر وفا کا خیال بھی ہے
ہماری مرنیسی خوش ہوی ہین مگر وہ نہین کچہ ملال بھی ہے

وہ زخم کھای ہین تیغ غم کی کہ دل کا احوال کچہ نپوچھو
شہید بھی ہے ذبیح بھی ہی قتیل بھی ہی حلال بھی ہے

نتوڑ شیشونکو محتسب یون کہ میکدے مین ہین جمع میکش
کسیکا دل ٹوٹتا ہی ظالم تجھی کچہ اسکا خیال بھی ہے

نہ حور جنت کی یہ ادائین نہ قاف مین یہ پری کی غمزی
کہین تمہارا جواب بھی ہی کوئی تمہارا مثال بھی ہے

جو جلوہ رخسار کا دکھایا کلیم کو طور پہ غش آیا
کرم سے کیا قمر کو ملایا جمال بھی ہی جلال بھی ہے

بہار عارض سے چند روزہ غرور اتنا نہین ہی اچھا
فلک پہ ہمنی قمر کو دیکھا کمال بھی ہی زوال بھی ہے

ہزار حسرت قمتین داغ کھاؤن ہزار اندوہ غم اوٹھاؤن
کلام شکوہ زبان پہ لاؤن مری یہ صفدر مجال بھی ہے

۲۵۶

اور کوئی ڈھونڈھی جور و جفا کی واسطے — کبھی آنا د بندیکو خدا کی واسطے
ہر طرح کی لوگ ہین سرکار کی دربار مین — مجھ گدا کو بھی لگا رکھیے دعا کی واسطے
حیف ہی مطلق نہ پاس آشنائی ہووے سے — سب سی بیگانی ہوی جس آشنا کی واسطے
کسطرح کعبی کو آئین شیخ بتخانی سی ہم — پاؤن پہ گرگری دین جب بت خدا کی واسطے
زخم سینی کی نہ سی جرح گھبرای گا دل — رہنی دی باقی کوئی روزن ہوا کی واسطے

ای توانگر دی کی محتاجون کو زاد راہ لی ۔۔۔ چاہیی کچھ خرچ بازار جزا کی واسطی

چاہیی ہر وقت ای صفدر خیال مصطفی
دل محبت کو زبان پائی ثنا کی واسطی

۲۵۲

تری ہاتھ مین آرسی یارب ہی ۔۔۔ کسی کی یہ چشم تماشا طلب ہی
تری ہر ادا ہی قضا بہر عاشق ۔۔۔ تکلم ستم ہی تبسم غضب ہی
قمر کسکو کہتی ہین خورشید کیا ہی ۔۔۔ ہمین تو تصور ترا روز و شب ہی
مجھی بیخودی نی کیا سب سی فارغ ۔۔۔ نہ عیش و طرب ہی نہ رنج و تعب ہی
وہ بت طالب وصل ہی ہمسی واللہ ۔۔۔ یہ فضل خدا ہی یہ تائید رب ہی
اوس آئینہ رخ پہ تل کو تو دیکھو ۔۔۔ یہ زنگی بچہ بادشاہ حلب ہی

جو آتا ہی ہین وہ کہتی ہین صفدر
ادب سی خموشی یہان مہر لب ہی

٣٥٣ سردی کی ہے عشق سر کی | کیا بات مری دل و جگر کی

ہلتی ہوی شاخ گل جو دیکھی | یاد آئی لچک کسی کمر کی

یہ خون ہوا وہ خاک جلکر | یہ دل کی خبر ہی وہ جگر کی

دو بوسے لیے تو وہ یہ جھیپے | چار آنکھ نہ ہمسی عمر بھر کی

طول شب ہجر ہی قیامت | امید نہین ہمین سحر کی

کھینچین گی نہ پاؤن سی کوئی خاک | کھاتی ہین قسم جنون کی سر کی

صفدر نہو خشک باغ الفت
جاری رہی نہر چشم تر کی

٣٥٤ وہ نفرت سی تیوری چڑہا گئے | مگر داغ دل ہم دکہا ہی گئے

کہین ضعف سی ہم نہ آئی گئے | مگر ناز تیری اوٹہا ہی گئے

گئی میری گہر سے مگر اسطرح | کہ نقش قدم بھی مٹا ہی گئے

مدد اسکو کہتی ہین تقدیر کی
یہین رو ٹہسا کیا وہ منا ہی گئے

بہت ہاتہ کانون پہ رکہی مگر
ہم احوال اونکو سنا ہی گئے

نہ آئی کبہی شرم سی اغیا بانہ
وہ نہین کچہ لگا ئی چہپا ہی گئے

سنا ہی یہ ہمنی کہ صفدر کی شعر
زبانون سے حورون کی گا ہی گئے

۳۵۵
عاشقون سی تو ہین غفلت کبہی ایسی تو نہ تہے
انکی سوتی ہوئی قسمت کبہی ایسی تو نہ تہے

بولی وہ ناز سی ٹہکرا کی مری میت کو
میری غافل تجہی غفلت کبہی ایسی تو نہ تہے

ابتو سایی سی بہی اپنی وہ جہجک جاتا ہے
تیری دیوانی کو وحشت کبہی ایسی تو نہ تہے

غائبانہ نہین کچہ سامنی خاطر سب کچہ
تمکو نہ دیکہی کی الفت کبہی ایسی تو نہ تہے

برق و سیماب سی بہی بڑہ کی تڑپ ہے ابتو
دل بیتاب کی حالت کبہی ایسی تو نہ تہے

صاف کہتی ہو نہ مین آونگا مٹی دینی
خاکسارون سی کدورت کبہی ایسی تو نہ تہے

ابتو بی دیکھی کسیکی نہین صفدر کو قرار
پیار کی چاہ کی صورت کبھی ایسی تو نہ تھی

۲۵۶

فغان ہی آہ ہی نالہ ہی بیقراری ہے | فراق یار مین حالت عجب ہماری ہے
نئی طرح کی ہی پیدایش دلِ نالان | صدا ہی رعد کی بجلی کی بیقراری ہے
وہ بت گیا تو گیا کوہ غم گرا تو گرا | ہر ایک حال مین شکر جناب باری ہے
کیا ہی وصل کی وعدی نی اور بھی بیچین | ترقیون پہ مری دل کی بیقراری ہے
جفا کی طرز تمہین یاد ہی وفا کی ہمین | چلو وہ چال تمہاری ہی یہ ہماری ہے
کلیم کر چکی غش طور جل چکا ہو خیمہ | کہ سامنا ہی وہی اور ہماری باری ہے

شبیہ یار تصور سی آگئی دل مین
عمل سی شیشی مین صفدر پری اوتاری ہے

۲۵۷

لگا دی ہی جھڑی ساون کی اپنی اشکباری نی | دکھا دی ہی چمک بجلی کی دل کی بیقراری نی

چمن میں دھوم ہی گلگشت گلشن کو وہ آئینگی
خبر دی ہی یہ ہمسکو قاصد باد بہاری نے

عجب شان خدا ہی اوس بت کافر کو رحم آیا
کیا پتھر کا دل پانی ہماری آہ و زاری نے

ہماری آبرو کیا ہو حسینوں کی نگاہوں میں
ملایا خاک میں ہمسکو ہماری خاکساری نے

تڑپ کر جان دی کس آرزو سی پای قاتل پر
کیا کیا خاتمہ بالخیر میرا بیقراری نے

خوشا تقدیر اوسنی اشک پونچھی اپنی دامن سی
ہمیں کیا آبرو بخشی ہماری اشکباری نے

وہ آئی ہی گئی بھی اور نہ کچھ کہنی دیا صفدر
وفور اشکباری نی کمال بیقراری نے

۳۵۸

وہ میری پہلو سی گھر سدھاری ادھر کی دنیا ادھر ہوی ہے
قیامت آئی ہی یاالہی یہ آج کیسی سحر ہوی ہے

مریض الفت کی روح تن سی روانہ پچھلی پہر ہوی ہے
تمام آفاق میں ہی شہرہ تمہیں بھی اسکی خبر ہوی ہے

تجھی ہی معلوم حنا کہ زاہد کہ عاشقی مین کیسی لذت ہے

یہ پوچھ مجھسی کہ عمر میری اسیمین ساری بسر ہوئی ہے

نہین طبیعت مین اب وہ گرمی نہین وہ آنکھون مین طرز شوخی

ہمین یہ ثابت ہوا مقرر کسیکی تمکو نظر ہوئی ہے

خدا نی ایسا جمال روشن کیا ہی دس مہر کو عنایت

جو روی تابان سے زلف اوٹھی تو شام کو بھی سحر ہوئی ہے

کبھی جو در تک مین اونکی پہنچا تو مجکو دربان نی دی یہ تسکین

بلا بنینگے وہ ضرور تمکو ذرا تو ٹھہرو خبر ہوئی ہے

نیا ہی پیری مین یہ تکلف کہ لوگ صحبت سی بھاگتی ہین

برہنہ شمشیر بن گئی ہم خمیدہ جب سی کمر ہوئی ہے

نصیب دیکھو کہ ایک دن بھی مزاج اونکا نہ ہمسی بدلا

اگرچہ سو بار سے زیادہ ادھر کی دنیا ادھر ہوی ہی
گذر گئی جب شب جوانی تو کیا رہا لطف شعرخوانی
زبان ہی بند اپنی صفدر خموش شمع سحر ہوی ہے

٢٧٩

ہوای گیسو و رخسار یار باقی ہے — اگر یہ گردش لیل و نہار باقی ہے
ہنوز اوگتی ہی جا کے مزار سی نرگس — کہ ہمکو حسرت دیدار یار باقی ہے
ابھی تمام نکر دور جام ای ساقی — کہ بزم مین کوئی امیدوار باقی ہے
مزار کو بھی وہ ٹھوکر لگا کی چلتی ہین — مری طرف سی جو دلمین غبار باقی ہے
بتونکو دیکھ چکی اب رہو کعبی مین — ذرا سی عمر جو بہر ورد گار باقی ہے
عدم کو جانی کی سامان ہو چکی ہین سب — یہ دیر ہے کہ ترا انتظار باقی ہے

فقط ہماری ہی صورت بدل گئی صفدر
وہی زمانہ وہی روزگار باقی ہے

۳۶۰

کر گئی اندھیر بےپروائی آپکی
چار دن کی چاندنی تھی آشنائی آپکی

کیا مضمون کیا کچھ مزے لوٹی نگاہ شوق نے
ہٹ گئی جسوقت سینی سی دولائی آپکی

سادی سادی منہ کیون ہین صاف کہدو جانمن
کسنی ملکر منہ سی مسی چھڑائی آپکی

آمد فصل خزان ہی رخصت فصل بہار
